یہ لوح جو آپ کی نظر کر رہا ہوں ہر فرد کے اپنے ستارے سے منسوب ہے اور ستارہ وادی کی چال پر یہ تیار کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کا ستارہ شمس ہے تو اسم اعظم یاحی یاقیوم اور شمس کا موکل یاروفیائیل لوح پر کندہ کریں اور اسم اعظم یاحی یاقیوم 174 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اسی طرح جس کا جو ستارہ ہو اس ستارے کا اسم اعظم اور موکل کندہ ہوگا۔ آپ کی آسانی کیلئے ہر ستارے کا اسم اعظم اسکا موکل اور تعداد ورد اسم اعظم کی جدول پیش کر رہا ہوں۔ جو خوش نصیب بھی اپنے ستارے کے حالت شرف واوج یا نظر تثلیث میں تیار کر کے اپنے پاس رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز دن بدن بدنصیبی کے اندھیرے ختم ہونگے اور اس کے نصیب ایسے کھلیں گے کہ انسانی عقل حیران ہو جائے گی۔ بدنصیبی سے یہ لوح جو آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں عدد 4، 5 اور 6 کو کام نہیں دے گی۔ یعنی جس شخص کے نام کا مفرد عدد 4،5 اور 6 ہوگا تو یہ لوح اُس شخص کو فائدہ نہیں دے گی۔

لوح تیار کرنے سے پہلے اپنا برج اور ستارہ معلوم کریں اور اپنے ستارے کے شرف واوج یا نظر تثلیث یعنی سعد وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ تمام ستاروں کے شرف واوج و نظرات کے اوقات آپ کو امامیہ جنتری سے مل جائیں گے۔ اس چیز کا سخت خیال رکھیں کہ بحالت نجاست اس لوح کو اپنے پاس نہ رکھیں اور نہ ہی باتھ روم میں لے کر جائیں۔ کیونکہ یہ لوح با موکل تیار کی جاتی ہے۔ میں نے کافی افراد کو یہ لوح تیار کر کے دیں ہیں جن میں کچھ افراد اپنی تھوڑی سی غفلت کی وجہ سے یہ لوح گم کر بیٹھے ہیں یعنی نہ جانے آنکھوں کے سامنے سے کہاں گئی۔ جو بھی مومن یا مومنہ اس کو اپنے استعمال میں لائے تو اُوپر والی ہدایت پر سختی سے عمل کرے۔ ستارہ زہرہ، عطارد، شمس و مریخ کا شرف و اوج ہر سال آتے ہیں اور شرف قمر ہر ماہ آتا ہے۔ جن افراد کا یہ ستارہ ہے تو وہ با آسانی سے یہ لوح تیار کر سکتے ہیں۔ مگر ستارہ زحل کو 30 سال بعد اور ستارہ مشتری کو 13 سال بعد شرف واوج حاصل ہوتا ہے۔ اس وجہ سے جس شخص کا ستارہ زحل ہو تو وہ شمس زحل تثلیث میں تیار کر سکتے ہیں۔ اور جس شخص کا ستارہ مشتری ہو تو وہ قران السعدین یا زہرہ مشتری تثلیث میں تیار کر سکتے ہیں۔ جس ستارے کی لوح تیار کریں تو اسی ستارے کے شرف اور اسی ستارے کی ساعت میں تیار کرتے وقت رجال الغیب کا سخت خیال رکھیں وہ آپ کے پس پشت کی جانب ہونا چاہیے۔ جس ستارے کی لوح تیار کریں اسی ستارے کا اسم اعظم پڑھ کر لوح پر دم کریں لوح میں چھوٹے ہندسے نقش کی چال کو ظاہر کر رہے ہیں کندہ کرتے وقت ہرگز نہ لکھیں۔ میں نے آپ کی سہولت کیلئے سب واضح کر دیا ہے۔ تاکہ آپ کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ لوح تیار کرنے کے بعد منسوبہ اسم اعظم کو بحالت پاکیزہ روزانہ اپنے ورد میں رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز دن بدن کاروبار میں ترقی و ترقی ملازمت اور تسخیر رزق ہوتی جائے گی۔ وہ بچیاں جن کی شادی میں مسائل درپیش ہیں ان کیلئے یہ لوح اکسیر اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔ اگر مضمون کی کوئی چیز سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے سے وضاحت مفت طلب کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قولہ الحق

جدول یہ ہے

ستارہ	اسمائے الحسنیٰ	تعداد ورد	نام موکل
زحل	یافتاح یارزاق	۷۹۷ مرتبہ	کسفیائیل
شمس	یاحی یاقیوم	۱۷۴ مرتبہ	روفیائیل
قمر	یارحمن یارحیم	۵۵۶ مرتبہ	شمعائیل
مریخ	یامالک یاقدوس	۲۶۱ مرتبہ	سمسائیل
عطارد	یاعلی یاعظیم	۱۱۳۰ مرتبہ	لوائیل
مشتری	یاکبیر یامتعال	۴۷۳ مرتبہ	صرفیائیل
زہرہ	یاکافی یاغنی	۱۱۶۱ مرتبہ	میکائیل

E-mail: zabbas693@gmail.com، ظہیر عباس، مکان نمبر H-13، 127 سیکٹر، ماڈل کالونی ملیر کراچی

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ

تحریر عابد حسن علوی (کراچی)
+92 331-9128133
+92 333-3300913

محترم قارئین کرام! سورۃ توحید کی آیات مبارکہ قل ھو اللہ احد کے عنوان سے کچھ سطور لے کر حاضر خدمت ہوا ہوں جو کہ اس سے پہلے کسی کتاب میں میسر نہ آئی ہونگی۔ اول اصول دین توحید ہے اور موضوع توحید پر نازل ہونے والی سب سے محکم اور جامع مفہوم لئے سورۃ، سورۃ اخلاص ہے جس میں بسم اللہ سمیت پانچ آیات مبارکہ ہیں۔ قل ھو اللہ احد میں قل کے بعد اللہ ہے جو کُنتُ کنزاً مخفیہ کی منزل پر عالم ھویت ہے جسے اس نے خود پوشیدہ کہا کہ جہاں تک زبان کی رسائی ممکن نہیں تو جس شے کو انسان جانتا ہو اس کا اقرار و انکار برابر ہیں تو پھر ماننے کے لئے ضروری ہے کہ اس کا علم ہو۔

ظاہر	باطن	اعداد
ا	ل ف	110
ل	ا	41
ل	ام	41
ہ	ا	1

زمان + مکان + توانائی میں، اس سے باہر مشاہدہ کا تصور نہیں۔ لہٰذا جس توحید پر ایمان کے لئے کہا گیا وہ مقام مخفی + مقام ظہور ہے۔ مقام ظہور کا مشاہدہ ممکن ہے جو کہ ساری حد آخر ہے۔

اسمِ اَللّٰہ اللہ کی تمام صفات کا جامع ہے۔

اسماء کا جب تک خارج میں وجود نہ ہوگا تب تک ان کا ظہور ممکن نہیں لہٰذا یہ اسم بھی مظہر چاہتا ہے۔ اسم اللہ کا مظہر ہی مظہر کل اور مظہر تامہ کہلائے گا جو بلحاظ جامعیتِ کمالات اسم جامع اللہ سے مناسبت رکھتا ہے۔

ظاہر	باطن	اعداد
ا	ل ف	110
ح	ا	1
و	ا ل	31

الاّ علیؑ

لہٰذا اسم اللہ جب باطنی لحاظ سے دیکھا گیا تو عَلِیٌ اِلٰہًا حاصل ہوا۔ لہٰذا قل ھو اللہ احد میں اسم اللہ کے فوراً بعد جو اسم آیا وہ احد ہے۔ ہفتہ کے سات دن چہاردہ معصومینؑ سے نسبت رکھتے ہیں۔ جمعہ امام زمانہؑ سے، ہفتہ رسول اللہ سے اور اتوار مولائے کائنات مولا علیؑ سے اور عربی میں اتوار کو احد کہتے ہیں۔ اسم احد کو جب ہم نے باطنی لحاظ سے دیکھا تو الاَعلیٰ حاصل ہوا۔

لہٰذا ولایت اقتدار و تصرف کلی اور مطلقاً ظہور وحدت کا نام ہے۔ اسم احد مظہر اسم اللہ اور سرکار علیؑ کی ولایت پر مدلل ہے چنانچہ سورۃ التوحید میں قل ھو اللہ احد کے فوراً بعد اسم احد واضح کر رہا ہے کہ اللہ نے علیؑ کو اپنی معرفت تامہ کیلئے تکمیل معرفت کے آخری درجہ پر ظاہر فرمایا۔ کیونکہ علتِ ظہور ہی معرفت تھی جس کی سند اسم اللہ اور اسم اللہ کے باطن سے بھی ملی لہٰذا فیض الوہیت مخلوق تک پہنچانے کے لئے یہ ہی مظہر اکمل فوق المخلوق تحت الخالق یہ ہی مظہر کامل و حقی جامع یہ ہی مظہر ذات، یہ ہی مظہر صفات، یہ ہی مظہر افعال، یہ ہی حقائق وجوبیہ کا جامع اور یہ ہی حقائق امکانیہ کا مالک ہے۔ سلسلۂ وجوبیہ کے تمام مراتب پر محیط یہ ہی برزخ کبریٰ ہے۔ بحرِ وجوب اور دریائے امکان کے درمیان یہ ہی وہ راز ہے جو تمام انبیاء و اوصیاء پر ظاہر کیا گیا۔ اسی پر ایمان لانے کے لئے کہا گیا اسی کو ولایت مطلقہ ذات علیؑ بلسان شرع میں امام اور یہ ہی قل ھو اللہ احد کا راز ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

۴۳۴		۴۳۸
	یا حنضرائیل	
۴۳۹		۴۳۵

عزمت علیکم یا حنضرائیل
بحق ق المص حم کھیعص
ن بارک اللہ فیکم و علیکم

خاتم سورۃ الاخلاص خاتم سورۃ الاخلاص پُر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ تمام حروف سورۃ توحید کو بسط حرفی کریں اور پھر ملفوظی کریں۔ ملفوظی کرنے کے بعد ان کے اعداد ابجد قمری سے استخراج کریں جو 2858 ہیں اب اس کے حروف بنائیں جو " ح، ن، ض، ر " ہیں آگے کلمہ ائیل کا اضافہ کیا تو موکل حنضرائیل بنا۔ خاتم کے چاروں کونوں پر جو اعداد ہیں ان کا قاعدہ یہ ہے کہ پوری سورۃ التوحید ۴۷ حروف پر مبنی ہیں جن میں ۳۶ حروف نورانی

ہیں اور گیارہ دیگر ہیں۔ نورانی حروف کے اعداد ابجد قمری سے لیں جو ۸۷۲ بنے۔ اب خاتم کے چاروں کونوں پر نقش یا بُدُّوحُ ۲۲x کے قاعدے سے پر کریں۔ **فوائد:** یہ خاتم ہر ستارے کے اوج و شرف، مثلثیث و تدریس، قرآن السعدین میں بنایا جاسکتا ہے۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ اعمال ونقوش میں کسی قسم کا اثر نہیں انہیں دعوت عام ہے اور جو عاملین ہیں جستجو میں کہ ہے خوب سے خوب تر کہاں ان کے لئے علم کے کئی باب کھول دیئے ہیں۔ فراخی رزق، تسخیر خلائق اور حصول روزگار خواہ کسی بھی قسم کا مسئلہ ہو اس خاتم سے کام لے کر رفع ہوسکتا ہے کیونکہ حامل خاتم ایک غیبی وروحانی حصار میں آجاتا ہے اگر با طہارت صوم وصلوٰۃ کا پابند ہے تو تمام کام منجانب اللہ ہوتے رہتے ہیں۔ عاملین حضرات سے گزارش ہے کہ نااہل کو ہرگز نہ بنا کر دیں۔ مضمون کا کوئی جز سمجھ نہ آیا ہو تو وضاحت لی جاسکتی ہے۔

اہم: ۲۵ ذی الحجہ سے ۱۸ محرم الحرام تک میں کربلا معلی میں ہوتا ہوں اور ۲ جمادی الاول تا ۱۰ جمادی الثانی (ایام فاطمیہ) ایران میں ہوتا ہوں۔ اس دوران مجھ سے رابطہ نہیں کیا جاسکے گا۔ (عابد حسین علوی)

سورۂ قریش اور سورۂ کافرون کے فوائد

محمد علی کمیلی 0332-6996581
چک نمبر 3/42 تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ

قارئین کرام السلام علیکم! میری ہر سال کوشش ہوتی ہے کہ قارئین امامیہ جنتری کے لیے اچھے سے اچھے آسان اور با فہم عمل تحریر کروں جس سے مومنین ومومنات فائدہ حسب منشاء حاصل کرسکیں۔

سورۂ قریش کے فوائد اگر سواری نہ ملتی ہو تو سفر کی مشکلات آسان ہو، گاڑی خراب ہوگئی ہو، موبائل، موٹر، فریج یا کوئی مشین خراب ہو یا کہیں دشواری ہو تو سورۃ الحمد ایک مرتبہ، سورۃ اخلاص 3 مرتبہ اور سورۃ قریش 101 مرتبہ پڑھیں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ حاملہ خاتون صبح وشام اسی طرح پڑھے تو اس کی ڈلیوری آسان ہوگی۔ گھر کے راشن پر پڑھنے سے بے حد برکت ہوگی کبھی کمی نہ ہوگی ہمیشہ کے لیے بیماریاں ومشکلات پریشانیاں ختم ہوجائینگی زندگی میں سکون وچین، برکت وعافیت نصیب ہوگی۔ ہمیشہ صبح وشام اس طرح اس تسبیح کا ورد کرنے سے کامیابی مقدر بن جائینگی۔ جو شخص کھانے کے بعد ایک مرتبہ پڑھے گا کھانا بیماری نہیں بنے گا بلکہ بیماریاں دور ہوجائینگی۔ دو مرتبہ پڑھنے سے رزق ہمیشہ ملتا رہے گا۔ جو اسکو تین مرتبہ پڑھے گا اسکی نسلوں سے کبھی رزق ختم نہ ہوگا اسکی اجازت عام ہے۔

سورۂ کافرون کا عمل 1001 مرتبہ خود پڑھنا ہے اور روغن زیتون پر دم کریں۔ یہ بہت بڑا عمل ہے بہت بڑی تاثیر ہے دنیاوی لذتیں چھوٹ جاتی ہیں۔ یہ ایسی سورۃ ہے جو شیطانیت ختم کردیتی ہے اس عمل سے پتھر پگھل جاتے ہیں۔ لاعلاج امراض اور نافرمانوں کے لیے پانی، شہد اور روغن زیتون پر 1001 مرتبہ سات نصاب سے پڑھیں مریض کو چند قطرے اس تیل / روغن سے مالش کریں تو برکتوں کے دروازے کھل جائینگے گھریلو جھگڑے، رنجشیں ختم ہوجائینگی۔ موسیقی سے پرہیز کریں رزق حلال اور صدق مقال کا لازمی خیال رکھیں۔ نیز بذریعہ سورۃ الحمد ودعائے کمیل امراض کی صحت یابی، شوگر کا علاج مفت۔

عمل حاجت روائی اَلْوَدُوْدُ

تحریر
راجہ اعجاز حسین (کراچی)
Mob:0321-2542434
0345-2887962

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! دعا ہے کہ اللہ پاک محترم مقبلہ آغا افتخار حسین صاحب کو تندرستی اور سلامتی عطاء فرمائے اور بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم والہیہ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔ (آمین) قارئین اللہ تعالیٰ کے صفاتی اسمائے حسنہ میں سے ایک اسم مبارک اَلْوَدُوْدُ کا عمل قارئین کی خدمت میں لے کر حاضر ہوا ہوں۔ اللہ تعالیٰ خود قرآن حکیم میں ارشاد فرماتا ہے۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (سورۃ اعراف، آیت: 180) **ترجمہ:** اچھے اچھے نام خدا ہی کے لیے مخصوص ہیں۔ تم اسے انہی ناموں سے پکارو۔ پھر فرمایا:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (سورۃ احزاب، آیت: 41-42)

ترجمہ: اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرو اور اس کی تسبیح صبح و شام کیا کرو۔ اسمائے حسنہ کی تعداد مخصوص نہیں البتہ ان میں مقبول ترین وہ اسمائے حسنہ ہیں جن کا ذکر اللہ پاک نے قرآن حکیم میں خود کیا ہے۔ اسم وَدُوْدٌ قرآن حکیم کی سورۃ ہود کی آیت نمبر 90 میں نازل ہوا ہے (اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ) سورۃ ہود آیت نمبر 90۔ اس مبارک اسم حسنہ کا ایک مجرب المجرب عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ حب و تسخیر کے لیے لاجواب ہے۔ جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں نقش تیار کریں یا پھر چاندی کے پترے پر کندہ کریں جو خود تیار نہ کر سکے وہ کسی صاحب علم مومن یا مومنہ سے تیار کروا لے اور نقش کو سامنے رکھ کر بتائے ہوئے درج ذیل طریقے اور تعداد کے مطابق ورد کریں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

1۔ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ کو بسط حروفی کریں۔

ا۔ن۔ر۔ب۔ی۔ر۔ح۔ی۔م۔و۔د۔و۔د

2۔ اب ان حروف کو تکلیس کریں یعنی جو حروف دو بار یا سہ بار آئے ان کو کاٹ دیں۔ تکلیس کے بعد جو حروف برآمد ہوئے وہ یہ ہیں۔

ا۔ن۔ر۔ب۔ی۔ح۔م۔و۔د

3۔ اب ان حروف سے عمل تیار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ میں سے ہر حروف کا اسم اعظم لیں۔

ا سے اَللّٰهُ۔ ن سے نَافِعُ۔ ر سے رَئُوفُ۔ ب سے بَدِیْعُ۔ ی سے یَسِیْرُ۔ ح سے حَقُّ۔ م سے مُبِیْنُ۔ و سے وَاسِعُ۔ د سے دَیَّانُ۔

نمبر شمار	ورد	تعداد
1	یَا اَللّٰهُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	66 بار
2	یَا نَافِعُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	201 بار
3	یَا رَئُوفُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	286 بار
4	یَا بَدِیْعُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	86 بار
5	یَا یَسِیْرُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	280 بار
6	یَا حَقُّ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	108 بار
7	یَا مُبِیْنُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	102 بار
8	یَا وَاسِعُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	137 بار
9	یَا دَیَّانُ بِحَقِّ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	65 بار

شمکائیل ٧٨٦ شفقیائیل
نقطلشائیل لوبیائیل
٧٨٦ ٧٨٦
٧٨٦ ٧٨٦
رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ وَّدُوْدٌ

فروا بتول بنت فاطمہ کا سخر مہربان کر یا رحیما رحم کر علی حسنین بن کلثوم کو
صرف میاں بیوی کے لیے

فوائد عمل: تسخیر زوجین، تسخیر اولاد، تسخیر افسران

نوٹ نقش کے نیچے اپنا نام معہ والدہ اور مقصد ضرور لکھیں۔ میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی کوئی بات سمجھ نہ آئے تو فون پر وضاحت طلب کریں۔

فضیلت و اسرار و رموز سورۃ الفاتحہ (سورۃ الحمد)

زیب النساء خواجہ
مغل حویلی موچی گیٹ لاہور
0304-9105975

السلام علیکم! یا علیؑ مدد۔ آپ سب کی خیریت کے لیے دعا گو ہوں خصوصاً آغا افتخار حسین صاحب اور میرے بہت ہی شفیق و محترم استاد آغا حسنین احمد صاحب کے لیے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انکو صحت و سلامتی کے ساتھ عمر خضر عطا فرمائے اور انکی نیک توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ آمین!

آج میں آپکی خدمت میں سورۃ الفاتحہ کے چند اسرار و رموز اور فضائل بیان کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہوں، گر قبول افتد زہے عز و شرف!

"فاتحہ" کے لغوی معنی فاتحہ کے لغوی معنی ہیں فتح کرنے والی یعنی (کھولنے والی) ابتداء، آغاز

سورۃ الفاتحہ کے دیگر اسماء

❂ سورۃ الحمد ❂ سورۃ شفا (سورۃ شافیہ) ❂ سورۃ کافیہ ❂ سورۃ واقیہ ❂ سورۃ الکنز ❂ سورۃ الدعا ❂ سورۃ المناجات ❂ سورۃ الصلوٰۃ ❂ سورۃ السوال ❂ سورۃ رقیہ ❂ سورۃ تعلیم المسلہ ❂ سورۃ التفویض ❂ ام الکتاب ❂ نور الکتاب ❂ فاتحۃ القرآن ❂ سبع المثانی

احادیث میں اس سورۃ کا نام "فاتح الکتاب" ہے جس کا مخفف "فاتحہ" ہے فاتحہ کے معنی ایسی چیز کے ہیں جس سے شروع کیا جائے چونکہ قرآن مجید کا آغاز اسی سورۃ سے ہوتا ہے اس لیے اسے "فاتحہ" کہا گیا ہے۔ ترتیب نزول کے لحاظ سے صرف سورۃ علق کی پہلی پانچ آیات اس سے قبل نازل ہوئیں۔ یہ مکی سورۃ ہے۔ مدینہ میں بھی نماز کے لیے نازل ہوئی۔

اسرار و رموز اور فضیلت سورۃ الفاتحہ

☆ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سورۃ الحمد سے بہتر کوئی سورۃ قرآن میں نہیں۔ ☆ سورۃ الحمد کی تلاوت بارگاہ ایزدی میں دعا و مناجات ہے۔

☆ یہ سورۃ موت کے سوا ہر مرض کے لیے شفا ہے۔ ☆ روایت میں ہے کہ مریض کی عیادت کے وقت اسکا دایاں ہاتھ پکڑ کر سورۃ الحمد کو سات (7) مرتبہ پڑھنا موجب شفا ہے ☆ جب کوئی شخص بیمار ہو تو چینی کی پلیٹ پر سورۃ الحمد زعفران سے لکھ کر دھو کر اسے پلائی جائے تو وہ بہت جلد اچھا ہو جائے گا۔ ☆ اگر کوئی شخص سورۃ الحمد کو طلوع آفتاب سے پہلے لکھ کر پاس رکھے تو جس ظالم کے پاس جائے گا وہ مہربان ہو جائے گا۔ ☆ معاشی تنگی نہ ہوگی، رزق غیب سے ملے گا نیز عزیز خلائق ہوگا۔ اسکو کوئی مشکل پیش نہ آئے گی، فتوحات غیب سے ہونگی، جملہ خلائق مسخر ہونگی۔ یہی وجہ ہے کہ اسے "فاتحہ" یعنی فتح کرنے والی کہا جاتا ہے۔

☆ اس سورۃ کو تین (3) مرتبہ خلوص دل سے پڑھنا دو قرآن ختم کرنے کا ثواب ہے۔ ☆ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ اگر مردہ پر ستر (70) مرتبہ سورۃ الحمد پڑھی جائے اور اسکی روح پلٹ آئے تو تعجب نہیں کرنا چاہیے۔

☆ سورۃ الحمد کی سات آیات ہیں اور یہ ہر نماز میں دو مرتبہ پڑھی جاتی ہے اس لیے اسے "سبع المثانی" بھی کہا جاتا ہے یعنی "دو مرتبہ سات" 14=7+7 (یہ چودہ معصومینؑ کی طرف ایک لطیف اشارہ ہے) 5=4+1=14 پانچ سے مراد پنجتن پاکؑ ہیں۔ سات غازی عباسؑ کے نام کا مفرد عدد ہے اور یہ عدد اللہ تعالیٰ کے نزدیک کیا اہمیت رکھتا ہے اسکی چند مثالیں پیش خدمت ہیں۔

سات زمین، سات آسمان، ماں کی کوکھ کے سات پردے، جنت و جہنم کے سات درجات، قوس قزح کے سات رنگ، ہفتے کے سات دن، نظام شمسی کے سات سیارے، قرآن کریم میں سات سلام، اور لفظ "یقین" کے سات نقطے۔ غرضیکہ اگر صرف عدد سات کے بارے میں لکھنے لگیں تو اسکے لیے ایک علیحدہ مضمون درکار ہے۔ آئمہ اطہارؑ کے اسماء گرامی میں سے اگر مشترک لیے جائے تو تین محمدؑ اور چار علیؑ 7=4+3 سورۃ الفاتحہ کے 140 حروف ہیں (14 معصومینؑ)۔ سورۃ الفاتحہ کی کوئی آیت ناسخ و منسوخ نہیں ہے۔

☆ کتاب منتخب التواریخ میں ہے کہ حضرت امام محمد تقیؑ نے فرمایا کہ سورۃ الحمد میں یہ سات حروف (ث، ج، خ، ز، ش، ظ، اور ف) نہیں ہیں۔ جن سے مراد علی الترتیب ثبور، جحیم، خباثت (خبیث)، زقوم، شقاوت، ظلمت اور فرقت ہے لہذا جو شخص صدق دل سے اور خشوع و خضوع سے اس سورۃ کی تلاوت کرے گا تو اللہ تعالیٰ درج بالا آلائشوں سے اسکو محفوظ رکھے گا اور اس پر دوزخ کی آگ حرام ہو جائے گی (اور یہی حکم 14، 12، 5 کی مودت رکھنے والوں کے لیے بھی احادیث سے ثابت ہے)۔ علامہ عرفان حیدر شہید فرمایا کرتے تھے کہ سورۃ الحمد محمدؐ و آل محمدؐ کی دعا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بوجہ قربت اپنا کلام قرار دیا ہے۔ "ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور

تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں صراط مستقیم پر قائم رکھ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے اپنی نعمتیں نازل فرمائیں نہ کہ انکا راستہ جو مغضوب اور گمراہ ہیں" میری ناقص رائے کے مطابق یہ دعا ہم ماننے والوں کو تعلیم دی گئی ہے کہ دعا کیسے مانگی جائے۔ سب سے پہلے حمد باری تعالیٰ ہے پھر اسماء الحسنیٰ ہیں اسکے مالک ہونے کا اقرار ہے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ

پھر اپنی عبودیت اور عاجزی کا اظہار ہے اور دعا ہے کہ ہمیں صراط مستقیم

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ

دکھا تا رہ (محمدؐ و آل محمدؐ) کا راستہ جن پر تو نے اپنی نعمتیں نازل کیں

الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

نہ کہ تو جن پر غضب ناک ہوا اور نہ گمراہوں کا پتا چلا کہ اللہ کی عبادت اور اسکی مدد کے بغیر صراط مستقیم کی طرف ہدایت نہیں ملتی نہ انسان اس پر قائم رہ سکتا ہے اور یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ "ہمیں قرآن کافی ہے" کہنے والے ہمیشہ گمراہ ہوئے۔ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جب تک قرآن و عترت کا دامن تھامے رہو گے کبھی گمراہ نہیں ہو گے کیونکہ وارثان قرآن اہلبیتؑ ہیں اور انہوں نے ہی ہمیں قرآن کی تعلیم دی ہے اور اسکی تاویل کا علم بھی صرف انہی کے پاس ہے۔

دعا ہے کہ خدائے رحمن و رحیم ہم سب کو قرآن کریم پڑھنے اسے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں محمدؐ و آل محمدؐ کے راستے پر ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین یارب العالمین بحق آل یٰسینؑ

سورۃ الفاتحہ کا عمل حلال مشکلات

اگر کوئی شخص کسی امر یا مہم میں پریشان ہو یا دوران سفر حادثات، ڈاکوؤں، چوروں، رہزنوں، درندوں وغیرہ سے محفوظ رہنا چاہے تو اپنے مقصد کی نیت سے سورۃ الحمد پڑھنا شروع کرے آیت ایاک نعبد و ایاک نستعین کو 100 مرتبہ تکرار کر کے سورۃ مکمل کرے۔

ان شاء اللہ ہر قسم کی پریشانی دور ہوگی۔ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو مشکل کشائی کا کام دے گا۔ مریض کو زعفران سے لکھ کر دھو کر پلانا ہر درد اور بیماری کے لیے موجب شفا ہے۔

نقش مکرم سورہ فاتحہ

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

عمل برائے توفیق حج: معتبر روایات میں آئمہ اطہار علیہم السلام سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص بلاناغہ (سورۃ نبأ پارہ نمبر ۳۰) کی تلاوت کو اپنا معمول بنالے تو اسے اسی سال حج بیت اللہ نصیب ہوگا۔ ☆ کتاب صفوۃ الاخبار میں ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی خواہشمند اور مشتاق ہو وہ نئے کپڑے پہن کر پانی سے ایک ظرف پر کر کے 30 مرتبہ اس پر سورۂ قدر پڑھے پھر اس پانی میں سے کچھ مقدار خود پئے اور کچھ کپڑوں پر چھڑک لے بعد ازاں چار رکعت نماز دو دو کر کے بجالائے تو اس عمل کے سبب سے اسکو حج و عمرہ نصیب ہوگا۔ ☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص ایک ہی نشست میں 1000 مرتبہ درج ذیل کلمات کہے تو اسے اسی سال حج نصیب ہوگا اگر اس سال حج سے مشرف نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے دنیا سے اس وقت تک نہ اٹھائیگا جب تک اسے حج نصیب نہ ہو مجرب ہے۔ ☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر کوئی برائے توفیق حج، وسعت رزق اور حصول مال و متاع ایک ہی نشست میں 1000 مرتبہ درج ذیل کلمات پڑھے گا تو اسکا دامن ثمرات مراد سے بھر جائے گا اور اسے اسی سال حج نصیب ہوگا۔ ☆ بعض عاملین نے کہا اگر کوئی اس وظیفے کو حج کرنے کی نیت سے ہر شب جمعہ ایک 110 پڑھے گا تو اسے حج نصیب ہوگا۔ تجربہ شدہ ہے اور کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اللہ جو چاہے نہیں کوئی طاقت اور نہیں کوئی قوت سوائے اللہ کے

خصوصی نوٹ

درود تاج کے فضائل

سیدہ زہرا بتول کاظمی
0341-4574062
0321-7843062
(صرف خواتین رابطہ کریں)

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! تمام قارئین کے لئے دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے ہر بیماری، مصیبت، غم، پریشانی، دکھ، درد سے محفوظ رکھے۔ اولاد پر والدین کا سایہ قائم رکھے اور جو بے اولاد ہیں ان کو اولاد کی نعمت عطا فرمائے۔ (آمین) قارئین کی خدمت میں درود تاج کے چند مجرب اعمال پیش کر رہی ہوں۔ درود شریف اپنی ترتیب اور الفاظ سے ان گنت ہیں مگر بعض درود شریف اپنی فضیلت اور خصوصیات کے لحاظ سے بہت موثر اور اہم ہیں۔ چند درود شریف ایسے ہیں جنہیں بہت شہرت حاصل ہے اور جن کے اندر بے شمار اسرار مخفی موجود ہیں جن کا ورد کرنا دینی و دنیاوی حاجات کے لئے نفع بخش ہے۔ ان میں سے درود تاج ایک ایسا درود پاک ہے جس میں بے پناہ فیوض و برکات موجود ہیں۔ یہ درود پاک عاشقان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محبوب وظیفہ ہے اور بے شمار صوفیاء کرام اور اولیاء اللہ نے یہ درود پاک کثرت سے پڑھا ہے۔

☆ **حصول رزق** اتوار کے روز نقش بنا کر گلے میں ڈالیں اور ہر روز 7 مرتبہ درود پاک اپنے ورد میں رکھیں۔ ان شاء اللہ ترقی رزق اور دست غیب کے اسباب پیدا ہوں گے۔ ☆ **شفائے امراض** اتوار کے روز نقش لکھ کر 7 یوم تک مریض کو پلائیں اور ہر روز 3 بار درود پاک پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ ان شاء اللہ آفاقہ ہوگا۔

اور 7 عدد کھجور لے کر ہر ایک کھجور پر ایک بار میاں بیوی نے کھانی ہے اور نقش کا پانی 7 یوم نعمت حاصل ہوگی۔ اگر ایک ماہ میں کامیابی

☆ **جادو سحر کیلئے** اتوار کے روز 7 بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ ان شاء

شفقیائیل ۷۸۶ شمکائیل

۱۰۲۰۲	۱۰۲۰۵	۱۰۲۰۸	۱۰۱۹۵
۱۰۲۰۷	۱۰۱۹۶	۱۰۲۰۱	۱۰۲۰۶
۱۰۱۹۷	۱۰۲۱۰	۱۰۲۰۳	۱۰۲۰۰
۱۰۲۰۴	۱۰۱۹۹	۱۰۱۹۸	۱۰۲۰۹

لوبیائیل نفطاشائیل

صورت زہرا بنت غلام سکینہ کو شفائے امراض ہو

حصول اولاد اتوار کے روز نقش تیار کریں درود پاک کا ورد کر لیں۔ بعد ورد کے کھجور دونوں تک مسلسل پینا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نہ ہو تو یہ عمل دوسرے اور تیسرے ماہ بھی کریں۔ روز نقش لکھ کر مریض کو 7 یوم تک پانی پلائیں اور ہر اللہ جادو سحر کے اثرات کا جلد خاتمہ ہو کر آفاقہ ہو گا۔

☆ حصول شادی کیلئے: اتوار کے روز نقش بنا کر بازو میں باندھیں اور 21 یوم تک مسلسل ہر روز 5 بار درود پاک پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا کریں۔ ان شاء اللہ بہت جلد نیک رشتے کے اسباب پیدا ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَ الْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَ الْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَ الْاَلَمِ ط اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَرْفُوْعٌ مَشْفُوْعٌ مَنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَ الْقَلَمِ ط سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ط جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُعَطَّرٌ مُطَهَّرٌ مُنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَ الْحَرَمِ ط شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی كَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ط جَمِیْلِ الشِّیَمِ ط شَفِیْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ وَ الْكَرَمِ ط وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَ جِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَ الْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَ الْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ وَ قَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَ الْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَ الْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السّٰلِكِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَاءِ وَالْغُرَبَاءِ وَالْمَسٰكِیْنِ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَ رَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلَانَا وَ مَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ط یٰۤاَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

کل اعداد 40810 نفی 30 = 40780 تقسیم 4 = 10195 باقی کوئی نہیں بچا تو کسر کوئی نہیں ہوگی۔

نقش کے نیچے اپنا نام بمعہ والدہ اور مقصد ضرور لکھیں جو بھی مومن ان اعمال سے استفادہ کرے وہ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم اور اہلیہ مرحومہ اور آغا افتخار صاحب کی اہلیہ مرحومہ کے لئے ایک بار سورۃ فاتحہ اور ایک بار درود پاک پڑھ کر دعائے مغفرت کرے۔ شکریہ

سیدہ زہرا بتول کاظمی محلہ احمد آباد، وارڈ نمبر 24، گلی نمبر 5 سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب

انور علی
لکھ درودی
0310-7078787

ایک دن کی نمازوں کے حروف اور انکی نیکیاں

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! میری طرف سے آپ سب کو سال نو مبارک ہو۔ خصوصاً آغا نثار احمد مرحوم و اہلیہ مرحومہ کو پہلے کی طرح اس مرتبہ پھر ایک لاکھ درود پاک، پورے رمضان کے روزوں کا ثواب اور پورے ختم قرآن کا ثواب 12 مرتبہ حدیث کساء 12 مرتبہ دعائے توسل، 12 مرتبہ دعائے وارثہ، 12 مرتبہ فاتحہ اور چاروں قل 12-12 مرتبہ کا ثواب ہدیہ ہو۔ جنہوں نے ضالین کو صراط مستقیم پر لگایا ہے۔ 2019 میں صرف واجب نمازوں کا ثواب درج تھا اب واجب، سنت اور نفل نمازوں کا ثواب درج ذیل ہے کیونکہ (سنت اور نفل) یہ بھی نماز ہے انکا ثواب بھی لینا چاہیے تب ہمارا نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا۔ باری تعالیٰ فرماتا ہے (پارہ 8 سورۃ الاعراف) ترجمہ پھر جن کے نیکیوں کے پلے بھاری ہونگے تو بھی کامیاب ہونگے۔ ہمیں نیکیوں کا پلہ بھاری کرنا ہے تو سنت اور نفل پڑھنا ہونگے۔ ورنہ؟ اور تھوڑا سا نماز جائزہ پیش خدمت ہے۔

سورۃ ذکر نماز	تفصیلات	حروف	مرتبہ	ٹوٹل حروف	ایک حرف کے بدلے 10 نیکیاں	ٹوٹل نیکیاں
تکبیرۃ الاحرام	اَللّٰہُ اَکْبَرُ	X 08	=270	X 2160	= 10	21600
تسمیہ	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ	X 19	= 67	X 1273	= 10	12730
سورۃ الفاتحہ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ	X122	= 41	X 5002	= 10	50020
سورۃ القدر	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ	X110	= 13	X 1430	= 10	14300
اخلاص	قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	X 47	= 13	X 611	= 10	6110
دعا قنوت	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا	X 61	= 13	X 793	= 10	7930
درود	اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ	X 21	=170	X 3570	= 10	35700
ذکر رکوع	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ	X 20	= 41	X 820	= 10	8200
ذکر قرار	سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَهٗ	X 14	= 41	X 574	= 10	5740
ذکر سجود	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِهٖ	X 20	= 82	X 1640	= 10	16400
ذکر استراحت	اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ	X 22	= 41	X 902	= 10	9020
سجدے سے اٹھتے وقت	بِحَوْلِ اللّٰہِ وَ قُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ	X 22	= 27	X 594	= 10	5940
تشہد	اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ	X 52	= 21	X 1092	= 10	10920
سلام	اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ	X 93	= 13	X 1209	= 10	12090
	ٹوٹل میزان	*	=*	21670	= 10	216700

نماز اللہ کی طرف سے چہاردہ معصومینؑ نے پڑھ کر دکھائی ہے وہ قبولیت نماز کا وسیلہ ہیں۔ نماز اللہ اور بندے کے درمیان سیدھا راستہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں، میرے نزدیک بھیگ کر گڑ گڑا کر آنا اور میرے نزدیک امامؑ ہیں ان کا واسطہ دے کر آنا (جاندار) چیز پانی کے بغیر ایک لمحہ بھی زندہ نہیں رہ سکتی۔ جناب والا چہاردہ معصومینؑ کی محبت و مودت کے بغیر کوئی چیز زندہ نہیں رہ سکتی تو پھر اس کے لیے دنیا اور آخرت کہاں رہی۔ میرے بھائی اگر دنیا اور آخرت میں بھلائی چاہتے ہو تو (نماز، چہاردہ معصومینؑ) کے ساتھ مؤدت کرنا ہوگی۔ ورنہ بیکار آنے اور بیکار چلے گئے۔

نماز فرما رہی ہے! اِدھر دنیا میں میرے بغیر کسی کا گزارا نہیں ہے۔ اُدھر آخرت میں میرے بغیر کسی کا چھٹکارا نہیں ہے

جو شخص مجھے اِدھر دنیا میں اپنائے گا اس کے لیے راحت بنوں گی اور اُدھر آخرت میں اس کے لیے شفاعت بنوں گی

فرمان الٰہی! اور میری یاد کے لیے نماز قائم کرو (9 سورۂ توبہ 71) فرمان رسالتؐ! نماز خدا کی پہچان ہے (کنز العمال 7/279)

نماز اہم ترین عمل دین اسلام ہے یہی وجہ ہے کہ اگر نماز درگاہ الٰہی میں قبول ہو جائے تو باقی اعمال بھی قبول ہیں۔ اگر نماز قبول نہیں ہے تو کوئی عمل قبول نہیں ہے۔ مسلمان پر لازم ہے کہ نماز کو ہر کام پر اہمیت دیں۔ فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو شخص نماز کو اہمیت نہیں دیتا وہ عذاب آخرت کا سزاوار ہے۔

آخر میں آغا افتخار حسین صاحب کی اہلیہ مرحومہ کو بھی ایک لاکھ درود پاک، 100 مرتبہ سورۂ فاتحہ 100 مرتبہ سورۂ قدر 100 مرتبہ قل شریف ہدیہ ہوا اور آپ سے بھی فاتحہ کی اپیل کرتا ہوں۔ **نوٹ** لکھ درودی فی سبیل اللہ جس مومن مسلمان کو چاہیے جوابی لفافہ بھیج کر لے سکتا ہے۔ مولوی انور علی لکھ درودی

بمقام و ڈاکخانہ خاص قائم بھراونہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ 0310-7078787

نمازِ حاجت (صلوٰۃ المضطر)

☆اس نماز کے پڑھنے سے ایسی جگہ سے اسباب مہیا ہوتے ہیں کہ جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔

پہلی رکعت یہ نماز دو دو رکعت کر کے پڑھی جاتی ہے۔

نیت کے بعد تکبیر کہہ کر سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ مومن کی یہ درج ذیل آیت پڑھے۔ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ

☆رکوع و سجود بجالانے کے بعد دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو۔

دوسری رکعت سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ انبیاء کی یہ درج ذیل دو آیتیں پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۖ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ ۙ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَکَذٰلِکَ نُـنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ○

☆اس کے بعد رکوع و سجود بجالا کر تشہد و سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔

پہلی رکعت نیت کے بعد تکبیر کہہ کر سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ آل عمران کی یہ آیت پڑھے۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

☆اس کے بعد رکوع و سجود بجالا کر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو۔

دوسری رکعت سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ یہ درج ذیل ذکر پڑھے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

☆رکوع و سجود کے بعد تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔

اس کے بعد پچیس مرتبہ صلوٰۃ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجات طلب کرے

نماز کُنْ فَیَکُوْن

اگر کسی کا اہم ترین کام یا مشکل ہو بیماری یا تنگدستی ہو۔ شب جمعہ کو غسل کرے اور خلوص کامل کے ساتھ اس عمل کو انجام دے۔

طریقہ عمل ۴ رکعت نماز (۲،۲) رکعت کر کے ادا کرے۔

پہلی رکعت میں الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ (المومن ۴۴)

دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ۱۰۰ مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ؕ پڑھ کر نماز مکمل کرے۔ (الصف ۱۳)

پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے۔ اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ (الشوریٰ ۵۳)

دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا پڑھ کر نماز مکمل کریں

کسی سے کلام کیے بغیر ۱۰۰ مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ سجدے سے سر اُٹھانے سے پہلے اس کی حاجت پوری ہو جائیگی۔ انشاء اللہ

علامہ سید حسن عسکری النقوی (مشہد ایران) 0300 8104565 0098 9153106265

عمل نادِ علیؑ صغیر با موکل

سید مرتضیٰ حسین
(نادعلی باموکل) کراچی
0301-2845261,0316-2245861

خدائے واحدہٗ لاشریک نے رحمت العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کل کائنات کے نبی پیغمبر آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی فرمائی اور نادعلی نازل ہوئی۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر مقصد میں کامیابی اور ہر جائز امور میں کامیابی، دعا کے قبول ہونے، ہر رنج و غم اور تکلیف میں کامیابی کے لیے بتایا اور مدینۃ العلم باب الحوائج امام اولیا ید اللہ لسان اللہ عین اللہ مظہر العجائب حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ سے فی سبیل اللہ مدد طلب کریں ان شاء اللہ ہر جائز امور میں کامیابی عطا ہوگی۔

نادعلیؑ صغیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ
فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ
بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ
وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

نادعلیؑ کے فوائد

ہر جائز امور میں کامیابی اور دعا کے قبول ہونے کے لیے

110 مرتبہ نادعلیؑ - 110 مرتبہ یَا قَاهِرَ الْعُدُوِّ وَ یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ یَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِیّ

ہر بیماری سے صحت یابی کے لیے

110 مرتبہ نادعلیؑ - 70 سورۂ الحمد (سورۂ فاتحہ)

حافظہ کی زیادتی اور ذہن کی تقویت کے لیے

110 مرتبہ نادعلیؑ - 21 مرتبہ سورۂ اخلاص۔

70 مرتبہ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

گمشدہ چیز یا آدمی کے لیے

110 مرتبہ نادعلیؑ

70 مرتبہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ بِحَقِّ اجْمَعْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ بِحَقِّ (گمشدہ چیز کا نام لیں)

[illegible]

یا جبرائیل بحق یا علیؑ ۷۸۹ ۱۱۰

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

یا اسرافیل بحق یا علیؑ

یا میکائیل بحق یا علیؑ — یا عزرائیل بحق یا علیؑ

دنیاوی مقصد پورے ہونے اور لوگوں کے درمیان عزیز و محترم ہونے اور شر سے محفوظ رہنے کے لیے

110 مرتبہ نادعلیؑ - 110 مرتبہ یَا کَرِیْمُ یَا رَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ

قرض ادا ہونے اور دولت کے حصول کے لیے

110 مرتبہ نادعلیؑ - 70 مرتبہ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیْ

ہر عمل کے لیے ضروری ہے جمعرات سے شروع کریں اول و آخر 14-14 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور بعد نماز عشاء پڑھیں - 2 رکعت نماز رسولؐ خدا اور حضرت علیؑ کی خدمت میں ہدیہ کریں ہر جمعرات نذر رسولؐ اور نذر حضرت علیؑ کریں - 3 دن ایک پاؤ گائے کا گوشت اپنا صدقہ کریں - ہر عمل 41 دن کا ہے سمجھ میں نہ آئے تو فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

نوٹ 10 سال سے کم عمر بچوں کو حاضرات ہوتے ہیں جس میں خانہ کعبہ روضہ حضرت علیؑ روضہ امام حسینؑ اور مقدس مقامات کی زیارات ہوتی ہیں اور موکلان نادعلیؑ سے ملاقات ہوتی ہے **فون کے اوقات دوپہر 2 بجے سے رات 10 بجے**

وسعت رزق کیلئے جب بھی گھر میں داخل ہوں گھر والوں پر اس طرح سلام کریں۔ (سَلَامٌ عَلَيْكُمْ) اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو (اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ) اس کے بعد سورۂ توحید پڑھیں۔ انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد روزی کی زیادتی پر لوگ تعجب کریں گے۔

فضیلت وخواص نادعلیؑ صغیر

سیّد مبارک حسین کاظمی
(شاہ صاحب)
R31 فیز II ڈیفنس گارڈن
ابوالحسن اصفہانی روڈ کراچی

امامیہ جنتری 2020 کے قارئین کے لیے اس مرتبہ فضیلت وخواص نادعلیؑ صغیر پیش خدمت ہیں استفادہ فرمائیں اور مجھ حقیر کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ نیز امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد (مرحوم) واہلیہ مرحومہ اور آغا افتخار صاحب کی زوجہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے سورۂ فاتحہ تلاوت فرمائیں اور پسماندگان کو پروردگار صحت تندرستی کے ساتھ ساتھ کاروبار میں ترقی واضافہ فرمائے آمین!

نادعلیؑ صغیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ
فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِیْ
بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ
وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ

نادعلیؑ مشہور اور مقبول دعا ہے ہر مصیبت اس سے دور ہوتی ہے ہزاروں سینکڑوں برس سے عالم وعامل فیض پا رہے ہیں۔ نادعلیؑ کے حیرت انگیز عجیب وغریب خواص ہیں۔ نادعلیؑ کی بڑی قدر ومنزلت ہے بزرگان دین اور ماہر روحانیت پڑھتے ہیں اور اپنی حاجتیں اور مرادیں حاصل کرتے ہیں۔ پروردگار سب حاجتمندوں کی دعائیں قبول فرمائے۔ آمین!

❁ اگر کوئی شخص بیمار ہو جائے تو ہر روز 10 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر دم کرنے سے لاعلاج مرض دور ہو جاتے ہیں۔ ❁ مریض کو جب بھی پانی پلایا جائے تو اس پر ایک مرتبہ نادعلیؑ دم کر کے دیا جائے۔ ان شاءاللہ جلد شفا ملے گی۔ ❁ اگر کوئی شخص دشمنوں میں پھنس جائے اور بچاؤ کا کوئی راستہ نہ ہو تو اسکو چاہیے کہ 7 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر ان کی طرف دم کرے تو کچھ نقصان نہیں پہنچے گا ❁ عزت وشوکت کے حصول کے لیے ہر روز 10 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ لیا کریں ❁ اگر کسی شخص سے افسر، حاکم ناراض ہو جائے تو اسکو چاہیے حاکم، افسر کے روبرو، سامنے جاکر 3 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے ان شاءاللہ وہ افسر مہربانی سے پیش آئے گا۔

❁ اگر کوئی شخص حصول دولت کی خواہش رکھتا ہو تو اسکو چاہیے ہر روز صبح کے وقت 12 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ لیا کرے وہ جلد ہی غنی اور بے نیاز ہو جائے گا ❁ قیدی اگر اپنی رہائی کے لیے روزانہ 160 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ لیا کرے تو رہائی ضرور ہوگی۔ ❁ اگر کوئی شخص گھر سے باہر جاتے وقت ایک مرتبہ نادعلیؑ پڑھے گا جس کام کی خواہش کریگا تو وہ اپنے کام میں کامیابی حاصل کریگا۔ ایک مرتبہ نادعلیؑ پڑھ لیں۔ ❁ بد لوگوں کی زبان بندی کے لیے روزانہ 10 مرتبہ نادعلیؑ پڑھنے سے کامیابی حاصل ہو جائیگی۔ ❁ بدمزاج خاوند کی اصلاح کے لیے روزانہ 99 مرتبہ نادعلیؑ پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو ان شاءاللہ راہ راست پر آجائے گا۔ ❁ اگر کوئی شخص بیمار ہو جائے اور طبیب اسکے علاج سے عاجز آجائے تو بارش کے پانی پر ان کلمات کو 18 روز پڑھ کر دم کریں اور پانی مریض کو پلائیں فوراً شفایاب ہوگا۔ ❁ اگر کسی شخص کو کسی جگہ ایلچی بنا کر بھیجا جائے تو 3 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر اسکے کان میں پھونکے تو اسکا پیغام قبول ہوگا۔ ❁ اگر کسی شخص پر اسکا بزرگ یا حاکم غضب ناک ہو جائے تو اسکو چاہیے 71 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے اور 3 مرتبہ آہستہ آہستہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس شخص کا غصہ دور ہو جائے گا اور وہ اس پر مہربان ہو جائیگا ❁ اگر کوئی شخص جمعہ کے دن پہلی ساعت میں 12 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے گا تو جس سے بات بھی کریگا وہ اسکا دوست بن جائے گا۔ ❁ دشمنوں پر غلبے کے لیے ہر روز 17 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے گا تو دشمنوں پر فتح پائیگا۔

نقش نادعلیؑ

۷۸۶
یاجبرائیلؑ بحق یاعلیؑ ۱۱۰

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

یااسرافیلؑ بحق یاعلیؑ

یامیکائیلؑ بحق یاعلیؑ

یاعزرائیلؑ بحق یاعلیؑ

روزانہ 18 مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں تو دشمنوں اور مخالفوں کی زبان بند ہو جائیگی۔ قید کی رہائی کے لیے سات دن روزانہ 16 مرتبہ ناد علیؑ پڑھا کرے قید سے رہائی ملے گی۔ یہ چاہے کہ بخت واقبال کے دروازے اس پر کھل جائیں تو اس نیت سے 50 مرتبہ ناد علیؑ پڑھتا رہے تو اسکی مرادیں پوری ہونگی۔ مشکلیں دور کرنے کے لیے 15 مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں تو تمام مشکلات دور ہوں گی۔

حصول علم کے لیے 20 دن تک ظہر کی نماز کے بعد 17 مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں علم وحکمت کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

دشمن کے شر ومکر وحیلہ سے بچنے کے لیے روزانہ 100 مرتبہ ناد علیؑ پڑھا کریں دشمنوں کے شر سے بفضل خدا محفوظ اور امان میں رہیں گے۔

نماز عصر کے بعد روزانہ 25 مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے والا شخص ہرگز بیمار نہ ہوگا۔ ہر روز نماز مغرب کے بعد 28 مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے جسم کی تمام بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ جو شخص روزانہ صبح 18 مرتبہ ناد علیؑ پڑھے گا اسکا مرتبہ بلند ہوگا۔ رفع تنگی معاش اور حل مشکلات کے لیے 40 روز تک 70 مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں۔ مجرب ہے

لوگوں میں اختلاف ودشمنی کے خاتمے کے لیے 20 روز تک روزانہ 30 مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے عداوت ختم ہوگی۔ حضرت امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مشکل کام کے لیے صدق دل سے ناد علیؑ کو پڑھے گا تو اسکا مقصد پورا ہوگا۔

تخریب کاری وخودکش حملوں سے بچاؤ کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

ترجمہ اے اللہ ہم تجھے اپنے دشمنوں کے مقابلہ میں ڈھال بناتے ہیں اور آپ کے ذریعہ اُن کے شر وشرارتوں سے پناہ چاہتے ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ○

ترجمہ ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ اچھا کارساز وکیل ہے اے ہمیشہ زندہ رہنے والے تیری رحمت کے ذریعہ فریاد رسی چاہتا ہوں

بس بازار، مسجد، امام بارگاہ میں ورد کرتے رہیں۔

نقش اسم اعظم نورانی

زوار ریاض حسین جعفری 0300-5036347
کنیال ریسٹ ہاؤس نزد کیبل کریانہ مرچنٹ تحصیل وضلع ... 0333-5765851

بے حد درود وسلام محمدؐ وآل محمدؐ پر۔ حمد وثنا اس رب کائنات کے لیے جو ہر چیز پر قادر ہے قارئین کرام السلام علیکم! قارئین کے لیے ایک مجرب نقش اسم اعظم نورانی لیکر حاضر ہوا ہوں۔ یہ نقش اپنی مثال آپ ہے اور میرا آزمودہ ہے جو میں فیض کے لیے عام کر رہا ہوں تاکہ اس نقش سے آپ فیضیاب ہوں اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھیں۔ یہ نقش چاندی یا گولڈن تختی پر تیار کیا جائے گا کسی بھی ستارے کی نیک ساعت میں لکھ کر گلے یا بازو میں ڈالیں جو لوگ تیار نہ کر سکیں وہ کرشمہ روحانیت سے منگوا سکتے ہیں

فوائد آدمی، عورت یا بچہ گھر سے بھاگ جائے یا گم ہو جائے اس واپس لانے کے لیے نقش کو گرم درخت کے ساتھ باندھیں ... متحرک ہو ان شاء اللہ ضرور واپس گھر آجائے گا یہ قسم کے آسیب جادو دفع کرنے کے لیے نقش کو گلے میں ڈالیں لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو گلے میں ڈالیں کسی عورت کی اولاد نہ ہو تو گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ اولاد ہوگی اس نقش مبارک کو جو پاس رکھے سے ہر کام میں فتح ہوگی تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رکھتا ہے بیگم اور شوہر کے مزاج میں نرمی پیدا ہو جائے گی گلے یا بازو پر باندھیں اگر کوئی قید میں ہوگا تو قیدی کو قید سے رہائی ملے گی اگر رزق کی بندش ہوگی تو کھل جائے گی اگر کسی کو دل میں تکلیف ہوگی تو شفا ملے گی ان شاء اللہ۔ آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بیگم وآغا نثار احمد بانیان امامیہ جنتری کی مغفرت فرمائے اور آغا افتخار حسین صاحب کو صحت وسلامتی کے ساتھ درازی عمر عطا فرمائے اور ان کی اہلیہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت و
محمدؐ اللہ اللہ اللہ
یا قیوم یا حی
محمدؐ وھاب
الھادی اللہ
ودود محمدؐ حسن
استغیث برحمتک
علیؑ اللہ اللہ فاطمہؑ
لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

قرآن کریم سے مسائل کا حل

تحریر
سید حیدر شاہ شیرازی
0344-2420784

محترم ناشر و انتظامیہ امامیہ جنتری السلام علیکم کے بعد دعا ہے کہ مالک کائنات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و اہلبیت کے صدقے آپکو عزت و سربلندی عطا کرے اور آپکی توفیقات میں اضافہ فرمائے تاکہ آپ اسی طرح خدمت خلق سرانجام دیتے رہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام انسانیت کی ہدایت کے واسطے نازل فرمایا اور یہ تا قیامت تمام انسانوں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کسی اور مذہب سے تمام کے لیے باعث ہدایت ہے آج کل بہت سے جعلی عاملوں نے لوگوں کو بلند و بالا دعوے کر کے دھوکہ دے رکھا ہے جس وجہ سے لوگ عدم اعتماد کا شکار ہیں۔ مگر قرآن پاک پر ہر انسان کو پورا اعتماد ہے۔ ہمارے بزرگان نے پشتوں سے ہمیں جو علم سکھایا وہ قرآن سے استفادہ ہے حالانکہ بہت سے لوگ قرآن سے عملیات بتاتے ہیں مگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی اسکی اصل وجہ علم الاعداد کو ملحوظ نہ کرنا ہے۔ ہم پورے سال قرآنی آیات کو علم الاعداد سے ملحوظ کر کے مختلف کاموں کے واسطے آزماتے ہیں جس میں کامیابی ہو صرف اس کو فلاح انسانیت کے لیے شائع کرواتے ہیں۔

محافظت و غلبہ دشمن کے واسطے

سورہ طٰہٰ آیت نمبر 68 قُلْنَا لَا تَخَفْ سے الْأَعْلَىٰ تک ق+ی 2=0+1+1 110 =100+10 مفرد کے حساب سے اس آیت کو صبح صادق کے وقت سیندور اور عرق گلاب سے دو کاغذ پر لکھیں جس دشمن پر غلبہ چاہیے اسکا نام مع والدہ لکھ کر پاس رکھے جہاں جائے گا رعب اور تقویت رہیگی یا اسکا نام کیل پہ لکھ کر درخت میں گاڑ دے۔

غیر شرعی تعلق کے خاتمے کے لیے

سورہ احزاب آیت نمبر 35 کا آخری حصہ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ سے أَجْرًا عَظِيمًا تک و+الف =6+1 =7 اسکا مفرد عدد 7 نکلا ہے۔ لہذا اگر کوئی شخص غلط تعلق میں مبتلا ہو یا اسکے آفس کا ماحول ایسا ہو جس وجہ سے خطرہ ہو یا وہ جان بوجھ کر ایسے تعلقات رکھے تو تعلق چھڑانے کے لیے دونوں کے نام مقناطیس پر 7 مرتبہ لکھیں اور آیت کو 7 مرتبہ پڑھیں اور اسکو توڑ کر الگ الگ دفنا دیں جلدی تعلق کا خاتمہ ہوگا۔

حصول محبت و مابین صلح کے لیے

سورہ ممتحنہ آیت نمبر 7 عَسَى اللَّهُ أَنْ سے غَفُورٌ رَحِيمٌ تک ع+م 70+40=110=0=1+1=2 اسکا عدد 2 نکلا ہے اگر کوئی رشتہ نہ ہو رہا ہو یا پہلے محبت اور تعلق رہا ہو مگر اب ختم ہو چکا ہو یا والدین کی باہمی رضا مندی کے لیے حسب توفیق 2000 مرتبہ مٹھائی کے 2 دانوں پر آیت پڑھ کر کھلا دیں یا پھر کامیابی کے لیے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب ہے

ہمہ قسم بندش کے واسطے

سورہ نمل آیت نمبر 92 وَأَنْ أَتْلُوَ الْقُرْآنَ سے مِنَ الْمُنْذِرِينَ تک و+ن 6+50=56=6+5=11=1+1=2 اسکا مفرد عدد 2 نکلا ہے۔ یہ بندش کے لیے آزمودہ ہے بندش کئی قسم کی ہوتی ہے کاروباری، رشتوں کی، شادی میں رکاوٹ، اولاد کی بندش اسکے یا تو اعمار ہے یا توڑ کا عمل کریں یا پھر اس آیت کو زحل ساعت میں زعفران سے لکھ کر وزن تلے دبا دیں 21 یوم میں بندش کا خاتمہ ہوگا۔ ان شاء اللہ

کاروباری ترقی و برکت کے لیے مجرب

سورہ فاطر آیت نمبر 30 لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ سے غَفُورٌ شَكُورٌ تک ل+ 30+200=230=0+3+2=5 اگر کسی کو کاروبار میں فائدہ نہ ہو رہا ہو یا اچانک نقصان کی طرف چلا گیا ہو یا ویسے تنگی رزق ہو تو اس آیت کو پانچ الگ کاغذ پر لکھ کر وزن تلے دبا دیں ان شاء اللہ جلد ٹھیک ہوگا۔

سید حیدر شاہ شیرازی 0344-2420784

برائے نظر بد، بال لمبے گھنے، قد لمبا درج ذیل آیات مجیدہ صبح کی نماز کے بعد 11 مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لے تو اسکا قد لمبا بال گھنے اور نظر بد کے اثرات سے محفوظ رہے گا (تجربہ شدہ ہے) بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ (الفرقان: ۴۵)

فَإِذَا أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ (حج: ۵) كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ (فتح: ۲۹)

وَإِنْ يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ۝ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ۝

مجرب عمل

اکرام عباس کاظمی
علی ٹاؤن شاہ اللہ دتہ اسلام آباد
0300-[illegible]15

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں ہم اس کی حمد کرتے ہیں اور اسی سے مدد مانگتے ہیں اور اسی پر ہی ایمان رکھتے ہیں اور اس پر بھروسہ کرتے ہیں سرکار دو عالم رحمت للعالمین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔

یہ دنیا ایک مسائل کی آماجگاہ ہے برگزیدہ ہستیوں کے علاوہ جو بھی اس دنیا میں آیا مسائل اور پریشانیوں سے دوچار رہا اور ہے ہم زندگی کے کسی بھی شعبہ سے تعلق رکھتے ہوں کسی نہ کسی مسئلہ کا شکار ہو کر پریشان رہتے ہیں۔

قرآن میں کئی مقامات پر اللہ تعالیٰ نے اپنے ناموں کے ذریعے دعا مانگنے کا کہا ہے کہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمن۔ اس کے سارے پیارے نام ہیں اور امام علیؑ فرماتے ہیں اللہ کی قسم ہم اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ ہیں اللہ تعالیٰ ہماری معرفت اور شناخت کے بغیر کسی کا کوئی عمل قبول نہیں فرمائے گا (تفسیر عیاشی)۔ اور امام علی نقیؑ نے فرمایا ہم اہل بیتؑ کی محبت ہی دین کا نظام ہے ہمارے بارے میں شک کرنے والوں کے اللہ اعمال قبول نہیں کرتا اور امیر المومنین حضرت علیؑ فرماتے ہیں حاجت طلب کرنے سے پہلے درود شریف پڑھو ورنہ نہ نماز قبول ہوگی نہ دعا نہ حاجت، درود کے بغیر دعا آسمان تک نہیں جاتی آج کا عمل بھی اسی روشنی میں پیش کر رہا ہوں بہت مجرب عمل ہے اور علماء کرام نے بھی مجرب اور تیر بہدف قرار دیا یہ عمل ہر حاجت پوری کرے گا انتہائی موثر ہے جن جن حاجات کے لیے پڑھیں تو وہ حاجت ان شاء اللہ پوری ہوگی۔ عمل شب جمعہ یعنی جمعرات کی رات سے شروع کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد 500 مرتبہ درود پاک اور اسکے بعد زیارت امام حسینؑ پڑھنی ہے۔

شب	درود	تعداد
شب جمعہ	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ	500 مرتبہ
شب ہفتہ	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی امیر المُؤمنینؑ	500 مرتبہ
شب اتوار	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی فَاطِمَۃَ الزَّھْرَاؑ	500 مرتبہ
شب پیر	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحَسَنِؑ	500 مرتبہ
شب منگل	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحُسَیْنِؑ	500 مرتبہ
شب بدھ	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی علی بن الحسینؑ	500 مرتبہ
شب جمعرات	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی محمد بن علیؑ	500 مرتبہ

شب	درود	تعداد
شب جمعہ	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جعفر بن محمدؑ	500 مرتبہ
شب ہفتہ	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی موسیٰ بن جعفرؑ	500 مرتبہ
شب اتوار	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی علی بن موسیٰؑ	500 مرتبہ
شب پیر	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی محمد بن علیؑ	500 مرتبہ
شب منگل	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی علی بن محمدؑ	500 مرتبہ
شب بدھ	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحَسَنِ بن علیؑ	500 مرتبہ
شب جمعرات	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحُجَّۃِ بن الحسنؑ	500 مرتبہ
شب جمعہ	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْعَبَّاسِ الشَّھِیْدِ	500 مرتبہ

دعائے امام حسینؑ

نوٹ ہر دور کے بعد دعائے امام حسینؑ پڑھنی ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِکَلِمَاتِکَ وَمَعَاقِدِ عَرْشِکَ وَسُکَّانِ سَمٰوٰتِکَ وَاَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ اَنْ تَسْتَجِیْبَ لِیْ فَقَدْ رَھِقَنِیْ مِنْ اَمْرِیْ عُسْرٌ فَاَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا

بارگاہ لم یزل، تاثیر بے مثل

سید تجمل حسین شیرازی
(WhatsApp):0344-7654095
0300-7503638

آفات وبلیات سے نجات کے لیے

سورۃ البقرہ آیت مبارکہ نمبر 115 وللہ سے واسع علیم تک

قرآن مجید فرقان حمید میں اللہ پاک فرماتا ہے کہ میں کسی کو تکلیف نہیں دیتا بلکہ اس کے اعمال اسے تکلیف دیتے ہیں۔ اس کائنات کا باقاعدہ ضابطہ ہے جو اس کی خلاف ورزی کرتا ہے وہ مختلف آفات وبلیات کا شکار ہو جاتا ہے۔ وہ لوگ جو مختلف قسم کے نہ حل ہونے والے مسائل کا شکار ہوں انہیں چاہیے کہ سب سے پہلے کثرت سے استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ پڑھیں اور اس کے بعد مندرجہ بالا آیات مبارکہ کو 309 مرتبہ روزانہ پڑھیں، چالیس یوم کے بعد آفات وبلیات سے دائمی طور پر نجات ہو جائے گی۔

اولاد نرینہ کیلئے

سورۃ الذاریات، آیت مبارکہ نمبر 28 وبشروہ بغلام علیم

وہ افراد جو بے اولاد ہیں اور یہ خواہش رکھتے ہیں کہ اولاد نرینہ کی نعمت سے سرفراز ہوں انہیں چاہیے کہ بروز جمعۃ المبارک بوقت طلوع آفتاب کچی پنسل سے ایک کاغذ پر ابراہیم لکھیں اور اس کے چاروں اطراف مندرجہ بالا آیت مبارکہ لکھیں اور اس کاغذ کو آب زم زم میں ڈال کر رکھ دیں اور روزانہ غروب آفتاب سے کچھ منٹ قبل اس پانی میں سے تھوڑا سا پانی دونوں میاں بیوی پی لیا کریں اور آیت مبارکہ کو بوقت عصر 259 مرتبہ پڑھا کریں انشاءاللہ اولاد نرینہ پیدا ہوگی

ناجائز قابضین سے نجات کے لیے

سورۃ انفال آیت مبارکہ نمبر 17 وما رمیت سے رمی تک

اگر کسی کے پلاٹ یا گھر پر ناجائز قبضہ ہو گیا ہو اور قابض سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو چاہیے کہ مندرجہ بالا آیت مبارکہ کو قبرستان کے چورستے کی مٹی جو کہ مٹھی بھر ہو، لیکر اس پر آیت مذکورہ کو 360 مرتبہ پڑھیں اور جس جگہ پر قبضہ ہوا ہو اس کے دروازہ پر یا پلاٹ پر وہ مٹی گرا دیں تو جلد ہی قابضین وہاں سے بھاگ جائیں گے، مجرب المجرب ہے

روزگار کے حصول کے لیے

سورۃ طلاق آیت مبارکہ نمبر 3 ویرزقہ سے قدرا تک۔

اس آیت مبارکہ کو بعد از نماز فجر 60 مرتبہ مع اول و آخر درود شریف 19 مرتبہ پڑھیں اور مسلسل 70 یوم جاری رکھیں انشاء اللہ اسی دوران غیب سے رزق کے اسباب پیدا ہونگے اور اچھی ملازمت مل جائے گی یا پھر کاروبار بن جائے گا۔

تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی کے لیے

سورۃ الاعلیٰ کی آیت مبارکہ نمبر 6 سنقرئک فلا تنسیٰ

اکثر طلباء وطالبات دل لگا کر محنت کرتے ہیں مگر کمرہ امتحان میں وہ تمام تر درسی مواد جو ذہن نشین کیا ہوتا ہے بھول جاتے ہیں، اور مجموعی طور پر ناکامی سے دوچار ہوتے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ کچھ بھی ذہن نشین کرنے سے قبل 11 مرتبہ اول و آخر درود پاک کے ساتھ مندرجہ بالا آیت مبارکہ کو 5 مرتبہ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر پھونک مار کر اپنے چہرے پر پھیر لیں اور اس کے بعد درسی مواد ذہن نشین کرنے بیٹھ جائیں۔ ان شاء اللہ نمایاں کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔

امراض سے شفایابی کے لیے

سورۃ قدر یعنی انا انزلنا اس سورۃ مبارکہ کو اسناد کے ساتھ متعدد بار آزمایا گیا ہے کہ بیماری خواہ جتنی بھی شدت اور پیچیدگی اختیار کر چکی ہو چاہیے کہ نابالغ بچے جو قرآن پڑھ سکتے ہوں انہیں یہ سورۃ پڑھنے کو کہا جائے کم از کم بیس منٹ وہ لاتعداد پڑھتے رہیں۔ اس کے بعد آپ مریض کیلئے دعا کروائیں اور بچوں کو آمین کہنے کو کہیں ان شاء اللہ مریض روبہ صحت ہوگا۔ مجھے ایک درویش نے اس سورۃ کے متعلق بتایا تھا کہ مرض خواہ کینسر کا بھی کیوں نہ ہو اس سورۃ کی برکت سے شفایاب ہو جاتا ہے۔

بیرون ملک اپلائی کرنے والوں کے لیے

سورۃ اخلاص کو بروز جمعرات ساعت مشتری میں 1000 مرتبہ پڑھیں مع اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ اور بیرون ملک جانے کے لئے دعا کیا کریں تو حیرت انگیز طور پر آپ کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔ اس عمل کو مسلسل 9 ہفتے تک جاری رکھیں۔ آزمائش شرط ہے۔ ان شاء اللہ کامیابی ملے گی

جائز محبت کے حصول کے لیے

سورۃ البقرہ آیت مبارکہ نمبر 165 یحبونھم سے حبا للہ تک

روزانہ بعد از نماز عشاء مطلوب کے نام مع والدہ کے اعداد ملفوظی قمری کے مطابق آیت مبارکہ کو مع اول آخر 9 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور حصول مقصد تک جاری رکھیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی

ہر قسم کے جادو کا مکمل توڑ کرنے کے لیے

سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 81 یہ وہ آیت مبارکہ ہے کہ جب دنیا مظلومیت میں گھر چکی ہوگی اور امام زمانہ کا ظہور ہوگا تو امام یہی آیت مبارکہ تلاوت فرمائیں گے اور اس کی برکت سے باطل ہمیشہ کے لیے مٹ جائے گا۔ جو کوئی یہ چاہے کہ اس پر کیے گئے جادو کے اثرات ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں وہ اسے ہر روز بعد از نماز عصر 313 مرتبہ پڑھ کر اپنے لیے دعا کیا کرے انشاء اللہ جادوئی اثرات ختم ہو جائیں گے اور آئندہ کے لیے بھی حفاظت رہے گی۔

شادی میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کے لیے

اکثر افراد کی شادیاں التوا کا شکار ہو جاتی ہیں، نسبت طے پانے کے امکانات واضح ہوتے ہیں لیکن معدوم ہو جاتے ہیں انہیں چاہیے کہ بروز جمعۃ المبارک سورۃ نجم کو بوقت نماز جمعہ ایک مرتبہ تلاوت کریں، جب آیت سجدہ پر پہنچیں تو فوری طور پر سجدہ کریں اور اس کے بعد شادی کے لیئے دعا مانگیں تو ان شاء اللہ جلد شادی کے اسباب پیدا ہونگے، یہ متعدد اساتذہ کے ساتھ مجرب المجرب ہے۔

پسند کی شادی کا مجرب عمل

اپنی مرضی کی پسند کی شادی کرنے کے لیے نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد 8 رکعت نفل پڑھیں ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد 11 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ نفل دو، دو رکعت کرکے پڑھتے ہیں۔ نوافل پڑھنے کے بعد دعا سے قبل اور آخر میں 11-11 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور پھر اللہ تعالیٰ کے حضور خشوع وخضوع سے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ جلدی کامیابی حاصل ہوگی۔ عمل کے لیے نیک نیتی اور ہر طرح کی شرعی پابندی شرط اول ہے۔

روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ ضرور دیں۔

مسلسل رہنمائی کے لیے ہمارا YOUTUBE چینل Syed Tajamal Sherazi سبسکرائب کریں اور ہماری کاوشوں سے مزید مستفید ہوں

تسبیحات مومنین

صوفیہ نقوی 0332-4634315

سب سے افضل تسبیح حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی تسبیح ہے جس کے پڑھنے سے گناہوں کی بخشش ہوتی ہے دعا قبول ہوتی ہے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک 34 مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ ایک مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے

عجیب الانعام تسبیح

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو شخص روزانہ صبح وشام ایک مرتبہ درج ذیل تسبیح پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ بہشت کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جس کے ہاتھ چاندی کا بیلچہ ہوتا ہے وہ فرشتہ بہشت کی زمین جسکی مٹی خالص مشک کی ہے اس میں درخت لگاتا ہے اس کے گرد دیوار کھینچتا ہے اور اسکے دروازے پر لکھ دیتا ہے کہ یہ فلاں بن فلاں کا باغ ہے۔ تسبیح ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اللہ پاک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اللہ پاک بڑی عظمت والا ہے

مجیب العقول تسبیح

یہ تسبیح تمام دینوی آفات ومشکلات و مہمات و حاجات وحاجتمندوں اور مظلوموں کے لیے سپر و حرز جان ہے اور ورد مقصود ہے بعد از نماز صبح کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں۔ اور تسبیح کے عجائبات سے استفادہ فرمائیں۔ تسبیح یہ ہے

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَا عَزِيْزُ

اے عجائبات کے بنانے والے (مشکل) آسان فرما اپنے فضل سے اے مضبوط قدرت والے

جلالی تسبیح برائے وصولی قرض

نماز کے بعد سجدے میں جا کر یہ کلمات صرف 101 مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں کامیابی کے بعد صدقہ دیں پرندوں کو دانہ اور مچھلیوں کو غذا ڈالیں۔ تسبیح یہ ہے۔

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (اے صاحب جلال وکرامت)

لاجواب تسبیح

ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھے تو جہنم سے نجات کے علاوہ دنیوی تمام مصائب سے محفوظ رہے گا۔

اَسْتَجِيْرُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ (میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں جہنم کی آگ سے)

اولاد نرینہ کے لیے دوائی بھی مل سکتی ہے۔ صوفیہ نقوی (انٹیریئر ڈیکوریٹر)

صوفیہ نقوی 0332-4634315 صرف حوالی واٹس ایپ کریں

عامل زاہد حسین جعفری
رحمن کالونی سٹریٹ نمبر 10-C خانیوال روڈ ملتان
0333-7865470

تحفہ امامیہ جمیع حاجات

اسم اعظم دست غائب برائے حاجات حل مشکلات آیات قرآنی اللہ عزوجل کے جلالی نام ذکر کرنے سے مشکل حل ہوا سے اسم اعظم کہتے ہیں دست غیب کے معنی کہ انسان کبھی فکر و معاش میں پریشان نہ ہو قاضی الحاجات قدرت الٰہی کیطرف سے اسکی غیب سے امداد ہوا کرے تمام فقراء بزرگان دین کی امداد غیب سے ہوا کرتی ہے۔ یہ نقش اور دعا اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے مجرب اور پرتاثیر ہے حل مشکلات وسعت رزق۔ بے اولادی، بچوں کی شادی، ویزہ میں روکاوٹ، ملازمت کا نہ ملنا، بیماری غرضیکہ تمام پریشانیوں کے حل کیلئے مجرب ہے۔ پچھلے سال میں نے کیمیا گری و دولت دفینا کے لئے سورۃ الطلاق آیت نمبر 2,3 کا نقش دیا تھا جو کہ بہت سے لوگوں نے فائدہ اُٹھایا۔ امیر کائنات ابوالائمہ مولائے متقیان حضرت علی علیہ السلام اور سید الساجدین حضرت امام زین العابدین سے منسوب ہے وضاحت کے لئے اتنی جگہ نہیں بس پاک ہستیوں کا فرمان فرمان الٰہی ہوتا ہے ایک صحابی رسولؐ نے آپ کو اللہ بے نیاز کی واحدنیت عزت و جلال کا واسطہ دیکر اور پیغمبر اعظم کی نبوت کا واسطہ دیکر آپ کو آپکی ولایت کا واسطہ دیکر عرض کیا کہ وہ عظیم چیز یعنی اسم اعظم کیا ہے تو آپ نے فرمایا کہ جب تم چاہو اللہ سریع الرضا رزاق عالم حلال مشکلات کو اسم اعظم کیساتھ پکار جائے تو تمام مشکلیں حل ہوں تو آپ نے فرمایا دو رکعت نماز نفل برائے حاجت مثل فجر کی طرح پڑھنے کے بعد قرآن پاک کی سورہ ال عمران سے آیت شہادت نمبر 17 شَهِدَ اللّٰهُ سے وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ تک بروایت (علامہ محمد باقر مجلسیؒ) اور آیت ملک قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ آیت نمبر 26,27 تک سورہ حدید کی پہلی چھ آیات وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک اور سورۃ حشر کی آخری چار آیات لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تک سورہ حشر کی آخری چار آیات سوائے موت کے ہر بیماری کا علاج ہے جو شخص رات کو تلاوت کر کے مرجائے تو گویا وہ شہادت کی موت مرا نقش اور تینوں آیات ایک ساتھ فوٹو کاپی منگوائی جاسکتی ہیں۔ جو کوئی شخص اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تلاوت کرے گا دولت مند ہوگا مال بہت آئے گا حق تعالیٰ رزاق عالم غیب سے روزی رزق دیگا تمام حاجتیں پوری ہونگی کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔ (از مفاتیح)

۳۲۳۰	۳۲۲۳	۳۲۲۷	۳۲۱۳
۳۲۲۶	۳۲۱۴	۳۲۱۹	۳۲۳۴
۳۲۱۵	۳۲۲۹	۳۲۲۱	۳۲۱۸
۳۲۲۲	۳۲۱۷	۳۲۱۶	۳۲۲۸

اسم اعظم کتاب انیس الصادقین میں سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا فرمان ہے ان آیات میں اسم اعظم باری تعالیٰ پوشیدہ و مخفی ہے ہر حاجت اور کامیابی کے لئے موثر ترین اور آزمودہ ہے لکھ کر اپنے پاس رکھیں عظیم اثرات رکھتی ہیں 1۔ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ۔ (آیت الکرسی)۔ 2۔ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ۔ سورہ نساء۔ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (سورہ طہٰ) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (سورۃ نمل) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ (سورہ تغابن)

نظر بد نظر بد انسان کو اُلٹا کر رکھ دیتی ہے اس کا بہت برا اثر ہوتا ہے بعض دفعہ نظر بد انسان کو قبر کی دیواروں تک پہنچا دیتی ہے اور اونٹ کو حلال کر کے دیگ میں پکنے تک پہنچی دیتی ہے۔ امام ناطق تاجدار ولایت کے چھٹے امام حضرت امام جعفر صادقؑ کا فرمان ہے اگر قبروں کو کھود کر دیکھا جائے تو ان میں سے اکثر اموات نظر بد کی وجہ سے ہوئی ہوتی ہیں انسان کچھ اور سوچتا ہے انسان کو اپنی اور اپنے گھر والوں کی بھی نظر بد لگ جاتی ہے۔ نظر بد کے لئے یہ تعویذ جناب رسالت مآب ﷺ نے حضرت امام حسنؑ اور امام حسینؑ کے لئے جو تعویذ لکھا تھا نیز صحابہ کرامؓ سے بھی فرمایا اپنے بچوں کو اس تعویذ سے محفوظ رکھو۔ اَللّٰهُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِيْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِيْمِ وَالْوَجْهِ الْكَرِيْمِ ذَا الْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ فُلَانًا مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْيُنِ الْاِنْسِ۔ پڑھیں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ نیز سورہ قلم کی آیت نمبر 58 وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ سے ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ تک پڑھیں۔ یہ دعا اور نقش ہرن کی کھال پر لکھی ہوئی مل سکتی ہے۔ **نوٹ** شادی کے لئے ہرن کی کھال پر سورۃ احزاب۔ سورۃ طہٰ، سورۃ ممتحنہ، سورۃ الکوثر کا نقش اولاد نرینہ کیلئے سورہ فجر کا نقش دستیاب ہے۔

عامل زاہد حسین جعفری 0300-6159033

سورۃ یٰسٓ۔۔۔ وجہ فرحین برائے مومنین

سید علی رضا رضوی
0333-7351212
0300-5411734

مومنین اکرام گذشتہ سالوں کی طرح کتاب الٰہی اور فرامین آل محمدؐ سے مومنین و مومنات کے روحانی مسائل کے حل کیلئے کوشش کرتا ہوں۔ اور امامیہ جنتری کے توسل سے مومنین جو اس سے استفادہ کرتے ہیں مولا اس سے ان کی توفیقات میں بھی اضافہ کریں۔ جو مومنین فون کر کے اپنے مسائل بیان کرتے ہیں اگر کچھ پڑھنے کیلئے ان کو بتایا جائے تو وہ یہی جواب دیتے ہیں کہ آپ ہماری نیابت میں پڑھ دیں۔ یعنی بھوک خود کو لگی ہو تو دوسرا سامنے بیٹھ کر بھی کھانا کھائے تو بھوکے بندے کو کوئی فائدہ نہیں ایسے ہی کہ جب تک وہ خود نہ کھائے۔ یہی معاملات روحانیات کے ہوتے ہیں جس کو کوئی پریشانی ہو اسے چاہیے دل سے باوضو صحیح تلفظ کے ساتھ خود پڑھے۔ مولا مہربانی کریں گے۔ گذشتہ سال میں نے سورۃ یٰسین کے اجمالی فوائد لکھے تھے بہت سے مومنین نے فون کر کے دعائیں دیں کہ ہمارا کام ہو گیا۔ اس دفعہ میں نے سال بھر محنت کی۔ سورۃ یٰسین کی 83 آیات اور ہر آیت کے اپنے خواص، اپنے فوائد اور اپنے مطالب ہیں جو آپ تک پہنچا رہا ہوں۔ امید ہے کہ مومنین کو میری محنت پسند آئے گی اور دعا کریں گے۔

(یاد رکھیں عمل جو بھی کریں خود کریں اور طہارت اور صحیح ادائیگی کے ساتھ کریں)

آیت 1: پہلی آیت جو انسان اپنے گناہوں کی وجہ سے حالات سے اتنا تنگ ہو جائے کہ اور کوئی حل نہ ملے وہ پہلی آیت کا ورد کرے۔ آیت 2: جس کی دوکان ہو مکان ہو یا کوئی کاروبار ہو اور وہ چاہے کہ میرے رزق میں کاروبار میں وسعت ہو وہ 100 دفعہ یہ آیت روزانہ پڑھے۔ آیت 3: جو انسان یک دم پاگل ہو جائے دماغ کام کرنا چھوڑ جائے یا شیاطین کا سایہ ہو اس پر پڑھی جائے۔ آیت 4: دنیا سے لڑ لڑ کر تھک جائے اور جب ٹوٹ جائے تو اپنے معاملات اللہ سے ٹھیک کروانے کیلئے فجر کی نماز کے بعد 100 دفعہ یہ آیت پڑھے۔ آیت 5: جادو ٹونے سے بچنے کیلئے 100 دفعہ ہر نماز کے بعد تلاوت کریں۔ آیت 6: دشمنوں سے بچنے کیلئے اور ہر قسم کے حادثہ سے محفوظ ہونے کیلئے یہ آیت لکھ کر پاس رکھ لے اور اس کی تلاوت کرے۔ آیت 7: اگر راستہ بھٹک جائے یا کوئی بندہ گم ہو جائے تو اس کے لئے 100 دفعہ پڑھے۔ آیت 8: محبت کیلئے انگوٹھی پر نقش کروا کر پہن لے۔ آیت 9: بندش کرنے والے دشمنوں سے جو تنگ ہو وہ سرخ مرچ لے اور اس پر یہ آیت لکھ کر رکھ لے۔ آیت 10: بیوی بد زبان ہو یا شوہر دونوں ایک دوسرے پر پڑھ کر پھونک دیں لڑائی نہیں ہو گی۔ آیت 11: مصیبت زیادہ ہو جائے تو کسی پرانی قبر پر لکھنے سے ختم ہو جائے گی۔ آیت 12: کام اور معاشرہ میں عزت کے اضافہ کیلئے لکھ کر پاس رکھے۔ آیت 13: کسی بھی کام پر جانے سے پہلے کاغذ پر لکھ کر کسی پاک پانی سے دھو کر وہ پانی پیے ان شاء اللہ جو بھی کام ہوا ہو جائے گا۔ آیت 14: زعفران سے لکھ کر دھو کر وہ پانی پی لیں جسم میں جتنے درد ہوں گے ختم ہو جائیں گے۔ آیت 15: زعفران سے لکھ کر دھو کر وہ پانی پی لیں آنکھوں میں کبھی درد نہیں ہو گا۔ آیت 16: دمہ کا مریض اس آیت کو لکھ کر دھو کر پی لے سانس کا مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔ آیت 17: دو بندوں میں ناراضگی ہو جو شدت اختیار کر جائے ان کے دل نرم کرنے کیلئے یہ آیت لکھ کر پاس رکھیں۔ آیت 18: یہ آیت لکھ کر سرکش جانور کے گلے میں ڈال دیں، اولاد نافرمان ہو لکھ کر اس کے گلہ میں ڈال دیں۔ آیت 19: حاملہ عورت آپریشن سے بچنے کیلئے یہ آیت لکھ کر پانی سے دھو کر پی لے۔ آیت 20: اللہ سے بیٹا لینے کیلئے یہ آیت لکھ کر پاس رکھے۔ آیت 21: قرض کی ادائیگی کیلئے اس آیت کا ورد کریں۔ آیت 22: لکھ کر حاملہ عورت کے گلہ میں ڈال دیں بچہ کامل الاعضاء پیدا ہو گا۔ آیت 23: یہ آیت 3 دن لکھ کر جس مرض کیلئے بھی مریض کو پلائی جائے اللہ شفا دے گا۔ آیت 24: جملہ عورتوں کی بیماریوں کی نجات کیلئے آیت لکھ کر دھو کر پی لے اور اس پانی سے غسل کرے۔ آیت 25: جس کا بخار نہ اتر رہا ہو آیت لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دو۔ آیت 26: کوئی بندہ کہیں سفر پر جانے لگا ہو جو خطرناک ہو تو اس کی منزل آسان اور پہنچنے کیلئے لکھ کر وہ پاس رکھ لے۔ آیت 27: جو مرگی کا مریض ہو یا کوئی دماغی مرض ہو وہ زعفران سے لکھ کر اس سے سر کو دھوئے اور پانی پی لے۔ آیت 28: جو بندہ بے جرم قیدی ہو اور رہائی کی کوئی شکل نہ ہو وہ مٹی کا ڈھیلہ لے اور اس پر یہ آیت لکھ کر جاری پانی میں ڈال دے۔ آیت 29: جس بچہ کو نیند نہ آتی ہو آیت لکھ کر اس کے سرہانے کے اندر رکھ دیں بے سکونی ختم ہو جائے گی۔ آیت 30: عدالت جانے سے پہلے

یہ آیت زعفران سے لکھ کر جیب میں رکھ لے تو اللہ اسے عزت دے گا۔ آیت 31: دشمن کے وار سے بچنے کیلئے لکھ کر پاس رکھے۔ آیت 32: جنات سے بچنے کیلئے جادو سے نجات کیلئے لکھ کر پاس رکھ لے۔ آیت 33: جس انسان کو چنبل یا چھلبہری ہو جائے وہ زعفران سے لکھ کر متاثرہ جگہ کو دھو لے۔ آیت 34: سسرال میں کوئی بلا وجہ تنگ کرتا ہو آیت کاغذ پر لکھ کر کسی پتھر کے نیچے رکھ دے اس کی زبان کے قہر سے بچ جائے گا۔ آیت 35: گناہگار کے کفن پر لکھنے سے اللہ عذاب سے نجات دے گا۔ آیت 36: ناف کے مریض کیلئے اپنی انگلی سے مریض کی پیشانی پر یہ آیت لکھنی ہے۔ آیت 37: لوگوں میں اپنی چاہت اور محبت بڑھانے کیلئے 300 دفعہ تلاوت کریں۔ آیت 38: دشمن کا وار بے اثر کرنے کیلئے تلاوت کریں۔ آیت 39: گھوڑا سرکش ہو جائے اس کے گلے میں لکھ کر تعویذ ڈال دیں۔ آیت 40: بڑی سے بڑی حاجت کیلئے شب جمعہ 7 مرتبہ پڑھیں۔ آیت 41: پل صراط آسانی سے عبور کرنے کیلئے اس کی تلاوت کریں۔ آیت 42: کسی معصوم ع کی زیارت کرنی ہو کسی بھی چاند کی پہلی سے لیکر 29/30 تک ہر رات 30 دفعہ اس آیت کی تلاوت کرے۔ آیت 43: دنیا سے کامل ایمان لیکر جانے کیلئے 100 دفعہ روزانہ پڑھیں۔ آیت 44: جو بھی لگاتار تلاوت کرے گا بغیر شک و شبہ کے جنت میں جائے گا۔ آیت 45: جس بندے کے ہر کام میں نقصان ہوتا ہو اور کوئی کام بھی منافع بخش نہ ہو وہ اس آیت کا تعویذ بنا کر پہن لے۔ آیت 46: اس آیت کا ورد کرنے والا کبھی کاروبار میں نقصان رزق کا فقدان نہیں اٹھائے گا اور زندگی میں کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔ آیت 47: اس بابرکت آیت کی تلاوت قبر میں زبان کی فصاحت کا باعث بنے گی۔ آیت 48: دریا کا سفر شروع کرنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لو غرق ہونے سے بچ جاؤ گے۔ آیت 49: جو بندہ بھی لکھ کر اس آیت کو اپنے پاس رکھ لے وہ کبھی بھی پتھر سے زخمی نہیں ہوگا۔ آیت 50: روزانہ اس کی تلاوت کرنے والے پر اسرار و عجائب کے وہ در کھلیں گے کہ اس کو دعا کیلئے کسی سے کہنا نہیں پڑے گا۔ آیت 51: اپنی کسی بھی حاجت کی تکمیل کیلئے ایک دفعہ درود پڑھ کر 7 دفعہ یہ آیت پڑھیں۔ آیت 52: لوگوں میں مقام حاصل کرنے کیلئے کسی بھی چھوٹے پودے پر پڑھ کر پھونک مار دو اور اس پودا کو اگنے دو۔ آیت 53: دشمنوں کے وار سے بچنے کیلئے اس آیت کو کندھے پر باندھ کر گھر سے نکلیں۔ آیت 54: لکڑی کے ٹکڑے پر لکھ کر گھر میں رکھنے سے گھر میں سکون اور برکت میں اضافہ ہوگا۔ آیت 55: ازدواجی زندگی میں بے سکونی سے بچنے کیلئے اس آیت کو لکھ کر ساتھ رکھ لیں۔ آیت 56: اس آیت کو لکھ کر دوکان یا مکان میں لگانے سے انسان کسی دوسرے کا محتاج نہیں ہوگا۔ آیت 57: گھر میں رزق کی بارش کیلئے کثرت سے اس آیت کی تلاوت کریں۔ آیت 58: سورۃ یسین کی اس آیت کے سب سے زیادہ فوائد ہیں عمر میں اضافہ، رزق میں برکت، بیماری سے نجات، ایک دفعہ تلاوت سے شہدا کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ آیت 59: اس آیت کی تلاوت کرنے والا ایسے ہے جیسے اس نے 1000 دفعہ قرآن ختم کیا ہو۔ آیت 60: لوگوں کی نظر میں اپنا مقام بنانے کیلئے روزانہ اس کی تلاوت کریں۔ آیت 61: اس آیت کا ورد اور تعویذ انسان کو ہر قسم کے خودکش حملہ سے امان دیتا ہے۔ آیت 62: اس کا قاری کبھی بھی راہ راست سے بھٹکنے والا نہیں ہوگا اور اس کا مقام جنتی لوگوں میں سے ہوگا، اور کبھی بھی وہ کسی کا حق نہیں غصب کرے گا۔ آیت 63: کفن پر لکھنے سے قبر کی وحشت ختم ہو گی اور امان ہو گی ہر قسم کے عذاب سے بچا رہے گا۔ آیت 64: اگر بندہ پردیس جائے اور جان کا خطرہ ہو تو ایک دفعہ اس کو پڑھ لیں۔ آیت 65: سو کاغذ پر لکھ کر اس کاغذ کو پانی سے دھو لیں اور پھر وہ پانی اس مریض کو دیں جس کو پیٹ کا مسئلہ ہے، پیٹ کے امراض ٹھیک ہو جائیں گے۔ آیت 66: لکھ کر کاندھے پر باندھنے سے دماغی ٹیومر یا دماغی بیماری ختم ہو جائے گی۔ آیت 67: دن میں 3 دفعہ پڑھنے سے شیطانی وسوسے ختم ہو جائیں گے۔ آیت 68: غربت سے نجات کیلئے فجر کے وقت ایک دفعہ پڑھ لیں۔ آیت 69: درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر 70 دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ آیت 70: مثانہ کی پتھری سے نجات کیلئے زعفران سے لکھ کر دھو کر پئیں۔ آیت 71: لکھ کر دھو کر پینے سے اندر کی تپش، پیاس، حرارت ختم ہو جائے گی۔ آیت 72: جس عورت کا دودھ کم ہو وہ لکھ کر گلے میں ڈال لے۔ آیت 73: جو بچہ زیادہ روتا ہے اس کے جسم کے کسی حصہ پر لکھ کر باندھ دیں۔ آیت 74: کسی بڑے برتن کے اندر لکھ کر پانی ڈال کر پینے سے جملہ امراض ختم ہو جائیں گے۔

آیت 75: یہ آیت بھی کفن پر لکھنے کیلئے وارد ہے قبر کی وسعت کیلئے مفید ہے آیت 76: ہرن کی کھال کا چار کونوں والا ٹکڑا لیکر اس پر لکھ کر اولاد کیلئے باندھ لیں۔ آیت 77: نیلے رنگ کا کپڑا لیکر اس پر لکھ کر مرگی والے مریض کے گلہ میں باندھ دیں۔ آیت 78: جو مریض کوسہ میں ہو یا مرگی کا شکار ہو 70 دفعہ اس آیت کو پڑھ کر اس پر پھونک دیں آیت 79: نظر بد سے بچنے کیلئے یہ آیت لکھ کر رکھ لیں اور گھر سے نکلتے

عمل دست غیب

حاجی عابد حسین جاڑا
0308-...-283
بمقام و ڈاکخانہ جاڑا تحصیل پہاڑپور
ضلع ڈیرہ غازی خان

السلام علیکم! دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بحق محمدؐ و آل محمدؐ قارئین امامیہ جنتری اور آغا افتخار حسین صاحب کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ پہلے بھی بہت کچھ لکھ چکا ہوں مگر ایک مجرب عمل دست غیب برسوں سے کسی بزرگ کا عطیہ میرے پاس محفوظ تھا یہ عمل میرے زیر استعمال بھی ہے۔ زندگی کا کوئی پتہ نہیں ہے پچھلے سال کی خواہش تھی کہ یہ عمل بھی قارئین مومنین کے سامنے پیش کردوں۔ قرآن مجید کی ہر سورت ہر لفظ ہر حرف میں ایک عظیم طاقت پوشیدہ ہے قرآن پاک سے فیض و برکات حاصل کرنے کے لیے یقین کا ہونا اشد ضروری ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے رزق مال میں فراخی ہو پیسے سے جیب کبھی خالی نہ ہو۔ دینی و دنیاوی جائز ضروریات حسب منشاء پوری ہوتی رہیں اور کبھی کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانے پڑیں بلکہ وقت آنے سے پہلے مسبب الاسباب غیب سے اسباب پیدا کردے اس کے علاوہ ملازمت روزگار ملنے میں رکاوٹ پیدا ہورہی ہو یا رشتے ہونے میں بندش لگ چکی ہو، مقروض کو قرض کی ادائیگی میں آسانی پیدا ہوجائیگی۔ کاروبار چلتے چلتے رک گیا ہوتو کاروبار میں ترقی مل جائیگی۔ ان شاء اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل علی محمد وآل محمد بسم اللہ الرحمن الرحیم ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا

یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط یاباسط

صراط علی حق نمسکہ صراط علی حق نمسکہ

سیکفیکہم وبولایتک یاعلی یاعلی یاعلی

اللھم بحق فلاں بن فلاں کے رزق مال و دولت میں اضافہ و برکت عطا فرما بحق محمد وآل محمد

طریقہ عمل نقش تیار کرنے کا یہ ہے ہر قمری ماہ کی پہلی جمعرات کو نماز صبح کے بعد کمرے میں اگربتی سلگائیں تنہائی میں بیٹھیں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش تیار کریں۔ تیار کرنے کے بعد اول و آخر 14 مرتبہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

بسم اللہ الرحمن الرحیم وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللَّهَ

بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (سورۃ الطلاق 2-3) 3 مرتبہ یاباسط 72 مرتبہ صراط علی حق نمسکہ 7 مرتبہ

نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب کل ہم وغم سینجلی بعظمتک یا اللہ وبنبوتک یا محمد وبولایتک یا علی یا علی یا علی 1 مرتبہ

پڑھ کر نقش پر دم کریں اس نقش پر خوشبو لگا کر اسی دن بٹوے میں رکھیں، پرس میں رکھیں یا چاندی میں مڑھوا کر گلے میں یا بازو پر باندھ لیں۔ اگر ہو سکے تو ہر ماہ کی پہلی جمعرات کو مندرجہ بالا کلام پڑھ کر نقش کے اوپر دم کرلیا کریں۔ اگر کسی کو لکھنے میں دشواری محسوس ہو تو وہ ہم سے یہ نقش کاغذ پر بنوا سکتا ہے یقین کے ساتھ تیار کریں اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو پوچھ سکتے ہیں۔ خداوند کریم آپ کو اس نقش کو تیار کرنے میں کامیاب فرمائے۔

بقیہ سورۃ یسین ہوئے ایک دفعہ پڑھ لیں۔ آیت 80: دشمن پر فتح پانے کیلئے کسی پاک صاف کپڑے پر یہ آیت لکھ کر کسی چلتی نہر میں ڈال دیں۔ آیت 81: دشمن کی نظروں سے اوجھل ہونے کیلئے 2 دفعہ پڑھ کر خود پر پھونک لیں آیت 82: جسم میں سوجن بہت زیادہ ہوجائے تو یہ آیت لکھ کر متاثرہ جگہ پر شفا کیلئے رکھیں۔ آیت 83: اپنی حاجات کی قبولیت کیلئے یا کسی بھی مشکل کے حل کے لیے بار بار اس آیت کی تلاوت کریں۔

(سال 2020 کے لئے میری اس کوشش پر دعا کا طالب گار ہوں)۔ سید علی رضا رضوی سالار وانس آف کربلا حنفی سادات تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

میں ہر دو ماہ بعد کربلا ہوتا ہوں نمبر بند ہونے کی صورت میں واٹس ایپ پر رابطہ کر سکتے ہیں 0300-5411734,0333-7351212

باہمی محبت کا مخفی انمول تحفہ

سیدہ ارم زہرا نقوی
دختر سید ضیاء نقوی (مرحوم)
0301-7899755
0321-5702541

سچی الفت محبت ایک انمول مخفی خزانہ ہے جس کی تلاش میں انسان سرگرداں ہے۔ ہر شخص کو زمانے بھر سے شکایت ہے کہ کسی میں محبت نہیں۔ عزیزو اقارب محبت سے نا آشنا بھائی بھائی سے بیگانہ، غیر تو غیر اپنوں کا بھی خون سفید ہو گیا اس لیے دلوں میں سچی محبت نہیں رہی۔ محبت سچائی وخلوص کا محور ہے۔ خالق کائنات نے اپنے کلام میں سورۃ الانفال (پارہ 10 آیت نمبر 63 میں فرمادیا ہے کہ **(ترجمہ** اور اسی خدا نے ان مسلمانوں کے دلوں میں باہم الفت پیدا کردی کہ اگر تم جو کچھ زمین میں ہے سب کچھ خرچ کر دیتے تو بھی ان کے دلوں میں باہم ایسی الفت پیدا نہ کر سکتے۔ مگر خدا ہی تھا جس نے ان میں باہمی محبت پیدا کردی۔) صاحب ایمان مسلمان کے لیے مزید شک وشبہ کفر ہے قدر مطلق علی کل شئی قدیر رحمن ورحیم کے رحم کے طلب گار ہوتے ہوئے اسی مقدس آیت سے استفادہ کریں

فوائد جو شخص اس عمل سے استفادہ کرنا چاہے تو سورۃ فاتحہ معہ سورۃ اخلاص الحاج آغا نثار احمد مرحوم بانی امامیہ جنتری اور آغا افتخار صاحب کی اہلیہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے ہدیہ کریں۔

✿ میاں بیوی کے درمیان نا چاقی، سخت نفرت اگرچہ طلاق تک نوبت ہو ✿ بہن بھائیوں میں رنجش ہو ✿ ساس بہو میں غلطش وکشیدگی دور کرنا ✿ قریبی رشتہ داروں میں سخت اختلاف کا خاتمہ ✿ دوست واحباب میں بدسلوکی ہو ✿ نفرت کا مٹانا ✿ دو دوستوں کی باہمی نفرت کو محبت میں بدلنا ہو ✿ پسند کی جگہ پر شادی کے لیے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل

١٢٨٧	١٢٩٩	١٣١٢	١٢٥٩
١٣٠٨	١٢٦٣	١٢٨٣	١٣٠٣
١٢٦٧	١٣٢٠	١٢٩١	١٢٧٩
١٢٩٥	١٢٧٥	١٢٧١	١٣١٦

ایک مثال کے طور پر عمل

طالب فرہاد بن سکینہ	اعداد	435
آیت متعلقہ (سورۃ انفال 63)	اعداد قمری	3607
اعداد معاون آیت الودود الرحیم	اعداد	340
اعداد مطلوب مع والدہ شیریں بنت نفیسہ	اعداد	775

کلیہ کے مطابق کل میزان 5157 سے 120 نفی کریں باقی 5037 تقسیم 4 پہ تقسیم پوری ہوگئی۔ حاصل قسمت 1259 ہر خانہ چار کے اضافہ کے سے پر کریں۔ کسر خانہ 13 میں آئے گی عدد 1308 میں لکھا جائے گا وقف صحیح ہوگا **نوٹ** چار سے تقسیم کے بعد ایک بچے تو خانہ نمبر 13 اور دو بچیں تو خانہ نمبر 9، اگر تین بچے تو خانہ نمبر 5 میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔

دو نقش بنائے جائیں، ایک طالب اپنے پاس رکھے اور دوسرا نقش کاغذ پر خالص زعفران عرق گلاب سے لکھ کر آگ کے نیچے دفن کریں کہ صرف حرارت پہنچتی رہے۔ **شرائط وھدایات**

✿ تعویذ لکھنے والے نے کم از کم حراف تہجی کی زکوۃ دی ہوئی ہو ✿ ہر شخص کو اپنی ذات کے لیے لکھنے کی اجازت ہے لیکن حلال وجائز کام ہو ✿ نقش لکھتے وقت قمر در عقرب نہ ہو اور رجال الغیب سامنے نہ ہو ✿ الودود الرحیم کا عدد 340 مرتبہ پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے ✿ تعویذ جس ستارہ کی ساعت میں لکھا جا رہا ہو تو اسکی متعلقہ دھات کے پرتے پر لکھا جائے اور متعلقہ بخور کریں ✿ اگر متعلقہ دھات کی توفیق نہ ہو تو خالص زعفران یا عرق گلاب میں کاہی کے قلم سے لکھیں لوہے کا قلم استعمال نہ کریں اگر خود نہ کرسکے تو رابطہ کریں۔

سیدہ ارم زہرا نقوی دختر سید ضیاء نقوی نزد امام بارگاہ حسینیہ شین باغ خورد تحصیل وضلع اٹک 0321-5702541, 0301-7899755

التماس سورۂ فاتحہ آغا شکیل رضا غزالی (پارٹنر افتخار بک ڈپو) ابن آغا مسعود رضا خاکی مرحوم 18 جولائی 2019 کو انتقال کر گئے ہیں۔ ان کے ایصال ثواب وبلندی درجات کے لیے ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص مع اول وآخر تین، تین مرتبہ درود کی تلاوت فرمادیں۔ شکریہ

بانجھ پن کا روحانی تریاق

عابس شبیب (ایم اے، ایڈووکیٹ)
0333-4633999, 0333-4128131
رجانہ روڈ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
abisshabib@Gmail.com

قرآن مجید ایک مکمل اور جامع الہامی کتاب ہے۔ اس میں ہر خشک وتر کا علم ہے۔ یہ شفاء کاملہ ہے۔ میڈیکل سائنس بھی اسی کی مرہونِ منت ہے۔ بانجھ پن اولاد کا نا ہونا یہ بھی ایک خطرناک مرض ہے۔ کیونکہ انسان اپنی نسل کو اپنی زندگی کا سرمایہ جاوداں سمجھتا ہے۔

اگر کسی عورت کا کچا حمل گر جاتا ہو اُسے چاہیے کہ یہ دعا لکھ کر اُس کے گلے میں باندھے تو اللہ کے حکم سے حمل ٹھہر جائیگا۔ اگر سہ ماہہ حمل والی عورت کو قند پر یہ دعا پڑھ کر کھلائی جائے تو خداوند تعالیٰ فرزند عطا کرے گا۔ حضرت امام حسین علیہ السلام سے روایت ہے کہ اگر کوئی عورت برسوں سے بانجھ ہو تو اُس کے لئے پندرہ روز تک ایک سپاری تر لائی جائے اور اُس پر تین بار یہ دعا پڑھ کر عورت عقیمہ کو کھلائی جائے ضرور نطفہ قرار پائے گا اور خدا کے فضل سے لڑکا پیدا ہوگا۔ (جواہر خمسہ، صفحہ نمبر ۸۳)

بسم الله الرحمن الرحيم اللّٰهُمَّ أنتَ الرَّبُّ وأنا العَبدُ فمَن يَدعُ العَبدَ إلا الرَّبُّ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الخالِقُ وأنا المَخلوقُ فمَن يَدعُ المَخلوقَ إلا الخالِقُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ المَلِكُ وأنا المَملوكُ فمَن يَدعُ المَملوكَ إلا المَلِكُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الغَنِيُّ وأنا الفَقيرُ فمَن يَدعُ الفَقيرَ إلا الغَنِيُّ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ القَوِيُّ وأنا الضَّعيفُ فمَن يَدعُ الضَّعيفَ إلا القَوِيُّ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ القَيّومُ وأنا الزّائِلُ فمَن يَدعُ الزّائِلَ إلا القَيّومُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ العَفُوُّ وأنا المُسيءُ فمَن يَدعُ المُسيءَ إلا العَفُوُّ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الغَفورُ وأنا المُذنِبُ فمَن يَدعُ المُذنِبَ إلا الغَفورُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الرَّحيمُ وأنا الخاطِئُ فمَن يَدعُ الخاطِئَ إلا الرَّحيمُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ المُغيثُ وأنا المُستَغيثُ فمَن يَدعُ المُستَغيثَ إلا المُغيثُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ المُجيبُ وأنا الدّاعي فمَن يَدعُ الدّاعيَ إلا المُجيبُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ المُجيرُ وأنا المُستَجيرُ فمَن يَدعُ المُستَجيرَ إلا المُجيرُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ العَزيزُ وأنا الذَّليلُ فمَن يَدعُ الذَّليلَ إلا العَزيزُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ المُعطي وأنا السّائِلُ فمَن يَدعُ السّائِلَ إلا المُعطي يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الوَهّابُ وأنا البائِسُ فمَن يَدعُ البائِسَ إلا الوَهّابُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ المُفَرِّجُ وأنا المَغمومُ فمَن يَدعُ المَغمومَ إلا المُفَرِّجُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ المُنجي وأنا الغَريقُ فمَن يَدعُ الغَريقَ إلا المُنجي يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الرّازِقُ وأنا المَرزوقُ فمَن يَدعُ المَرزوقَ إلا الرّازِقُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الغَفّارُ وأنا المُتَضَرِّعُ فمَن يَدعُ المُتَضَرِّعَ إلا الغَفّارُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ الكاشِفُ وأنا المُضطَرُّ فمَن يَدعُ المُضطَرَّ إلا الكاشِفُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ السَّيِّدُ وأنا المُبتَهِلُ فمَن يَدعُ المُبتَهِلَ إلا السَّيِّدُ يا ربِّ اللّٰهُمَّ أنتَ سَيِّدي ومَولايَ فاغفِر ذُنوبي وأعتِقني مِنَ النّارِ برَحمَتِكَ يا أرحَمَ الرّاحِمينَ

وصلَّى اللهُ تعالى على خَيرِ خَلقِهِ مُحمَّدٍ وآلِهِ أجمَعينَ

قرآن پاک سے مسائل کا حل

ڈاکٹر و حکیم محمد ثنا اللہ

السلام علیکم! تہہ دل سے دعا گو ہوں کہ معزز قارئین امامیہ جنتری اور محترم آغا افتخار حسین صاحب اور آپکی ٹیم کو اللہ بزرگ و برتر صحت اور عزت اور خوشحالی کی زندگی عطا فرمائے آمین! اور خدائے بزرگ و برتر آپ کو شر شیطان اور شر انسان سے اپنی حفاظت میں رکھے آمین۔ نیز بانی امامیہ جنتری کے مرحومین کے لیے سورۃ فاتحہ کی استدعا ہے۔ معزز قارئین آپ کی خدمت میں ایسا نقش پیش کر رہا ہوں جو ہر قسم کی بندش کھول دے۔ مثلاً نکاح کی بندش، نظر بد، جادو ٹونہ، کالا علم، سفلی علم بلکہ ہر مشکل کا حل اس میں موجود ہے

نقش لکھنے کا طریقہ: شروع کے چاند بروز جمعہ کو 2 نفل خاتون جنت ادا کریں اسکے بعد 3 کلو آٹا صدقہ دیں، منہ قبلہ کی طرف کر کے اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک سورۃ فاتحہ 101 مرتبہ سورۃ کوثر 101 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اس پانی کو 11 روز پینا ہے یہ عمل ایک مرتبہ کرنا ہے۔ اسکے بعد نقش زعفران سے تحریر کریں نقش کی چال کے مطابق تحریر کریں نیچے نقش پُر کرنے کی چال دی ہے۔

نوٹ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو فون کر کے معلوم کر لیں۔ اگر آپ پریشان ہیں تو استخارہ بذریعہ قرآن پاک کروائیں۔ فی سبیل اللہ

یا محمدؐ		یا علیؑ	یا اللہ
۸ يَا فَتَاحُ	۱۱ يَا فَتَاحُ	۱۴ يَا فَتَاحُ	۱ يَا فَتَاحُ
۱۳ يَا فَتَاحُ	۲ يَا فَتَاحُ	۷ يَا فَتَاحُ	۱۲ يَا فَتَاحُ
۳ يَا فَتَاحُ	۱۶ يَا فَتَاحُ	۹ يَا فَتَاحُ	۶ يَا فَتَاحُ
۱۰ يَا فَتَاحُ	۵ يَا فَتَاحُ	۴ يَا فَتَاحُ	۱۵ يَا فَتَاحُ

مجطے　=۱۱۱　الا ۱۱۹　الا ۱۱۹=

یا اللہ بحق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمدؐ فلاں بن فلاں کی مشکل حل ہو جاوے

ڈاکٹر و حکیم محمد ثنا اللہ محلہ گنگ ضلع چکوال
0300-6080973, 0333-6849263

❁ عورت لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ان شاء اللہ فرزند کو جنم دے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین

❁ عروج ماہ نوچندی جمعرات اول و آخر درود پاک 19 مرتبہ سورہ الحمد شریف معہ آمین پانی پر دم کر کے میاں بیوی سات جمعرات پیتے رہیں ان ان شاء اللہ حمل قرار پائے گا اور اولاد ہوگی۔

❁ غسل ایام مخصوصہ سے فارغ ہو کر روزہ رکھے اور دودھ پر پارہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کر کے اسی دودھ سے روزہ افطار کرے، اگر دودھ ہضم ہو گیا تو حمل قرار پائے گا اور اگر ہضم نہ ہوا تو حمل قرار نہیں پائے گا۔

❁ بانجھ عورت کو یہ تعویذ لکھ کر سات روز تک پلائے

ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

نوٹ: اولاد نرینہ کی دوائی اور نقش دستیاب ہے۔

تسبیح اسمائے حسنیٰ کاروبار میں وسعت و نفع اور ہر نقصان و گھاٹے سے محفوظ رہنے کیلئے ان اسماء کا ورد ہر نماز کے بعد گیارہ بار کریں یہ موثر ترین عمل ہے

يَا رَزَّاقُ يَا نَافِعُ يَا غَنِيُّ يَا وَهَّابُ يَا بَاسِطُ يَا مُعْطِيُ

ترجمہ: اے رزق دینے والے اے نفع پہنچانے والے اے بے نیاز اے عطا کرنے والے اے کشادگی دینے والے اے عطا کرنے والے

ایم غلام رضا عسکری (ماہر علوم فلکیات)
0333-7014915

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

2020 عیسوی — ۱۴۴۱ ھجری

نوروز عالم افروز

طول بلد 73-04E — تحویل آفتاب در برج حمل — عرض بلد 33-43N

مورخہ 20 مارچ 2020 بروز جمعۃ المبارک

صبح 8 بجکر 49 منٹ 29 سیکنڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بمطابق دارالحکومت اسلام آباد

مراتب سیارگان برائے نوروز

بادشاہ:	زہرہ
وزیر	شمس
سپہ سالار:	مریخ
مشیر:	قمر
رنگ	سفید

نوٹ: سواری، پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف اہل ہنود میں پائی جاتی ہے اسلام میں اسکا تصور نہیں ہے

زائچہ نوروز بحساب یونانی نجوم

حمل: شمس 00:00 درجہ
طالع ثور 24:11 درجہ — یورانس 04:32 درجہ — زہرہ 15:56 درجہ
حوت: عطارد 02:36:00 درجہ — نیپچون 18:50 درجہ
جوزا
سرطان: راہو 04:30 درجہ
اسد
سنبلہ
میزان
عقرب
دلو: قمر 13:32 درجہ
جدی: مریخ 22:35 — مشتری 22:46 — کیتو 04:30 — پلوٹو 24:40 — زحل 28:53

صدقات

چاول، آٹا، میدہ، سوجی، چینی، انڈا، سفید ریشمی کپڑا، کپاس، جوار، سفید مکئی، ساگودانہ، کبوتر سفید، فاختہ آزاد کرنا۔ بہتر ہے چینی، سوجی، کا صدقہ کیڑے مکوڑوں کو دیں یا سفید ریشمی دوپٹہ کسی ضعیف خاتون کو دیں۔

خوارک

برفی، چم چم، چاول کی کھیر، ساگودانہ کھیر، سوجی کا حلوہ، دودھ، کسٹرڈ، سفید میٹھے چاول، پیٹھا، قلاقند، وائٹ گوشت اور سفید اجناس جن کا ذائقہ شیریں ہو

بین الاقوامی اوقات برائے نوروز

بغداد، عراق، جدہ، سعودی عرب 20 مارچ 06:49:30 تہران، ایران 20 مارچ 07:19:29 دمشق شام 20 مارچ 05:49:29 دبئی عرب امارات 07:49:30 دہلی انڈیا 09:19:29 واشنگٹن نیویارک کیلیفورنیا اوٹاوا کینیڈا امریکہ 19 مارچ 23:49:29 رات لندن برطانیہ 20 مارچ 03:49:30 صبح ٹوکیو جاپان کچھ بڑے ممالک کے نوروز اوقات دیئے جا رہے ہیں

تحویل کے وقت مولا مشکل کشاؑ کی نذر دیکر ان کے وسیلہ سے دعا کریں اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔

نوٹ: کچھ بڑے ممالک کے نوروز کے اوقات قارئین کی سہولت کے لیے دیئے جا رہے ہیں۔ امریکہ، کینیڈا کی ریاستوں میں مختلف ٹائم زون ہیں اپنے مقامی وقت کو جمع یا نفی کر کے درست وقت نکال لیں۔ قریب و جوار کے ممالک بھی درست وقت کے لیے مقامی وقت میں جمع یا نفی اپنے قریبی ملک کے مطابق درست وقت نکال لیں۔ پاکستانی وقت نوروز میں سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو گرین وچ ٹائم نکل آئے گا۔

افتخار بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ لاہور 042-37223686

اس کے بعد، دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ وَاَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَافِیْھَا

وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَافِیْھَا وَاَسْتَکْفِیْکَ مَئُوْنَتَھَا وَشُغْلَھَا یَاذَاالْجَلَالِ

وَالْاِکْرَامِ (زادلمعاد)

سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک و زعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج و درد اُس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ	1
سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ	2
سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ	3
سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ	4
سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یَاسِیْنَ	5
سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْنَ	6
سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (از حاشیہ زادالمعاد)	7

نقش نوروز

اعداد ۵۰۳۶

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہوکر گلاب و زعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض و بلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرب اور راز سربستہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

العلی العلی العلی العلی

یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

۱۲۶۱	۱۲۶۳	۱۲۶۷	۱۲۵۲
۱۲۶۶	۱۲۵۵	۱۲۶۰	۱۲۶۵
۱۲۵۶	۱۲۶۹	۱۲۶۳	۱۲۵۹
۱۲۶۴	۱۲۵۸	۱۲۵۷	۱۲۶۸

اور مدت حمل تک واسطے حفاظت حمل کے ابتدا اس شکل کو لکھ کر ران پر اندر کی جانب باندھے اور گرد کی عبارت کو چشم کشادہ لکھے اور بعد پیدائش بچے کے فوراً کھول دے۔

الشکور البکور

اربعہ	ثلثہ	اثنین
اربعہ	اثنین	ثلثہ

مندرجہ ذیل نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے وباؤ امراض جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کرکے پہنے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا=۱۱۱۹ ۱۱۱۹الا=۱۱۱ محطی

برائے درد زہ سات مرتبہ اس آیت کو گڑ، شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ

آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثلِ لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہو گا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہو گی بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ "یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" اور کم از کم ۳۶۰ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ط

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیت کریں کہ دو دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ "قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ" اور اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ "اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ" اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس دس مرتبہ "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ" پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰی جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهُ وَكَرَّمْتَهُ وَشَرَّفْتَهُ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهُ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهِ عَلَيَّ حَتّٰی لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰی لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

عالمی حالات 2020

تحریر و تحقیق علامہ رضا عسکری اعوان نواب شاہ
Ph 0300 3210024, E mail: razaaskri@gmail.com

جمعہ کے دن کا نوروز عورتوں بچوں اور نوجوانوں کے لئے بہتر ہوتا ہے اس سال عملی طور پر خواتین شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کارکردگی کرتی نظر آئیں گی

پاکستان کے حالات

زائچہ نوروز کی روشنی میں ملکی وقار میں بین الاقوامی سطح پر اضافہ ہوگا، خارجی معاملات میں پاکستان کو واضح کامیابیاں ملنے کی امید ہے خصوصاً پڑوسی ممالک میں ایران افغانستان کے ساتھ معاملات میں بہتری آئیگی بھارت کے گٹھ جوڑ اور بھارتی ایجنسیوں کی دہشت گرد کارروائیوں کو پاکستان عالمی اور پڑوسی سطح پر بے نقاب کرتا ہوا ایران اور افغانستان کے ساتھ تعلقات میں مضبوطی لائیگا۔ معاشی طور پر پاکستان کی کرنسی مزید کمزوری سے بچ جائے گی اور روپیہ کی قدر مستحکم رہے گی۔ زہرہ طالع میں زر مبادلہ کے ذخائر میں خاطر خواہ اضافہ اور بیرونی قرضوں میں کمی کا باعث بنے گا۔ تاہم گورنمنٹ میں مشیروں اور وزراء کی سطح پر تبدیلیاں آتی رہیں گی۔ ممکن ہے کہ پاکستانی سیاست میں عالمی سطح پر مشہور خاتون کی شمولیت حکمران پارٹی میں ہو۔ اور نمایاں عہدہ آنے والے وقتوں میں خاتون کو دیا جائے عدلیہ اور ججز کے معاملات میں بہتری اور کارکردگی میں اضافہ کے لئے تبدیلیاں لائی جائیں گی۔ نیب اور دہشت گردی کی عدالتوں میں اضافہ دیکھنے میں آتا ہے۔ لوٹی ہوئی دولت کی خاطر خواہ ریکوری ابتدائی چھ ماہ میں عوام کے سامنے آئے گی۔ حکومت اور افواج پاکستان کی مشترکہ ایک پالیسی پاکستان کو اندرونی بیرونی معاملات سے نمٹنے میں نمایاں کامیابیاں دے گی، راہو کی تیسرے گھر میں موجودگی شمال مشرقی علاقوں میں سرحدی جھڑپیں معمول کے مطابق چلتی رہیں گی۔ تاہم بین الاقوامی سطح پر سرحدی خلاف ورزیوں کے ٹھوس ثبوت انڈیا کی رسوائی کا سبب بنیں گے، جنگ کا کوئی امکان نہیں ہے عالمی قوتیں دو ایٹمی طاقتوں کو مذاکرات پر لانے میں معاونت اور کردار ادا کریں گی۔ میڈیا وار میں انڈیا کو جگ ہنسائی کا سامنا ہوگا۔ پاکستان کی جانب سے جنگی ساز و سامان کی خریداری اور تجربات میں اضافہ مارچ مئی اکتوبر اور نومبر دسمبر میں دیکھا جا سکتا ہے۔ عوامی سطح پر حکومت کو سخت ردعمل کا سامنا ہوسکتا ہے۔ خصوصاً صوبائی معاملات میں وفاقی اور صوبائی معاملات پر اختلافات سامنے آئیں گے۔ اس سال کسی قسم کے مڈٹرم الیکشن کا کوئی امکان نہیں

ہے۔ نویں گھر سیاسی اور مذہبی جماعتوں کا اجتماع حکمرانوں کے لئے دباؤ میں اضافہ کا باعث بنے گا۔ اپریل مئی میں حکومت مخالف مظاہرے اور تحریکیں سامنے آسکتی ہیں تاہم حکومت کی جانب سے کسی نرمی کی توقع نہ رکھی جائے۔ قدرتی آفات یا سمندری طوفان کی وجہ سے اپریل تا جون شمال مشرقی اور جنوب مغربی علاقے متاثر ہوسکتے ہیں۔ مریخ زحل مشتری پلوٹو اور کیتو نویں گھر جنوب مغربی ساحلی پٹی پر آباد شہروں کو قدرتی آفات سے نقصان ہوسکتا ہے۔ 2020 کا بجٹ قدرے بہتر ہوگا تاہم نئی ٹیکس اصلاحات اور مالیاتی قوانین سامنے آئیں گے۔ ممکن ہے کہ کاروباری طبقہ کی جانب سے دباؤ برقرار رہے تاہم تبدیلیاں لانا ناگزیر ہوگی۔ زراعت سے وابستہ افراد کے لئے اچھا بجٹ ہوگا اجناس کی قیمت خرید میں اضافہ کیا جائے گا۔ کپاس انگور مکئی گندم اور خشک میوہ جات کی پیداوار میں اضافہ کے ساتھ ٹیکسٹائل کی صنعت میں بہتری آئے گی۔ فیشن اور آرائش میں اضافہ ہوگا جبکہ کپڑا ملبوسات خوشبو سازی اور سفرات میں ریل اور ہوائی سفرات میں بہتری سامنے آئے گی۔ جبکہ اسٹاک مارکیٹ میں سیمنٹ ٹیکسٹائل ادویات آئل لوہا اور جنرل آئٹم کمپنیوں کے حصص میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ انٹرٹینمنٹ کی صنعت میڈیا اور فلم سازی کو مراعات کے ساتھ میڈیا پر نئے اور سخت قوانین کا اطلاق اور ذرائع ابلاغ کو منفی اور سنسنی خیز افواہوں اور خبروں سے روکنے کے قوانین سامنے آئیں گے۔ کھیلوں کو فروغ دینے کے ساتھ خواتین کی فلاح و بہبود اور صحت کے معاملات پر توجہ دی جائے گی جبکہ انٹرنیٹ اور دیگر روابط کو بہتر بنانے کے لئے موبائل کمپنیز اور اطلاعات عامہ میں بہتریاں لائی جائیں گی۔

موسم مرطوب اور درمیانہ رہے گا۔ برفباری زیادہ ہوگی اور اسکے ساتھ بارشیں معمول کے مطابق اور زراعت کی مناسبت سے اچھی موسمی بارشیں ہونگی۔ مون سون کی بارشیں جولائی کے وسط میں شروع ہوجائیں گی جبکہ اس سال سندھ کے شمال مشرقی حصوں میں زیادہ بارشیں ہونے کا امکان ہے اسکے ساتھ طوفان باد و باراں معمولات زندگی متاثر کر سکتے ہیں۔ بلوچستان میں اس سال خاطر خواہ برفباری اور بارشیں خشک

سالی میں معاون ثابت ہونگی۔ جبکہ دریاؤں میں پانی کی صورتحال معمول کے مطابق بہتر رہے گی۔

بھارت

اندرونی حالات انڈیا میں خراب ہونے کا خدشہ ہے اقلیتوں کی جانب سے ہندوازم کی نفی اور عدم توازن انڈیا میں اقلیتوں کو ایک محاذ پر اکٹھا کر سکتا ہے۔ نویں گھر میں چار ستاروں کا اجتماع عالمی سطح پر انڈیا کے عزائم کا پردہ چاک ہونے اور انڈیا کو اقوام عالم میں جواب دہی کا سامنا ہوگا بھارت روایتی طور پر اپنے قریبی چھوٹے ممالک پر دباؤ جاری رکھنے کی کوشش کرتا رہے گا بنگلہ دیش نیپال بھوٹان برما اور سری لنکا کو اپنے زیر اثر لانے کی کوششوں میں تیزی لائے گا در پردہ بھارت جنوبی ایشیاء میں سپر پاور بننے کے خواب دیکھ رہا ہے جو کہ ناکام ہونگے۔ انڈین کرنسی روبہ زوال ہوگی۔ اندرونی مداخلت کے واقعات عالمی سطح پر بھارت کو بے نقاب کر سکتے ہیں۔ اسلحے کی خریداری اور میزائل تجربات کی خبریں منظر عام پر رہیں گی جبکہ کشمیر میں سختیاں اور آرمی کی موجودگی بھارت کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر اقوام عالم کی جانب سے دباؤ کا سامنا بھارت کو ہوگا۔ قدرتی آفات میں بھارت کی انتہائی جنوبی علاقے بہار اور نیپال کی سرحدی پہاڑوں پر قدرتی آفات یا برفباری کثیر جانی مالی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ چین کے ساتھ بھارت کے تعلقات مشروط سطح پر قدرے بہتر ہو سکتے ہیں جبکہ بھارت پاکستان کی ترقی میں رکاوٹیں حائل کرتا ہوا سی پیک اور بلوچستان کے ساتھ افغانستان میں پاکستان مخالف تنظیموں اور دہشت گروہوں کی معاونت میں بے نقاب ہوگا۔ مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ اپوزیشن کا دباؤ اور خالصہ تحریک متحرک ہونے کی وجہ سے مودی سرکار کو اندرونی-معاملات میں دباؤ کا سامنا ہوگا۔ فصلوں کی پیداوار میں خاطر خواہ کمی ہو سکتی ہے جبکہ بھارت کی ایکسپورٹ کو چند پابندیوں کا سامنا ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ منفی پروپیگنڈا اور غلط افواہیں بھارتی میڈیا کے لئے جگ ہنسائی کا باعث بنے گا۔ بھارتی عزائم کی وجہ سے عالمی منڈیوں میں بھارت کو سختیوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ بھارت کی جانب سے پانی کی تقسیم کی خلاف ورزیاں سامنے آئیں گی۔ انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کی جانب سے بھارت کی سیاسی اور دہشت گرد RSS جماعت کو بین الاقوامی سطح پر پابندی کا سامنا ہو سکتا ہے۔ جبکہ داعش اور القاعدہ جیسی تنظیموں کو بھارت کی جانب سے مالی معاونت کے ثبوت سامنے آنے کے امکانات واضح نظر آتے ہیں۔

ایران

ایران عالمی سطح پر اپنے ہم خیال دوستوں اور پڑوسی ممالک کی حمایت حاصل کرلے گا جبکہ عالمی سطح پر روس چین اور پاکستان کے ساتھ دیگر ممالک کی حمایت ایران پر کسی بھی ممکنہ امریکی جارحیت کے امکانات نا ہونے کے برابر ہونگے۔ عرب ممالک خصوصا سعودی عرب کے ساتھ تعلقات میں بہتری کا کوئی امکان نہیں ہے معاشی طور پر ایران کے حالات بہتر ہونگے جبکہ امریکی ممالک کی پابندیوں کو خاطر میں نا لاتے ہوئے کئی ایک ممالک ایران کے ساتھ تجارتی اور سفارتی روابط استوار کریں گے۔ انڈیا کے ساتھ ایران کے روابط میں خلل پیدا ہو سکتا ہے۔ امریکہ ایران مخالف ممالک کی وجہ سے یہاں مقیم ہے جبکہ ایرانی حکومت دیگر پڑوسی ممالک کے ساتھ معاملات میں نمایاں بہتری لائے گی۔ سرحدی معاملات میں ایران پاکستان سرحد کو دونوں ممالک رضامندی سے دہشت گروہوں سے پاک کرنے کے معاہدوں پر کام کریں گے۔ معاشی طور پر ایران کی کرنسی مضبوط ہوگی اور ایران کی برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ تیل کی پیداوار میں ایران نئے ذخائر کی جانب پیش رفت کرے گا جبکہ ایران کی جانب سے دفاعی تجربات جون جولائی میں سامنے آسکتے ہیں۔ ایران کے جوہری پروگرام پر قدغن لگانے کی کوششیں ناکام ہونگی اور اسکے ساتھ ہی عالمی سطح پر ایران پر لگی پابندیوں کو یکسر نظر انداز کرنے کے سلسلے شروع ہو جائیں گے۔ ترکی کے ساتھ ایرانی تعلقات کے نئے دور کا آغاز ہوگا ممکن ہے شام میں ایران اور ترکی مل کر داعش اور دیگر اسلام دشمن گروہوں کی جانب پیش رفت کریں۔ نوروز میں زہرہ مریخ اور زحل کی اچھی پوزیشن کی وجہ سے ایران کے حالات قدرے بہتر رہیں گے تاہم ایران کو قدرتی آفات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ایران کی دیگر سرحدیں جو عراق اور سعودیہ سے ملتی ہیں ان سرحدوں پر ایران کی جانب سے سخت سرحدی قوانین سامنے آئیں گے جب کہ افغان سرحد پر ایرن کی جانب سے بندش لگائے جانے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ ابتدائی اپریل میں ایران کی جانب سے فوجی قوت میں اضافہ یا ہتھیاروں کے تجربات سامنے آسکتے ہیں۔ راہو کا داخلہ تیسرے گھر میں مئی کے بعد سرحدی کاروائیوں میں اضافے کی صورتحال پیدا کر سکتا ہے۔

عراق

عراق میں حکومتی رسہ کشی عروج پر رہے گی حکومت مخالف سرگرمیوں میں اضافہ عراق میں خراب حالات کی نشان دہی کرتے ہیں۔ امریکی آشیر باد پر عرب ممالک کی مداخلت سامنے آنے اور مقامات مقدسہ کے راستے بند یا پریشان کن حالات پیدا کرنے کی حتی

کاروائیاں منظر عام پر آئیں گی۔ عراقی معیشت کا بیشتر حصہ زائرین اور سیاحت پر منحصر ہے جبکہ امریکی اور مغربی پابندیوں میں عراق خلاف ورزیوں کی جانب جائے گا۔ عراقی معیشت میں بہتری آئے گی اسکے ساتھ ہی عراق میں حکومت مخالف گروپوں کے ساتھ حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں خصوصا شام کی سرحدی پٹیوں سے موصل تکریت اور بغداد تک دہشت گرد کاروائیوں میں اضافہ معاملات سنگین کر سکتا ہے۔ ایران کی معاونت اور دیگر مجاہد گروپس کی معاونت سے عراق داخلی معاملات پر قابو پالے گا دسویں گھر کا مالک اچھی پوزیشن میں اور دوسرے گھر کا مالک زہرہ عراقی معیشت میں استحکام اور حکومت کی مضبوطی کی جانب اشارہ کرتے ہیں راہو کا چوتھے گھر مئی تک اور مئی کے بعد تیسرے گھر میں راہو کا داخلہ عراقی عوام میں انتشار پیدا کرنے کی کوششیں اور اسکے ساتھ ہی جون تا دسمبر عراق سعودیہ سرحدی پٹی پر جھڑپوں میں اضافہ اور انتشار کی سی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ قدرتی آفات بارشیں برفباری اور زلزلے جنوبی اور شمالی علاقوں میں جانی و مالی نقصانات ہو سکتے ہیں۔ حکومتی سطح پر مالی معاملات اور بے روزگاری کے خاتمہ کی کوششیں اور نئے منصوبے جاری کئے جانے کے امکانات ہو سکتے ہیں جبکہ تباہ حال علاقوں میں عراق کی جانب سے تعمیر نو کے کاموں میں تیزی سامنے آئے گی۔ ممکن ہے کہ عراقی حکومت میں مغربی اور دیگر عرب ممالک کی جانب سے تبدیلیوں کی کوشش کی جائے اور شیعہ مخالف لوگوں کو سامنے لایا جائے اندرونی حالات کشیدہ کر کے ایسے حالات پیدا کئے جانے کی ناکام کوششیں ہو سکتی ہیں۔ ایران شام کی حمایت اور حزب اللہ کی معاونت سے اندرونی معاملات پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ سیکیورٹی معاملات پر عراقی حکومت کو خصوصی توجہ کی ضرورت ہوگی۔ خصوصا زائرین کی آمد کے سلسلوں کو کم کرنے کی کوششیں کی جائیں گی۔

شام

شام کے حالات میں بہتری کے امکانات ہیں خصوصا لبنان اسرائیل کی سرحدی پٹیوں پر دہشت گردوں کے خلاف کاروائیوں میں تیزی سامنے آسکتی ہے۔ ترکی روس ایران کی حمایت اور شامی افواج کے ساتھ مل کر شام میں جاری خانہ جنگی پر کسی حد تک قابو پایا جا سکتا ہے۔ شام پر جاری پابندیوں میں کمی کا کوئی خاص امکان نہیں تاہم بشارالاسد کی حکومت کو ہٹانے کی کوششیں اور شام میں عرب نواز حکومت لانے کی کوششیں جاری رہیں گی۔ اردن کے ساتھ شام کے تعلقات میں خرابیاں سامنے آسکتی ہیں۔ ممکن ہے کہ شام کی جانب سے اردن کی سرحدی پٹیوں میں فوجی آپریشن دہشت گرد گروپوں کے خلاف کیا جائے۔ بین الاقوامی سطح پر شام کے خلاف جاری پابندیوں میں امریکہ کو ناکامیوں کا سامنا ہوگا خصوصا روس اور ترکی کی جانب سے بین الاقوامی پابندیوں کو رد کرتے ہوئے شام کی حمایت اور فوجی مدد کی جائے گی۔ معاشی طور پر شام کو مشکلات کا سامنا ہے تاہم ستاروں کی نوعیت عارضی طور پر شام کی مالی حالت میں بہتری لائے گی۔ تیل کی پیداوار میں اضافہ شام کی معاشی حالات میں بہتری لائیگا جبکہ شام میں حکومت مخالف گروپوں کو مذاکرات پر لانے کی کوششیں کی جائیں گی تاہم حالات وواقعات اندرونی خلفشار میں کمی کی کوئی نوید نا سنائیں گے۔ شامی افواج میں تقویت اور اضافہ ہوگا۔ حماس سے رکہ، حلب اور دیگر علاقوں کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کی کاروائیوں میں شام کی جانب سے اضافہ ہوگا جبکہ لبنان اسرائیل کی سرحدی پٹیاں انتشار کا شکار رہیں گی۔ خدائے متعال بی بی زینب سلام اللہ کے مزار اقدس اور دیگر مقامات مقدسہ کی حفاظت کرے اور اہل بیت اطہار کے مزارات اور مقامات مقدسہ کی حفاظت کرے۔ آمین

سعودی عرب

سعودی عرب نوروز کے زائچہ کے حوالہ سے دیکھا جائے تو لبرل ازم کی جانب بڑھے گا۔ خواتین سے متعلق سخت قوانین میں نرمی کے ساتھ نئے قوانین متعارف کرائے جانے کے امکانات ہیں۔ میڈیا اور نوجوانوں کی سرگرمیوں کے لحاظ سے مثبت کام کئے جائیں گے۔ ممکن ہے کہ سعودیہ بین الاقوامی چینلز کی نشریات انٹرنیٹ اور دیگر پابندیوں میں نرمی کرے۔ تاہم پڑوسی ممالک کے ساتھ عرب و عجم کا تضاد باقی رہے گا۔ سعودی حکمرانوں اور حکومتی شاہی خاندانوں میں اختلافات سامنے آسکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ شاہی خاندان میں سے کسی خاتون کو مرکزی عہدے پر لائے جانے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ دسویں گھر میں چار ستاروں کا اجتماع شاہی خاندان کی جانب سے ہم خیال عرب ممالک کو ملا کر کوئی نیا اتحاد یا فوجی قوت سامنے آسکتی ہے۔ سعودی مالی حالات میں بہتری آئیگی تاہم جنگی کیفیات اور پڑوسی ممالک کے ساتھ فوجی معاملات اور امریکی مداخلت سعودیہ کے بجٹ کو غیر متوازن بنا سکتی ہے۔ یمن بحرین اور ایران کے ساتھ عراق میں سعودی مداخلت بجٹ کو غیر مناسب کر سکتی ہے۔ نئے ٹیکسز کا اطلاق تارکین وطن کے لئے مشکلات کا باعث بن سکتی ہے۔ یمن کی جانب سے سعودی تنصیبات پر حملے مالی و جانی نقصانات کا باعث بن سکتے ہیں۔ سعودی ذرائع ابلاغ اور میڈیا پر پابندیاں عائد کئے جانے کے امکانات ہیں۔

پاک سعودیہ تعلقات کے نئے دور کا آغاز ہوگا اسکے ساتھ ہی نئے منصوبوں میں سعودی حکومت سرمایہ کاری کرے گی۔ مالی بے ضابطگیاں اور کرپشن پر حکومت کی جانب سے سختیاں کی جائیں گی۔ شاہی خاندان میں بھی کچھ نئے اسکینڈلز سامنے آسکتے ہیں۔ زرمبادلہ کی کمی اور بڑھتے ہوئے جنگی اخراجات سعودی کرنسی کو روبہ زوال کریں گے۔ سعودی عرب پر عالمی ذرائع ابلاغ کا دباؤ بڑھے گا۔ صحافت کے شعبہ میں نئی پابندیاں لگائی جائیں گی۔ موسمی اور قدرتی آفات سعودیہ میں جانی مالی مشکلات کا باعث بن سکتے ہیں خصوصاً اکتوبر تا جنوری اور مئی جون اہم ہو سکتے ہیں حکومتی سطح پر بڑے پیمانے پر تبدیلیاں سامنے آئیں گی۔

امریکہ امریکہ کی جانب سے پڑوسی ممالک کولمبیا وینزویلا اور دیگر ممالک کے ساتھ سرحدی تنازعے سامنے آسکتے ہیں خصوصاً میکسیکو کے ساتھ سرحدی باڑھ اور دیگر علاقوں میں سرحدی پابندیاں امریکہ کے پڑوسی تعلقات خراب کر سکتے ہیں۔ ٹرمپ پالیسیاں امریکی عوام اور دیگر دنیا کے لئے خطرناک ہونگی خصوصاً چین کے ساتھ امریکہ کا بڑھتا ہوا تجارتی معاملہ پوری دنیا کے معاملات پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ گولڈ کی بے تحاشہ خریداری امریکی کرنسی کے کم ہونے اور مالی خسارے میں اضافہ کا باعث بن سکتی ہے۔ ٹرمپ کو امریکی کانگریس کی جانب سے محاسبے کی تحریک کا سامنا ہوگا جبکہ اپوزیشن کی جانب سے ٹرمپ کے کئی منصوبوں میں اختلاف سامنے آسکتا ہے۔ زہرہ کی مضبوطی اپوزیشن کی مضبوطی کو ظاہر کرتی ہے۔ بین الاقوامی سطح پر امریکہ کی یک طرفہ پالیسیوں سے انکار اور فوجی کاروائیوں سے اختلاف امریکہ کے دنیا میں بڑھتے اثر و رسوخ میں کمی کا باعث بنے گا۔ ٹیکسز میں اضافہ، غیر ملک تارکین وطن کے لئے نئے قوانین اور امیگریشن قوانین میں تبدیلیاں امریکی عوام میں ٹرمپ کی مقبولیت میں کمی کا باعث بن سکتی ہیں۔ تیل کی پیداوار میں کمی اور قدرتی محاصل میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ امریکہ کی اقوام عالم میں مداخلت خصوصاً یہود و سعود کی حمایت امریکہ کے بجٹ کو وقتی طور پر سہارا دے سکتی ہے تاہم گرتی ہوئی معیشت کے پیش نظر امریکہ ہتھیاروں کی فروخت میں اضافہ کرنے کے لئے قوانین اور پالیسیوں میں تبدیلیاں لا سکتا ہے۔ اسٹاک مارکیٹس کمی کا شکار رہونگی جبکہ امریکی عوام میں روزگار کی کمی کی وجہ سے حکومت مشکلات میں آسکتی ہے۔ ایران عراق شام یمن بحرین میں براہ راست عرب ممالک کی ایماء پر امریکہ صرف معیشت کو سہارا دیتا نظر آتا ہے کسی نئی جنگ میں امریکہ کی براہ راست مداخلت کا امکان نہیں ہے۔ قدرتی آفات خصوصاً سمندری طوفان اور برف باری سے کئی ایک امریکی ریاستیں متاثر ہو سکتی ہیں۔ قدرتی آفات و سمندری طوفان مالی و جانی نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔ امریکہ پاک تعلقات میں بہتری آئے گی اسکے ساتھ ہی فوجی آلات و سامان پر لگی پابندیوں میں نرمی کا اطلاق پاکستان پر ہونے کے امکانات ہیں۔

نوروز کی شرعی حیثیت

احکام نوروز مورخہ 20 مارچ 2020 مطابق 24 رجب المرجب بروز جمعۃ المبارک 1441 ہجری 7 چیت 2076 بکرمی بوقت صبح 8 بجکر 49 منٹ 29 سیکنڈ (پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم) مطابق دارالحکومت اسلام آباد (73 درجہ 04 دقیقہ شرقی) (33 درجہ 43 دقیقہ شمالی) پاکستان کے مروجہ وقت شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل ہوگا عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو کچھ لکھا جاتا ہے۔ وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ نیا دن اس لئے کہ شمس برج حمل میں داخل ہورہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہیں جن کا دین اور شریعت سے کوئی تعلق ہرگز نہیں ہے۔ ۱۸ ذوالحجہ ۱۰ ہجری چونکہ اتفاقاً ۲۱ مارچ کو آگیا۔ اس لیے اس جشن کو دوہرا منانے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کر دیا گیا۔ ہم جو اعمال بجالاتے ہیں وہ 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی اکیسویں مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں۔ مگر سال بائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے۔ وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثلاً یہ واقعات ایک نئے دن سے متعلق ہیں۔ اس لیے یاد خدا میں تشکر کے طور پر اعمال بجالائے جاتے ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے۔ کہ اس دن کو آل محمدؐ نے اپنا دن فرمایا ہے۔ (۱) اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں سے عہد لیا ہے کہ اس کی واحدنیت کے ساتھ عبادت کریں۔ (۲) یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی۔ (۳) حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا۔ (۴) رجعت آئمہ طاہرین اور حضرت علیؑ کی خلافت ظاہرہ (۵) حضرت محمدؐ پر نزول وحی کا آغاز ہونا۔ (۶) حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا۔ (۷) حضرت علیؑ کا خوارج پر فتح پانا۔ (۸) حضرت علیؑ کا تطہیر کعبہ کا عمل بجالانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں۔ یہ اعمال، نوافل، دعائیں اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ متذکرہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں۔ جن کی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

سال 2020 عدد 4 کی حکومت

قاری منیر
حسین محمدی
0300-4352315

جمعرات: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

جمعہ: یَا اللّٰهُ مَحْمُوْدٌ فِیْ كُلِّ فِعَالِهٖ

بسم اللہ الرحمن الرحیم [illegible]

خوشحال کاروبار اعداد کے آئینے میں

محمد اکمل خان ماہر علوم مخفی
0301-4578467
0333-4578467

قارئین السلام علیکم! شادی اور محبت کے لیے دو اشخاص کے درمیان ذہنی و روحانی ہم آہنگی کاروبار اور بزنس پارٹنر شپ کی نسبت قدرے الگ ہوتی ہے۔ یہاں پر ایک کامیاب بزنس (مالی معاملات) کے لیے موزوں بزنس پارٹنر یا کارکن کے انتخاب کا طریقہ لکھا جا رہا ہے۔ اگرچہ اختصار سے کام لیا گیا ہے اس کے باوجود یہ طریقہ ان شاء اللہ آپ کے بزنس کے لیے نہایت مُفید اور معاون ہوگا کیونکہ اس کے ذریعے آپ اپنے بزنس پارٹنر یا ورکر کی نفسیات، فطری خامیوں اور خوبیوں کو جانچنے کے قابل ہو جائیں گے۔ اس کے لیے دونوں پارٹنرز کی درست تاریخ پیدائش سال، مہینہ اور دن کے اعداد کو باہم جمع کریں اور اس کا مجموعہ درج ذیل تفصیل سے چیک کریں۔ تاریخ پیدائش درست معلوم نہ ہو تو دونوں اشخاص کے مکمل نام کے مُفرد اعداد نکال کر اس تحریر سے استفادہ کیجیے۔ کسی شخص کا مکمل عددی زائچہ مزید واضح معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ 2017ء کی امامیہ جنتری میں راقم کا شائع شدہ کالم "تعلقات حُروف اعداد کے آئینے میں" کا مطالعہ موجودہ تحریر کے ساتھ نہایت مُفید ہے۔ مفصل معلومات کے لیے فون کال پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہمارے فیس بک اور یوٹیوب پیج madinaturruhaniat اور palmistry online سے مُنسلک ہو کر بیش قیمت معلومات کا خزانہ حاصل کر سکتے ہیں۔ کاروباری ترقی، پارٹنر کے ساتھ مضبوط اور بہترین تعلق اور کارکنوں کے درمیان اتفاق و اتحاد کے لیے ادارہ ہذا سے رُوحانی مدد لی جا سکتی ہے۔

یہاں پر تاریخ پیدائش اور نام کے مفرد اعداد سے مثال پیش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر محترم موسیٰ رضا آفندی صاحب کی تاریخ پیدائش 22-06-1951 ہے

اور محترم شاہ عمران علوی صاحب کی تاریخ پیدائش 15-03-19973 ہے۔ دونوں مل کر ٹور ازم کا کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔ دونوں اشخاص کے درمیان کاروباری صلاحیتیں اور ہم آہنگی اس طرح معلوم کریں گے۔ اعداد نکالنے کا طریقہ جنتری میں دیکھیے۔

موسیٰ رضا: 1117=1+1+1+7=10=1+0=1 اعداد

اعداد تاریخ پیدائش

22+06+1951=1979=1+9+7+9=26=2+6=8

موسیٰ رضا نام کا مُفرد عدد 1 اور تاریخ پیدائش کا مُفرد عدد 8 حاصل ہُوا۔

شاہ عمران: 667=6+6+7=19=1+9=10=1+0=1

اعداد تاریخ پیدائش

15+3+19173=1991=1+9+9+1=20=2+0=2

شاہ عمران نام کا مُفرد عدد 1 اور تاریخ پیدائش کا مُفرد عدد 2 حاصل ہُوا۔ دونوں کے نام کا مُفرد عدد ایک (1) ہے۔ دونوں لیڈر، محنتی، پُرعزم، اور حالات پر چھا جانے والے ہیں اور اپنے ہدف تک ہر صُورت پہنچنے کی صلاحیت سے مالا مال۔ پارٹنر شپ کی صُورت میں ان کو ایک دُوسرے سے سختی سے تعاون کرنا ہوگا اور معاہدے کی تحریر کے مطابق چلنا ہوگا اور اختلاف سے پرہیز کرنا ہوگا ورنہ ان کی کاروباری شراکت باہمی جھگڑوں کی نظر ہو سکتی ہے۔ اگر یہ تعلق کمپنی اور ورکر کے درمیان ہو تو خوب ہے کیوں کہ ورکر کی صلاحیتوں کے مطابق ترقی کا وسیع امکان ہے۔

ایک سے نو تک بھی اعداد کا ایک دوسرے سے کاروباری تعلق اس طرح ہے

1+1: دونوں لیڈر، محنتی، پُرعزم، اور حالات پر چھا جانے والے اور اپنے ہدف تک ہر صُورت پہنچنے کی صلاحیت سے مالا مال۔ پارٹنر شپ کی صُورت میں ان کو ایک دُوسرے سے سختی سے تعاون کرنا ہوگا اور اختلاف سے پرہیز کرنا ہوگا ورنہ ان کی کاروباری شراکت باہمی جھگڑوں کی نظر ہو سکتی ہے۔ یہ تعلق کمپنی اور ورکر کے درمیان ہو تو خوب ہے۔

تاریخ پیدائش کے لحاظ سے عدد 8 اور عدد 2 کا تعلق کچھ اس طرح ہے:

عدد 8 منتظم، پُرعزم، خود سر اور محنتی ہے جب کہ عدد 2 اچھا ماتحت ہے اور حکم ماننے اور کام کے متعلق تفصیلات وغیرہ جمع کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہے۔ عدد 8 عدد 2 کی صلاحیتوں کا بہترین طریقے سے استعمال کر سکتا ہے۔ لیکن عدد 2 زیادہ سختی برداشت نہیں کرتا اس لیے عدد 8 کو چاہیے کہ اس پر زیادہ دباؤ نہ ڈالے ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔ مجموعی طور پر دونوں اعداد سانجھے کاروبار میں یا ایک دوسرے کی کمپنی کے لیے بہترین ہیں۔

1+2: عدد ایک لیڈر ہے اور اچھا منصوبہ ساز ہے جبکہ دو ایک اچھا ماتحت ہے اس صُورت میں دونوں کی پارٹنر شپ سے کاروبار خوب ترقی کرے گا۔ کمپنی کی صُورت میں عدد ایک اور دو کے درمیان تعلق بہترین نتائج کا حامل ہوگا۔

1+3: ایک کی لیڈرانہ صفات عدد تین کے تخیل، ذہانت اور کچھ کرنے کی خواہش کے ساتھ مل کر کامیابی سے ہم کنار ہوں گے۔ اس صورت میں عدد تین کو اپنی سستی اور غفلت کو چھوڑنا ہوگا۔ عدد 1 عدد 3 کمپنی کا ورکر ہو تو صرف ایک سیکشن تک محدود رہ سکتا ہے جبکہ عدد 3 عدد 1 کمپنی کے ساتھ اپنی ذہانت، ہمہ گیریت اور جوشیلے پن سے بہت کامیاب ہوگا۔

1+4: عدد 1 متحرک اور پُرجوش ہے جبکہ عدد 4 محتاط ہے اس صورت میں دونوں کا پارٹنر بننا مسائل پیدا کر سکتا ہے۔ عدد 1 عدد 4 کی کمپنی میں کامیاب نہیں ہوگا اور اسی طرح عدد 4 عدد 1 کی کمپنی میں کامیاب نہیں ہوگا۔ بصورت دیگر سمجھوتہ کرنا ہوگا۔

1+5: دونوں اعداد آزاد، خود مختار اور جدت پسند ہیں اس لیے دونوں اعداد کو اپنی حاکمانہ اور آزاد طبیعت پر ضبط کر کے ایک دوسرے کی بات سُننی ہوگی، اس صُورت میں پارٹنر شپ کامیاب ہوگی۔ عدد 1 عدد 5 کی کمپنی میں کامیاب ورکر ثابت ہوگا جبکہ عدد 5 عدد 1 کمپنی میں اپنی آزاد فطرت اور بے چین طبیعت کی وجہ سے کامیاب نہیں ہوگا۔

1+6: عدد 1 اور عدد 6 ایک کامیاب کاروبار چلا سکتے ہیں۔ عدد 6 اپنی نرم اور مقناطیسی طبیعت کی وجہ سے لوگوں کو پیار سے ہینڈل کر سکتا ہے۔ عدد 1 کو اپنی حاکمانہ طبیعت کنٹرول میں رکھنی ہوگی۔ عدد 1 عدد 6 کی کمپنی میں کامیاب ثابت ہوگا اور اسی طرح عدد 6 عدد 1 کی کمپنی میں کامیاب ہوگا۔

1+7: عدد 1 لیڈر، ورکر اور حقیقت پسند ہے جبکہ عدد 7 تنہائی پسند فلسفیانہ طبیعت اور بہت کم مادیت پسند ہے اس وجہ سے عدد 1 عدد 7 کو بار بار مہمیز کرے گا اور یہ بات عدد 7 کی طبع پر ناگوار گزرے گی۔ عملی طور پر زیادہ کام عدد 1 کو سنبھالنا ہوگا۔ پارٹنر شپ میں یہ کم زور تعلق ہوگا۔ عدد 1 کو عدد 7 کی کمپنی میں خاص کامیابی نہیں ہوگی۔ جبکہ عدد 7 عدد 1 کی فرم میں کسی حد تک کامیاب ہو سکتا ہے۔

1+8: عدد 1 اور عدد 8 دونوں محنتی، پُرعزم اور حصول مقصد کے لیے جان لڑانے والے ہیں۔ ان دونوں کی پارٹنر شپ سے کاروبار کو بہت فائدہ ہوگا۔ لیکن ان دونوں کو محتاط رہنا ہوگا کیونکہ جھگڑے کی صُورت میں نتائج بالکل برعکس ہوں گے اور کاروباری نقصان ہوگا۔ بالکل اسی طرح عدد 1 عدد 8 کی کمپنی میں اور عدد 8 عدد 1 کی کمپنی میں بہت ترقی کریں گے بشرطیکہ صبر سے کام کریں اور آپس میں جھگڑا مت کریں۔

1+9: عدد 1 اور عدد 9 دونوں محنتی، پُرعزم اور حوصلہ مند اعداد ہیں۔ ان دونوں کی پارٹنر شپ بہت کامیاب ہوگی۔ جب کہ اسی طرح دونوں اعداد ایک دوسرے کی کمپنی کے اچھے ورکر بھی ثابت ہوں گے اور کاروبار بہترین ترقی کرے گا۔

2+2: دونوں اعداد معاونت کرنے والے، امن پسند اور مصلحت کوش ہیں۔ مگر قوتِ فیصلہ کی کمی کی وجہ سے پارٹنر شپ میں اور ایک دوسرے کی فرم میں زیادہ بہتر نہیں۔

2+3: بزنس پارٹنر شپ اور ایک دوسرے کی کمپنی یا فرم میں کامیاب رہیں گے۔

2+4: پارٹنر شپ اور ایک دوسرے کی کمپنی کے لیے مُفید کارکن ہیں مگر ترقی کی رفتار دھیمی ہوگی۔

2+5: بزنس پارٹنر شپ اور ایک دوسرے کی کمپنی کے لیے مُفید نہیں ہیں۔

2+6: دونوں اعداد بزنس پارٹنر شپ میں ترقی نہیں کر سکتے مگر ایک دوسرے کی کمپنی میں بطور ورکر خوش رہیں گے۔

2+7: دونوں اعداد بزنس پارٹنر شپ میں اور بطور ورکر ایک دوسرے کے لیے مُفید ہیں۔ اگر مادّی معاملات کی بجائے روحانیت پر مل کر کام کریں تو بہت بہتر ہے۔

2+8: دونوں اعداد ساجھے کاروبار میں یا ایک دوسرے کی کمپنی کے لیے بہترین ہیں۔

2+9: پارٹنر شپ میں اور ایک دوسرے کے کاروبار میں بطور ملازم کامیاب رہیں گے۔

3+3: دونوں کی پارٹنر شپ مشروط ہے کہ وہ اپنی خامیوں پر قابو پا کر ایک دوسرے سے تعاون کریں تو خُوب ترقی ہوگی ورنہ نقصان ہوگا۔ جبکہ دونوں ایک دوسرے کی ملازمت نہیں کر سکتے۔

3+4: دونوں متضاد طبیعتوں کی وجہ سے کمپرومائز کی صورت میں بہتر بزنس پارٹنر اور ملازم ثابت ہو سکتے ہیں ورنہ دونوں ایک دوسرے کو ڈسٹرب کرتے رہیں گے۔

3+5: دونوں اعداد بزنس پارٹنر شپ میں کامیاب رہیں گے۔ دونوں ایک دُوسرے کی ملازمت میں یا تو لُٹیا ڈبو دیں گے یا اپنی طاقتور اور بے چین طبیعت پر قابو پا کر بہت مُفید ثابت ہوں گے۔

3+6: دونوں اعداد ساجھے کاروبار میں یا ایک دوسرے کی ملازمت میں بہت مُفید ثابت ہوں گے۔

3+7: دونوں بہترین بزنس پارٹنر اور بہترین ملازم ثابت ہوں گے۔

3+8: پارٹنر شپ اور ملازمت میں بہترین اور بطور افسر و ماتحت طاقتور لیم ہیں۔

3+9: بطور بزنس مین کامیاب نہیں رہیں گے بصورت دیگر ان دونوں کو سختی سے اپنی خامیوں پر قابو پانا ہوگا تب جا کر کامیابی نصیب ہوگی۔ اسی طرح طویل عرصہ کے لیے بطور ملازم بھی مُفید نہیں۔

4+4: دونوں پارٹنر شپ میں اور ایک دوسرے کی ملازمت میں بہترین ہیں۔

4+5: دونوں بطور بزنس پارٹنر بہت خوب ترقی کریں گے اور ملازمت میں ناکام۔

4+6: ذاتی، کاروباری لحاظ سے اور بطور ورکر ان دونوں اعداد کا بہترین تعلق ہے۔

4+7: پارٹنر شپ کے لیے بہترین مگر 7 عدد 4 عدد کی کمپنی میں زیادہ کامیاب نہیں۔

4+8: مشترک کاروبار اور ایک دوسرے کی ملازمت کے لیے بہترین ہیں۔

4+9 بزنس پارٹنر شپ یا ایک دوسرے کی ملازمت کے لیے ناموزوں ہیں۔

5+5: سانجھا کاروبار ہو یا ایک دوسرے کی ملازمت، بہت اختلاف رہے گا۔

5+6: دونوں اعداد ساجھے داری میں مالی ترقی کر سکتے ہیں اور بطور ملازم بھی۔

5+7: ساجھے داری ہو یا ایک دوسرے کی ملازمت، خراب تعلق رہے گا۔

5+8: کاروباری سطح پر ساجھے داری اور ایک دوسرے کی ملازمت بہت خوب ہے۔

5+9: شراکت کی صورت میں فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ایک دوسرے کی ملازمت کی صورت میں کچھ زیادہ مُفید تعلق نہیں ہے۔

6+6: دونوں اعداد بزنس پارٹنر شپ میں زیادہ مالی فوائد حاصل نہیں کر سکتے اور نہ ہی ایک دوسرے کی فرم میں قابل ذکر خدمات انجام دے سکتے ہیں۔

6+7: دونوں اعداد کے درمیان بالکل مختلف رُجحانات ہیں جس کی وجہ سے ذاتی زندگی، پارٹنر شپ یا ملازمت کی صورت میں صرف خرابی کے واضح امکانات ہیں۔

6+8: بہترین بزنس پارٹنر ثابت ہوں گے۔ ایک دوسرے کی ملازمت میں بھی خوب فائدہ حاصل کریں گے۔

6+9: دونوں میں کامیاب بزنس مین بننے کی صلاحیت طاقتور نہیں اس لیے ساجھے داری اور ایک دوسرے کی ملازمت میں نمایاں مالی فوائد حاصل نہیں کر سکتے۔

7+7: دونوں اعداد میں کاروباری صلاحیتیں نہ ہونے کی وجہ سے بزنس پارٹنر شپ اور ایک دوسرے کی ملازمت غیر مُفید ہے اور مالی ترقی میں ناکامی ہوگی۔

7+8: کاروباری شراکت میں دونوں ایک دوسرے کے لیے مُفید ہیں۔ جبکہ عدد 7 عدد 8 کے ماتحت کام کرنے میں ناکام ہوگا جبکہ عدد 8 اس کے برعکس ہے۔

7+9: مالی معاملات میں پارٹنر شپ کے دونوں اعداد ناموزوں ہیں جب کہ بطور ملازم بھی مادی معاملات میں ترقی نہیں کر سکتے۔

8+8: دونوں اگر اپنی جذباتیت پر قابو پالیں تو بہترین بزنس پارٹنر بن سکتے ہیں۔ ملازمت کی صورت میں بھی ضبط سے کام لیں تو ایک دوسرے کے لیے مُفید ہیں۔

8+9: بزنس پارٹنر شپ کے لیے دونوں کا تعلق میانہ ہے۔ دونوں اپنی خامیوں پر قابو پالیں تو ترقی کر سکتے ہیں۔ جب کہ ملازمت کی صورت میں ایک دوسرے کے لیے قطعاً مُفید نہیں۔

9+9: بزنس پارٹنر شپ کی صورت میں درمیانہ درجے تک بہتر ہو سکتے ہیں۔ جب کہ مالی معاملات میں ایک دوسرے کی ملازمت ان کے لیے مالی فوائد کی حامل نہیں۔

محمد اکمل خان ماہرِ علوم مخفی

مدینۃ الروحانیت، جامعہ حسینیہ وارڈ 13، کروڑ لعل عیسن ضلع لیہ۔ پنجاب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ الَّذِیْ عَلِیٌّ فِیْ دَرَجَاتِهٖ وَحَسَنٌ فِیْ صِفَاتِهٖ وَشَهِیْدٌ فِیْ تَجَلِّیَاتِهٖ وَزَیْنُ الْعَابِدِیْنَ وَبَاقِرُ عِلْمِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَصَادِقٌ فِیْ اَقْوَالِهٖ وَكَاظِمٌ فِیْ جَمِیْعِ اَحْوَالِهٖ وَمُتَمَكِّنٌ فِیْ مَقَامِ الرِّضَا وَالْجَوَادُ الْكَفُّ عِنْدَ الْعَطَاءِ وَهَادِیْ اِلٰى سَبِیْلِ النَّجَاةِ وَعَسْكَرِیٌّ فِی الْغَزَاتِ وَمَهْدِیْ اِلٰى طَرِیْقِ الْیَقِیْنِ وَاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ

اصل خوشی کا راز

فرح علی
North America
001 306 715 5513

ہمارے دماغ میں ایک دن میں 55000 سے 65000 یا زیادہ سے زیادہ 80000 تک خیالات آتے ہیں۔ اس لئے اس کو Monkey Mind کہتے ہیں۔ اس میں 80 فیصد خیالات منفی ہوتے ہیں۔ دماغ ایک بچے کی مانند ہوتا ہے جسے سکھانا پڑتا ہے اور بار بار دہرا کر بتانا پڑتا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم اپنا Mindset بدلیں اور اپنی حقیقت کو سمجھیں کہ ہم کون ہیں۔ جب ہمیں کچھ حد تک اپنی پہچان ہو جائے گی تو ہمیں سکون اور خوشیوں کو بھی حاصل کرنے میں آسانی ہو جائے گی۔ کسی جاندار کو جب اس کی فطرت سے دور کیا جائے گا تو وہ پریشان ہو جائے گا۔ اسی طرح انسان جسمانی، روحانی، ذہنی اور جذباتی عناصر سے مل کر بنا۔ اور ان چاروں میں سے کسی ایک کا توازن ٹھیک نہ ہو تو زندگی کی گاڑی ٹھیک نہیں چلے گی۔

انسان اپنے آپ کو زیادہ Physical Being سمجھتا ہے جبکہ جسم ایک لباس کی مانند ہے۔ روح یا Spiritual Being کو سمجھنا اور اس پر Mindset کرنا ہمیں بہت سے مسائل سے آزاد کر دیتا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے۔ روح کبھی مرتی نہیں جبکہ جسم ایک وقت تک زندہ رہتا ہے۔ جب ہم Physical Being کو سمجھتے ہیں تو ہماری Approach باہر کی دنیا کی جانب ہوتی ہے جو کہ ہمیں نیچے لے جاتی ہے یعنی پستی کی طرف۔ مگر جب ہم Spiritual Being کو سمجھتے ہیں تو ہماری Approach ہمارے اندر کی جانب ہوتی ہے یعنی ہم اپنے ساتھ کام کرتے ہیں۔ روح کی پاکیزگی بلندی کی طرف لے جاتی ہے۔ یعنی روح کے ساتھ کام کرنے سے ہم بلندی کی طرف بڑھتے ہیں۔

دونوں کا موازنہ: اصل خوشی کا راز خود کو Spiritual Being سمجھنے میں ہے جس سے ہماری Priorities بدل جائیں گی اور مستقل سکون اور Joy ملے گا۔ Spiritual Being سمجھنے سے Attachments ختم ہوتیں اور ہم اللہ کی جانب مزید نزدیک ہو جاتے ہیں۔ ہم اپنے علاوہ دوسروں کے مسائل بھی حل کر سکتے ہیں۔ آپ ہلکا پن محسوس کریں گے اور آپ میں قناعت پسندی آئے گی۔ آپ کسی کے لئے بھی Judgmental نہیں ہوں گے۔ آپ اپنے اندر کی آواز کو زیادہ سے زیادہ Practice کے ساتھ سنتے جائیں گے اور ہمیشہ کے لئے زندہ رہیں گے کہ روح کبھی مرتی نہیں۔ ہم Physical Being کو سمجھنے سے مادیت یعنی دنیا سے منسلک ہو جائیں گے۔ یوں ہم مشکل سے اپنی زندگی گزار سکیں گے۔ ہماری ین اور Stress کا شکار ہوں گے۔ ابھی ایک چیز حاصل نہ ہو پائے گی کہ دوسری کی تلاش اور پھر تیسری کی تلاش شروع ہو جائے گی۔ آپ اپنے اندر کی آواز نہیں سن سکیں گے۔ اصل خوشی کا راز Spiritual Being کو سمجھنے میں ہے۔ Spiritual Being سے مستقل سکون اور Joy ملتا ہے جبکہ Physical Being سے صرف عارضی خوشی ملتی ہے۔ اپنی سوچ اور الفاظ پر خاص توجہ دیں۔ کہا جاتا ہے کہ ہماری خواہشات ہماری سوچ بنتی ہیں، ہماری سوچ ہمارے الفاظ، ہمارے الفاظ ہمارے Actions، ہمارے Actions ہماری عادات (Habits)، ہماری عادات ہمارا کردار (Character) اور ہمارا کردار ہماری قسمت (Destiny) کا تعین کرتا ہے۔ اپنے دماغ کو مثبت سوچوں کی طرف لے کر جائیں اور جب الفاظ ادا کریں تو سوچ سمجھ کر کریں۔ ہر لفظ کی Vibrations اور Energy ہوتی ہے۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ اچھی بات منہ سے نکالیں۔ جب سوچ اچھی ہوگی، الفاظ اچھے ہوں گے تو Actions بھی اچھے ہوں گے۔ یہ عوامل آپ کے لئے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

- اچھی صحبت
- منشیات سے پرہیز
- مراقبہ (جو کہ بہت اچھی ذہنی ورزش ہے)
- ایمانداری کی زندگی
- اچھی باتوں کو ماحول میں بھی پھیلانا

دعا برائے مرحومین: اپنے مرحومین مومنین کو جہاں کہیں بھی ہوں اس دعا سے یاد رکھیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَآءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ تَابِعْ بَیْنَنَا وَبَیْنَھُمْ بِالْخَیْرَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ترجمہ: اے معبود بخش دے مومن مردوں اور مومن عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ان میں سے جو زندہ ہیں جو مر گئے ہیں تو ہمیں اور ان کو نیکیوں میں باہم ملا دے بیشک تو دعائیں قبول کرنے والا ہے یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

جادو

ڈاکٹر سید مسرور حسین رضوی
0345-2372669
masroorizvi63@yahoo.com

جادو اردو زبان کا معروف لفظ ہے۔ عربی میں اس کے لیئے سحر کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اس کے لغوی معنی ہیں دھوکا دینا، حیلہ کرنا، فریفتہ کرنا، حقیقت سے پھرنا، باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا، کسی چیز کو ایسی ملمع سازی کر کے پیش کرنا کہ دیکھنے والے حیران و ششدر رہ جائیں۔ اس میں مہارت اور تجربہ لازمی شے ہے۔ درحقیقت یہ باطل علم ہے مسلمانوں کے لئے اس کا سیکھنا اور سکھانا اور عمل کرنا کفر ہے۔ ایسے لوگ بہت کم ہوتے ہیں جو جادو جانتے ہیں لیکن جادو کا نام لے کر فراڈ کرنے والے اور ناواقف لوگوں کو دھوکا دینے والے بہت ہیں اور دنیا کے ہر ملک اور قوم میں پائے جاتے ہیں درحقیقت یہ لوگ ابلیس کے نائب اور چیلے ہوتے ہیں اور انتہائی شاطر، مفاد پرست اور مکار ہوتے ہیں۔ وہ جنات و شیاطین کی تسخیر کرتے ہیں گندگی اور غلاظت کھاتے ہیں۔ ان کے دلوں میں انسانیت کی رمق بالکل بھی باقی نہیں رہتی اس لئے ان کا حشر بڑا عبرت ناک ہوتا ہے۔ یہ لوگ اکثر و بیشتر علاقوں میں موجود ہوتے ہیں۔ جاہل مرد اور عورتیں جن کا دین سے ذرا بھی تعلق نہیں ہوتا ان شیاطین کا شکار ہوتے ہیں اور اپنی زندگی کا سرمایہ جو بڑی محنت و اور تگ و دو کے بعد کمایا ہوتا ہے اُن کی نذر کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات اپنی عزت اور جان عزیز بھی نثار کر دیتے ہیں۔ جادو کی آٹھ اقسام ہیں۔ جادو انسان کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ اگر کسی کو گولی ماردی جائے تو وہ اسی وقت مر جاتا ہے لیکن اگر کسی پر جادو کر دیا جائے تو وہ بلک بلک کر سسک سسک کر مرتا ہے، تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اس لئے ہمارے مذہب میں جادو کرنا اور کروانا دونوں حرام ہیں۔ یہودیوں نے جناب رسول ﷺ پر جادو کر دیا تھا۔ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کے نزول کی یہی وجہ ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم دینی علم اتنا ضرور حاصل کر لیں جو ہمیں بنیادی باتوں سے آگاہ کر سکے۔

عقائد ہوں یا معاملات، عبادات ہوں یا اخلاق یا معاشرت ہم کو ہر ہر بات کا بنیادی علم حاصل کرنا ضروری ہے اور فرض ہے تا کہ ہم اسلامی معاشرے کے اچھے فرد کی حیثیت سے اپنے فرائض کی ادائیگی پوری طرح کر سکیں۔ ہمیں چاہئے کہ ہم ہر وقت ظاہری اور باطنی طور پر پاک صاف رہیں۔ صبح و شام وہ دعائیں پڑھیں جن کی تاکید احادیث میں آئی ہے، جن کے پڑھنے کے بعد دنیا کی کوئی طاقت ہم کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ تھوڑی سی فکر اور توجہ سے ہمارا ہر لمحہ حق تعالیٰ کی عبادت بن جائے گا۔ بس تھوڑی سی فکر، توجہ اور ہمت کی ضرورت ہے۔

جادو شیاطین جنات کا اثر معلوم کرنے طریقہ

مریض کے سر سے پیر تک، پیشانی سے پاؤں کے انگوٹھے تک نیلے رنگ کے دھاگے کے گیارہ تار لے کر اکٹھا کر لیں۔ اب اس ڈورے کے تار سے مریض کا قد ناپیں یعنی پیشانی سے انگوٹھے تک۔ اس کے بعد ڈورے کے ان گیارہ تاروں کی چار تہہ کر لیں اس کے بعد دھاگے کے ایک سرے پر ڈھیلی گرہ لگائیں سورۃ فلق ایک مرتبہ پڑھیں اور گرہ پر پھونک مار کر کس دیں گرہ بند کر دیں اسی طرح گیارہ گرہیں لگائی جائیں اور پھونک مار کر بند کر دی جائیں۔ اب دھاگے کو جلتے ہوئے کوئلوں پر ڈال دیں۔ دھاگہ جب جلے گا تو اس میں سے بدبو آئے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر اثر ہے۔ جب تک بدبو بالکل ختم نہ ہو جائے یہ عمل جاری رکھا جائے۔

دوسرا طریقہ: رات کی پہنی ہوئی قمیض یا بنیان لیں اس کو انچی ٹیپ یا فیتے سے ناپ لیں۔ اس کے بعد اس پر سورۃ فلق سورۃ الناس سورۃ اخلاص سورۃ الکافرون اور آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ اب قمیض یا بنیان کو پھر ناپیں۔ اگر قمیض یا بنیان کی لمبائی بڑھ جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر جنات یا آسیب کا اثر ہے۔ اگر گھٹ جائے تو اس کا مطلب ہے کہ اس پر جادو ہوا ہے اور اگر برابر رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

سحر مدفون

اگر کسی نے جادو کر کے کوئی چیز گھر میں چھپا دی ہو یا دفن کر دی ہو اور اس کا پتہ چلانا ہو تو یہ عمل کیا جائے۔ تو تھوڑے سے پانی پر سورۃ الانفطار پارہ ۳۰ تین مرتبہ پڑھ کر دم کی جائے۔ اس کے بعد اس پڑھے ہوئے پانی سے گھر کی دیواروں پر چھینٹے مار دیئے جائیں یہ عمل مسلسل تین دن کیا جائے دعا کی جائے کہ یارب العالمین اگر کسی نے جادو کروا کر کوئی شے چھپا دی ہے یا دبا دی ہے تو وہ نظر آ جائے، معلوم ہو جائے۔ انشاءاللہ وہ چیز ضرور نظر آئے گی اگر کوئی مشکوک چیز نظر آئے تو اس کو لکڑی سے ایک طرف کر کے تھوڑا سا پانی اس پر ڈال دیں اس طرح اس کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ ہاتھ سے بالکل نہ پکڑیں۔

جادو کرنے والے کا پتہ چلانا

گیارہ دن کا عمل ہے۔

جمعرات سے شروع کیا جائے گا۔ عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اس کے درمیان ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم سبحانک لا الہ الا انت یا رب کل شیء دعا کریں۔

دوسرا عمل سوتے وقت وضو کرلیں۔ دائیں کروٹ لیٹ جائیں۔ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد اللہ تبارک و تعالیٰ کے یہ نام بلاگنتی پڑھتے سو جائیں۔ دل میں خیال رکھیں کہ جس نے بھی کچھ کیا ہو نظر آ جائے۔ جب بھی سونے لگیں یہ عمل کریں انشاء اللہ خواب میں نظر آ جائے گا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کے نام۔

یا نور۔ یا باسط۔ یا ظاہر پڑھے جائیں گے۔

جادو سے متعلق جو سوالات انسانی ذہن میں پیدا ہوتے ہیں وہ یہ جادو کس نے کیا؟

جادو کس طرح کیا گیا؟ جادو کروانے والا کوئی مرد ہے یا عورت یا مشترکہ طور پر کروایا گیا؟ جادو کروانے والا کوئی قریبی عزیز ہے یا کوئی خونی رشتہ رکھنے والے نے کروایا؟

ان تمام سوالات کے جوابات علم رمل کے ذریعے سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ جو کہ انبیائی علم ہے جو انگریزی زبان میں (GEOMANCY) کہلاتا ہے۔ جس کے سے مکمل معلومات کسی ماہر رمل کے ذریعے سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

تحریر و تحقیق: ڈاکٹر سید مسرور حسین رضوی (کراچی)
رابطہ: 0345-2372669 موبائل بند ہونے کی صورت میں (SMS) کریں۔
Whatsapp:0345-2372669-0311-6869786
Google Search:Syed Masroor Hussain Rizvi Web: talasheilm.blogspot.com

مناجات امیر المومنین حضرت علیؑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰھی کفیٰ بی عزاً ان اکون لک عبداً و کفیٰ بی فخراً ان تکون لی ربا انت کما احب فاجعلنی کما تحب

ترجمہ میرے معبود میری عزت کے لیے یہی کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں اور میرے لیے یہی فخر کافی ہے کہ تو میرا پروردگار ہے تو ایسا ہے جیسا کہ میں چاہتا ہوں پس مجھے ویسا ہی بنا دے جیسا کہ تو چاہتا ہے (مفاتیح الجنان)

علم جفر کے کرشمات حرف ن

ڈاکٹر خالد شفیع المسیح کلینک نزد ریلوے اسٹیشن بھکر
0334-6965512

ن والقلم وما یسطرون ن حروف مقطعات یا روحانی حروف سے اس کا تعلق ہے ن کے اعداد قمری 50 جن کا مفرد عدد 5 بنتا ہے اور ملفوظی نون کے اعداد 106 ہیں جن کا مفرد عدد 7 ہے اور جدول ابجد شمسی میں ن کے مفرد عدد 7 ہیں اور نون = ن و ن کے مفرد عدد 7 ہیں یہ روحانیت میں با کمال عدد ہے حرف ن کی منزل سماک اور اس کا موکل نورائیل ہے ن کا عنصر بادی اور سمت اس کی مغرب ہے وہ اسماء جن کے حروف ن آتا ہے وہ اپنے اندر مقناطیسی کشش رکھتے ہیں جو کہ ہر قسم کی بندشیں، رکاوٹیں ختم کر کے زندگی کی کامیابی کی راہیں کھول دیتے ہیں اور یہ لوح بند تالوں کی چابی ہے روحانی جسمانی تکالیف گھریلو ناچاقی روزگار کا نہ ملنا شادی میں رکاوٹ جو کہ ایک مرتبہ رشتہ دیکھنے آتے ہیں دوبارہ پلٹ کر نہیں آتے ناکامیوں کے بعد کامیابیوں کا آغاز اور خوشگوار زندگی پیام مسرت اور قسمت کا عروج میں ہونا اس لوح ن میں پوشیدہ ہے۔

طریقہ اپنا مکمل نام و مقصد کے حروف اور نقاط گن کر پھر ان اسماء کے نام کے حروف اور نقاط گن لیں پھر ان دونوں کو جمع کر کے 21 عدد نفی کر کے خانہ نمبر 13 تا 16 تک لوح کو اعداد میں تبدیل کر کے حروف میں پر کر لیں

مثال عرفان رضا کے کاروبار میں ترقی ہو۔

حروف 26 نقاط 10 = 26+10 = 36 یا حنان یا منان یا سبحان یا دیان یا سلطان یا حسن یا حسین کے حروف و نقاط 43 ہوئے دونوں کو جمع کیا 36+43=79 نفی 21 عدد ہوئے باقی 58 کو حروف بنا کر لکھیں۔

علم جفر کے قاعدے کے مطابق

مثال اعداد	58	59	60	61
حروف میں	ح ن	ط ن	س	اس

بسم اللہ الرحمن الرحیم		اللھم صل علی محمد و آل محمد	
1 ا	18 طات	11 ھو	8 ح
12 واجب	7 ز	2 ب	13 ح ن
6 و	9 حا	16 اس	3 ج
15 س	4 د	5 ہ	10 حب

ن والقلم وما یسطرون یا حنان یا منان یا سبحان یا سلطان یا حسن یا حسین عرفان رضا کے کاروبار میں ترقی ہو ن ن ن ن ن ن

لوح فتوحات عظیمہ

حکیم شاعر اہلبیت
خضر عباس پیاسی
0346-7328884
0333-6431553

خداوند تعالیٰ مسبب الاسباب ہے اس پر آشوب دور میں سچے دل سے خداوند قدوس کو ہی چارہ ساز بناؤ۔ وہی رحم کرے تو سب کچھ ہے ہر شخص آرام کی زندگی بسر کرنے کا خواہش مند ہے مگر قدرت کی طرف سے غیب سے امداد ہو تو سب مسائل حل ہوں گے اللہ تعالیٰ کے خزانے بھرپور ہیں وہی مدد فرمائے تو کام بنے گا۔ اگر ہم خداوند قدوس کے حضور عاجزی وانکساری سے درخواست کریں تو اس ذات بابرکت کے لیے ذرا بھر بھی مشکل نہیں ہے کہ غیب کے خزانے اور فتوحات کے تمام دروازے کھول دے۔ قرآن پاک کی عظیم سورۃ مبارکہ سورۃ نصر میں حضرت محمد ﷺ کی فتوحات عظیمہ کی بشارت دی گئی ہے۔ اس عظیم سورۃ مبارکہ اور مقدس دعا سے **لوح فتوحات عظیمہ** تیار کرنے کا مجرب و لاثانی طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔

امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے علم کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے کہ اثرات و برکات اس لوح میں پنہاں ہیں۔ خدائے بزرگ و برتر کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگیں۔ اللہ تعالیٰ اس لوح کی برکت سے آپ کو ہر مقصد میں کامیابی عطا فرمائے گا۔

یہ لوح ایک چلتا جادو ہے جس کے طلسماتی اثرات بہت قلیل مدت میں حامل لوح پر ظاہر ہوتے ہیں۔ جو مومن بھائی اس لوح کو تیار کر کے اپنے پاس رکھیں گے اس لوح کے فیض و برکات سے بہرہ ور ہوں گے اور اس کی قدر و قیمت ان پر ظاہر ہوگی۔

طریقہ تیاری لوح لوح تیار کرنے کا تفصیلاً طریقہ ایک مثال سے سمجھاتا ہوں تاکہ ہر مومن بہن بھائی اسے تیار کر کے فائدہ عظیم حاصل کر سکے۔ اول بسم اللہ کے اعداد قمری نکالیں۔ دوم حروف کی تعداد سوم نقاط کی تعداد تحریر کریں۔ تینوں تعدادوں کو جمع کریں اور مجموعہ کو یاد رکھیں اب اول اس دعائے مقدسہ کے اعداد قمری نکالیں دوم حروف کی تعداد، سوم نقاط کی تعداد تحریر کریں اور جمع کر کے مجموعہ کو یاد رکھیں۔

اعداد بسم اللہ 786 تعداد حروف 19 تعداد نقاط 4

مجموعہ اول 809 اعداد سورہ نصر 6124 تعداد حروف 80

تعداد نقاط 36 مجموعہ دوم 6240

دعائے فتوحات اَللّٰھُمَّ یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَتْحِكَ یَا فَتَّاحُ

ترجمہ اے اللہ اے کھولنے والے، میرے لیے فتوحات کے دروازے کھول دے، اے فتح دینے والے

اعداد دعائے فتوحات = 2155 تعداد حروف = 32

تعداد نقاط = 20 مجموعہ سوم = 2207

اب تینوں مجموعوں کو جمع کر کے یاد رکھیں۔ مجموعہ اول = 809

مجموعہ دوم = 6240 مجموعہ سوم = 2207 میزان اول = 9256

اب نام طالب معہ والدہ کے اعداد قمری نکال لیں۔ مثلاً ظہیر احمد بن بلقیس کے لیے لوح فتوحات تیار کرنی ہے ظہیر احمد بن بلقیس کے اعداد 1270 تعداد حروف 13 تعداد نقاط 8 مجموعہ 1291 اب اس مجموعہ کو 4 سے ضرب دیں۔ مثلاً 1291*4=5164 یہ میزان دوم ہوئی۔ اب میزان اول سے میزان دوم کے اعداد تفریق کریں۔ میزان اول 9265 تفریق میزان دوم 5164 باقی اعداد 4092۔ ان باقی اعداد کو لوح کے خانہ اول میں تحریر کریں اب ہر خانہ میں اعداد طالب 1291 کا اضافہ کرتے ہوئے لوح کے تمام خانے پر کریں۔ مثلاً خانہ اول کے اعداد 4092 ہوں گے اب خانہ دوم میں 4092+1291=5383 تحریر کریں۔ اب خانہ سوم میں خانہ دوم کے اعداد میں اعداد طالب جمع کر کے تحریر کریں۔ اسی طرح ہر خانہ میں اعداد طالب کا اضافہ کرتے ہوئے تمام خانے پر کریں۔ مثالی لوح ظہیر احمد بن بلقیس کے لیے یہ تیار ہوئی۔

۷۸۶

۱۳۱۲۹	۱۷۰۰۲	۲۰۸۷۵	۴۰۹۲
۱۹۵۸۴	۵۳۸۳	۱۱۸۳۸	۱۸۴۹۳
۹۶۷۴	۲۳۳۵۷	۱۴۴۲۰	۱۰۵۴۷
۱۵۷۱۱	۹۲۵۶	۷۹۶۵	۲۲۱۶۶

اپنے نام کے حروف اول سے اپنا ستارہ معلوم کریں بس اپنے ستارہ کے متعلقہ دن اسی دن اسی ستارہ کی ساعت میں سفید کاغذ پر زعفرانی روشنائی جو مالا ورد سے تیار کی گئی ہو لوح تحریر کر کے تہہ کر لیں اور اپنے ستارہ کے منسوبی رنگ کے کاغذ یا ریشمی کپڑا میں لپیٹ کے خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں ہر

کرامات جعفر

لوح تسخیر خاص

محمد اسد اللہ سلیمانی ماہر عملیات و تعویزات 0300-6501194
ادارہ روحانی علاج محلہ گوہر شاہ مین بازار نزد عمر نیازی سنٹر جھنگ

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی اپنا خاص الخاص عمل لوح تسخیر خاص لیکر حاضر خدمت ہوں۔ جو بھی آزمائے گا ان شاء اللہ ضرور فیض اٹھائے گا۔ اگر آپ کسی بھی پریشانی میں مبتلا ہوں مثلاً ✿ تسخیر خلائق و محبوب ✿ میاں بیوی کی لڑائی جھگڑا ✿ کاروبار نہ چلنا ✿ نحوست سیارگان کی وجہ سے نقصانات کا ہونا ✿ سحر و جادو ٹونہ کی بندش کا شکار ہوں ✿ شادی کی پریشانی ✿ بیماری یا دشمنوں سے تحفظ وغیرہ کی وجہ سے اگر پریشان ہوں۔

طریقہ عمل نوچندی جمعرات کو علیحدہ کمرے میں داخل ہو جائیں پھر ساعت مشتری، شمس زہرہ یا قمر میں مشک و زعفران و عرق گلاب سے لوح تسخیر سفید یا گولڈن کاغذ پر تیار کر لیں۔ پھر درج ذیل آیت قرآنی 313 مرتبہ پڑھ کر لوح مبارکہ پر دم کر دیں اور نیاز پنجتن پاک کی دلا کر بچوں میں تقسیم کر دیں پھر لوح مبارکہ اپنے پاس رکھ لیں اور روزانہ وقت مقررہ پر وظیفہ 313 مرتبہ 21 روز تک پڑھتے رہیں۔ اور لوح مبارکہ پر دم کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ 21 تا 41 روز میں اثرات آنا شروع ہو جائیں گے اور چہاردہ معصومین علیہم السلام کے طفیل زندگی میں خوشحالی آ جائے گی۔ لوح مبارکہ کو چاندی کے خول میں بند کر کے پاس رکھنا ہے اور وظیفہ روزانہ 101 مرتبہ پڑھتے رہیں۔ وظیفہ یہ ہے۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ (سورۃ التوبہ آیت 129-128)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

والشمس	۱۳۳	۱۵۵۴	والقمر
۱۵۵۱	۳۷۷	۴۳۶	۱۳۴
۳۷۵	۱۵۵۰	۱۳۵	۴۳۹
والنجوم	۴۳۸	۳۷۶	مسخرات بامرہ

دن طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد اسی ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔ اب روزانہ نماز فجر کے بعد صرف ایک تسبیح دعائے فتوحات پڑھ کر خدائے بزرگ و برتر کے حضور عجز و انکساری سے گڑگڑاتے ہوئے دعا کریں۔ ان شاء اللہ صدقہ معصومینؑ بہت جلد اپنے مقصد کو پائیں گے۔ دعا پڑھتے ہوئے ترجمہ کو ذہن میں رکھیں۔ اپنے نام سے ستارہ معلوم کرنے کی جدول یہ ہے۔ میں نے ہر بات وضاحت سے تحریر کر دی ہے۔ **جدول**

ایام	کواکب	سرنام حروف	منسوبی رنگ
ہفتہ	زحل	ا ب ج د	سیاہ
جمعرات	مشتری	ہ و ز ح	سبز
منگل	مریخ	ط ی ک ل	سرخ
اتوار	شمس	م ن س ع	طلائی
جمعۃ المبارک	زہرہ	ف ص ق ر	نیلا و سبز
بدھ	عطارد	ش ت ث خ	فیروزی
سوموار	قمر	ذ ض ظ غ	سفید

شکر اللہ — التماس سورۂ فاتحہ — شکر مولا

سادات و غیر سادات مومنین و مومنات مرحومین

قضائے حاجات

نہایت مجرب عمل ہے شب کے آخری حصہ میں باوضو ہو کر بجائے خلوت کی جگہ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

ہر 100 مرتبہ پڑھنے کے بعد کہے (اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ حَاجَتِيْ) یہاں حاجت کا ذکر کرے کے بعد کہے (اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ) 3 رات متواتر عمل کرے۔

روزگار شادی اور اولاد

تحریر و تحقیق
غلام رضا عسکری اعوان
0300-3210024
0333-7014915

السلام و علیکم و یا علی مدد! قارئین امامیہ جنتری! آغاز محمد و شاہ کے ساتھ اس خدائے بزرگ و برتر کی جس نے انسان کو شعور دیکر اشرف بنایا۔ اور علم و آگہی سے آشنا کیا۔ اور علم سے دنیا کو مسخر کرنے کا ہنر دیا۔ کائنات کا کل علم احسان ہے مولائے کائنات کا اور محمد و آل محمد کا جنکے وسیلہ سے آج دنیا علم سے آگاہ ہیں۔ 2019 کے مضمون سے بہت سے لوگوں نے فائدہ اٹھایا کئی بچیوں کے گھر آباد ہوئے اور کئی ایک کے گھریلو ازدواجی مسائل اللہ کے کرم اور مولا کے فضل سے حل ہوئے۔ ایک شکوہ امامیہ جنتری کے قارئین اور دیگر ایسے لوگوں سے ہے۔

جو علم اور توکل و توسل میں تمیز نہیں رکھتے یا جانتے ہی نہیں کہ علم کیا ہے توکل کیا ہے اور توسل کیا۔ توسل آل محمد سے ہے توکل بر خدا ہے اور علم رکھتے ہوئے توکل کرنا اپنی حجت تمام کرنا ہوتا ہے۔ علم یا توسل آل محمد ہی ہم سب کو ملا۔ علم اور توسل کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ بہت افسوس ہوتا ہے جب یہ کہا جاتا ہے کہ اللہ توکل یہ کام کرتے ہیں آگے مقدر یا نصیب۔ علم نے آج انسان کو اتنا بلند کیا کہ انسان اپنے قد کی اونچائی پا کر مغرور ہو جاتا ہے۔ خدارا عاجزی انکساری رکھیں اور کسی سے حسد نہ کریں اور حسد کی بنیاد پر کسی کو کمتر بنانے اور خود کو برتر بنانے کی کوشش نا کریں جان لیں حسد انسان کو قبر تک پہنچا دیتا [illegible]

ایک مثال ہمارے معاشرے میں زبان زد عام ہے کہ اولاد مرد کے نصیب سے اور رزق عورت کے نصیب سے ہوتا ہے۔ اکثر افراد اسکی حقیقت سے آشنا ہی نہیں ہیں۔ مولائے کائنات کا عقد سیدۃ النساء العلمین جناب فاطمہ سے ہوا۔ زمین و آسمانوں کا رزق جناب سیدہ کو حق مہر میں ملا اور رزق کی تقسیم مولا علی کرتے ہیں۔ آدم اول سے آدم آخر تک جو رزق ملتا رہا اور آنے والوں کو ملتا رہے گا یہ سارا تمک پانی سیدہ کا ہے۔ اسی بنیاد پر رزق عورت کے مقدر سے منسوب کیا جاتا ہے۔ میں اسی بنیاد پر یہ مضمون قارئین کی نظر کر رہا ہوں۔

علم نجوم کی وسعت بہت ہے اور صرف علم نجوم ہی نہیں ہر علم اپنی جگہ وسیع و عریض ہے۔ اگر علم الابدان میں مثال لے لیں تو بدن کے اکثر اعضاء کے اسپیشلسٹ الگ الگ ملیں گے۔ انسان کے بنائے ہوئے بندے کے اعضاء اتنے پیچیدہ اور اہم ہیں کہ ہر عضو کا ایک مخصوص ڈاکٹر ہوتا ہے۔ اور میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کی ایک عامل بہ یک وقت اعداد جفر رمل قیافہ نجوم اور عملیات کا ماہر کیسے ہو سکتا ہے مجھے تو آج بیس سالوں میں نجوم پر جب جب تحقیق کی نئے ابواب روشن ہوئے۔

شادی اور روزگار: ۔ نجوم میں زہرہ کو دولت کا کارک یعنی دولت کا باعث بننے والا ستارہ کہا جاتا ہے۔ اور نجوم میں ہی عورت کو زہرہ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب کہ مشتری کو گرو کہا جاتا ہے عورت کے زائچہ میں مشتری کی موجودگی عورت کے دین پرست اور ایمان کو ظاہر کرتی ہے۔

مرد کے زائچہ میں زہرہ عورت اور عیش و نشاط کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ اگر درج ذیل علامات لڑکے کے اور لڑکی کے زائچہ میں ہوں تو شادی اچھی ہوگی عورت بھاگوان مقدر والی ہوگی۔

1 اگر لڑکی کے زائچہ میں زہرہ پہلے دوسرے گھر میں سعد ہو تو لڑکی کے مقدر سے دولت مرد کو میسر آتی ہے حسین اور پرکشش ہوگی۔

اگر لڑکے کے زائچہ میں پہلے دوسرے گھر میں زہرہ نحس ہو تو مرد عیش و عشرت شراب نوشی اور فواحشات میں ملوث ہوگا۔ 2۔ زہرہ کا لڑکی کے زائچہ میں نویں دسویں گیارہویں گھر سعد ہونا لڑکی کے اولاد ہونے و اچھی شہرت اور عقل و دانش رکھنے اور گھر کو سنوارنے والی لڑکی ہوگی نویں کا زہرہ بیرون ملک سفرات اور دوہری شہریت کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ یہی علامات مرد کے زائچہ میں بھی ہیں اگر زہرہ انہی گھروں میں نحس ہو تو مرد و زن کی شہرت اچھی نہی ہوگی دین سے دور اور معاشرتی برائیوں کا شکار ہو سکتے ہیں

اگر چھٹے گھر زہرہ نحس ہو تو مرد و زن جنسی امراض کا شکار اور غلط تعلقات کا شکار ہو سکتے ہیں اسکے ساتھ ہی مادہ تولید کی کمی یا بیماریوں کی وجہ سے بانجھ پن کا شکار ہو سکتے ہیں۔

اگر سعد ہو تو اچھے ازدواجی تعلقات اور جلد شادی کے ساتھ جلد اولاد ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ چھٹا گھر سرکاری ملازمت کا بھی ہوتا ہے ممکن ہے کہ مرد سرکاری ملازم ہو۔

آٹھویں گھر زہرہ کی موجودگی بچوں کا ہو کر مر جانا۔ پٹھوں اور

رگوں کی تکالیف کا روزنما ہونا بواسیر کی تکالیف شریک حیات کو ہو سکتی ہیں لڑکی کے زائچہ میں نحس ہو تو کردار کی خرابی کو ظاہر کرتا ہے۔ غلط ذرائع سے دولت کا حصول بناتا ہے۔ بارھویں گھر زہرہ خفیہ تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے۔ خواہ مرد و زن کا زائچہ ہو اگر زہرہ چھٹے آٹھویں کا مالک ہو تو ایسا ہوتا ہے۔

اولاد کا نا ہونا زہرہ کی وجہ سے بھی ہوتا ہے زہرہ مادہ تولید پر حکمران ہے اگر مرد یا عورت کے زائچہ میں زہرہ نحوست کا شکار ہو تو مادہ تولید کی کمزوریاں مرد و زن کو اولاد سے محروم کر سکتی ہیں اسکے ساتھ قمر کا تعلق قرار حمل سے ہے اگر قمر اور زہرہ نکاح کے زائچہ میں اچھے ہوں تو اولاد کی نوید شادی کے ابتدائی دو سے تین ماہ میں مل جاتی۔ قمر مادہ تولید میں پائے جانے والے نطفے سے تعلق رکھتا ہے لہذا اگر قمر نحس ہو تو مادہ تولید میں کرموسوم جو کہ نطفہ بننے کا باعث بنتے ہیں وہ کمزور ہوتے ہیں جسکی وجہ سے اولاد میں تاخیر بانجھ پن ہو سکتا ہے اسکے ساتھ ہی مردوں میں جریان اور مادہ تولید کی کمی ہونے کے ساتھ عورتوں میں زنانہ مسائل یا لیکوریا کا باعث بھی بنتا ہے۔ اگر زائچہ ولادت میں اس قسم کی کمی پائی جائے تو وقت نکاح کے زائچہ میں ان ستاروں کو مثبت رکھ کر وقت نکاح تجویز کرنے سے علاج معالجے سے معاملات میں بہتری کے قوی امکانات ہوتے ہیں۔ یاد رکھیں سرطان، عقرب اور حوت بار آور یا FERTAIL بروج ہیں ان بروج میں یا تو طالع برج رکھا جائے یا ان بروج میں سے کسی بھی برج کو پانچویں گھر میں اسطرح رکھا جائے کہ کوئی سعد ستارہ ان بروج میں موجود ہو تو وقت نکاح میں اولاد نہ ہونے کے معاملات حل کئے جا سکتے ہیں۔

مشتری کی زائچہ میں موجودگی شادی بیاہ کے زائچہ میں دیکھنا لازمی ہوگا اگر لڑکی کے زائچہ میں مشتری پہلے دوسرے چوتھے ساتویں دسویں گیارہویں گھروں میں سعد ہو تو ایسی لڑکی بھاگوان ہوگی مرد کے رزق روزی میں اضافہ اور اولاد کی بہترین تربیت کا باعث بنتی ہے۔ اگر انہی گھروں میں لڑکی کے زائچہ میں اعلیٰ نظرات شرف اوج یا اپنے گھروں کا مالک مشتری بیٹھا ہو اور یوگ بنا رہا ہو تو مرد کے کاروبار، روزگار ملازمت میں ترقی اور گھر کو جنت بنانے کا باعث بنتی ہے۔ یہی نظرات نحس ہوں تو مرد کی مالی کاروباری حیثیت روبہ زوال ہو جاتی ہے اور آمدنی و دولت کا حصول مشکل اور نقصانات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ مرد کے زائچہ میں یہی نظرات سعد ہوں تو مالی آسودگی اور اچھی زندگی گذارنے کے ساتھ دین دار ہوگا خصوصاً اگر مشتری پہلے دوسرے نویں گھروں میں سعد ہو تو رزق حلال سے آسودہ حال ہوگا۔ مشتری چھٹے بارہویں گھروں میں نحس ہو تو شریک حیات بیمار یا صحت کی خرابیاں ہوتی ہیں روپیہ پیسہ ناجائز طریقہ سے کمائے اور دولت پرست کنجوس ہوگا۔ اگر سعد ہو تو مشتری انہی گھروں میں اچھے ثمرات دیتا ہے۔

ہم مزاج ہونا قمر کی منزل سے دیکھا جاتا ہے اگر شوہر کی کمائی اچھی ہو اور میاں بیوی میں مزاج آشنائی نا ہو تو ایسے میں عورت مرد کی دولت کو بے جا اسراف میں خرچ کرتی زندگی کی آسائشوں اور دیگر غلط طریقوں سے دولت لٹانے کا باعث تو بنتی ہی ہے لیکن گھر کا ماحول اچھا نہیں ہوتا میاں بیوں کے زائچوں میں مزاج آشنائی اور ہم مزاج ہونا گھر کو جنت بنا دیتا ہے۔ آج کل کے دور میں طلاق کی بڑی وجوہات میں سے ایک بڑی وجہ ہم مزاج نا ہونا ہے پرانے وقتوں میں لڑکیاں اپنا نصیب سمجھ کر خاموش ہو جاتی تھیں مگر آج کل ایسا نہیں ہوتا۔ مولا علی کا قول ہے رشتہ داری ہمیشہ اپنے برابر یا اپنے سے کمتر لوگوں میں کرو۔ ایسا کرنے سے ایک جیسا ماحول لڑکی کو میسر آتا ہے۔ لیکن افسوس آج کل والدین دولت اور امیر رشتوں کو ترجیح تو دیتے ہیں شرافت کو ترجیح نہیں دیتے جسکی وجہ سے معاملات طلاق تک پہنچتے ہیں۔

وقت نکاح میں ستاروں کی نشست کے اثرات ازدواجی زندگی پر کس قدر مرتب ہوتے اس کا ادراک نجوم جاننے والا نکاح کا زائچہ بنا کر دیکھ لیتا اور بتا دیتا ہے۔ قارئین جب نکاح کے وقت سے آپکے حالات کشید کئے جا سکتے ہیں تو اچھے وقت کا انتخاب کرنا لڑکے لڑکی کے لئے نہایت مناسب ہوگا۔ **قول معصوم** ہے کہ منگل کے دن کسی نئے کام کی ابتدا نا کرو منگل کا دن مریخ سے منسوب ہے۔ مریخ کی ساعتوں میں ابتدا کئے گئے کام اکثر برائی پر منتج ہوتے ہیں۔ نکاح کے اوقات میں منگل کا دن مسلم معاشرے میں نہیں رکھا جاتا جبکہ ہندو معاشرے میں اکثر شادیاں منگل کے دن رکھی جاتی ہیں اسکی علمی توجیح آج قارئین کی نظر کرتا ہوں منگل کے دن نکاح کرنے سے مرد عورت پر حاوی رہتا ہے اور عورت ساری زندگی مرد کی حاکیمت میں چلی جاتی ہے۔ نکاح جمعہ کے دن مسلم معاشرے میں نیک سمجھا جاتا ہے اسکی علمی وجہ بھی یہ ہے کہ جمعہ کا دن زہرہ یعنی عورت سے منسوب ہے۔ زہرہ محبت کا ستارہ بھی ہے۔

قارئین آپ کو یہ علمی معاملات بتانے کا مقصد یہ ہے کہ اپنی زندگی میں علم سے استفادہ کریں اور آسانیاں پیدا کریں بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے لیکن علم آپکو مشکلات اور تکالیف سے بچاتا ہے۔ اپنے بچوں کی

کے وقت زائچہ ملانا اور درست وقت نکاح کا انتخاب آپکے بچوں کے مستقبل کے لئے بہتر ہوگا۔

دعا کیجئے گا اللہ و مولا مجھے آپکو ہم سب کو حسد سے بچائے۔ بانیان امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم اور میرے والدین کے لئے ایک سورۃ فاتحہ کی درخواست کے ساتھ دعا گو ہوں مولا امام زمانہ آغا افتخار صاحب کو صحت سلامتی دے اور انکی توفیقات میں اضافہ کریں۔

لوحِ نادِ علیؑ

مولانا
گلفام علی حسینی
0321-4534910
0300-4534910

لوح نادِ علیؑ کو نوچندی جمعرات کے دن زعفران و مشک و عرق گلاب سے سفید کاغذ تحریر کریں۔ اور دھونی صندل سرخ اور لوبان کی دیکر اپنے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ سب مشکلات سہل و آسان ہونگی۔ دشمنوں پر غلبہ ہوگا سحر و جادو و بد اثرات سے کامل حفاظت ہوگی۔ نماز کی پابندی کریں ہر نماز کے بعد اٹھارہ مرتبہ نادِ علیؑ ضرور پڑھ کر دعا کریں۔ مولا کریم رحم رمائے گا۔ کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو رابطہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَادِ عَلِيًّا	مُظْهِرَ	الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ	عَوْنًا لَّكَ	فِي	النَّوَائِبِ
مُظْهِرَ	الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ	عَوْنًا لَّكَ	فِي	النَّوَائِبِ	كُلُّ
الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ	عَوْنًا لَّكَ	فِي	النَّوَائِبِ	كُلُّ	هَمٍّ
تَجِدْهُ	عَوْنًا لَّكَ	فِي	النَّوَائِبِ	كُلُّ	هَمٍّ	وَّ
عَوْنًا لَّكَ	فِي	النَّوَائِبِ	كُلُّ	هَمٍّ	وَّ	غَمٍّ
فِي	النَّوَائِبِ	كُلُّ	هَمٍّ	وَّ	غَمٍّ	سَيَنْجَلِي
النَّوَائِبِ	كُلُّ	هَمٍّ	وَّ	غَمٍّ	سَيَنْجَلِي	بِعَلِيٍّ

محبت کے لیے خاص عملیات — محبت فاتح عالم

ماہ نور فاطمہ
ڈیفنس فیز III لاہور
0307-2102288
0333-4194017

قارئین کرام السلام علیکم! قارئین اس سال محبت و الفت اور محبت میں ناکامی کے لیے اپنے خاص اور آزمودہ عملیات لیکر حاضر ہوں اور پر امید ہوں کہ آپ اس سے بھرپور رہنمائی حاصل کریں گے اور مجھ ناچیز اور آغا افتخار حسین صاحب کے حق میں دعا فرمائیں گے۔ عملیات اور ان کا طریقہ کار واضح اور صاف صاف لکھ دیا ہے پھر بھی اگر کسی لفظ یا جزو کی سمجھ نہ آئے تو کال کر کے پوچھ لیں۔ کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے اجازت شرط ہے۔ خواتین اپنے ہر قسم کے مسائل کے حل کے لیے رابطہ کریں۔

افسر مہربان ہو اگر کوئی ملازم اپنے افسر سے تنگ ہو تو اسے چاہیے کہ 7 روز تک بلا ناغہ بعد نماز عشاء (مغربین) ہر روز اس دعا کو 203 مرتبہ پڑھے اور اول و آخر پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے بفضل خدا افسر مطیع ہوگا وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَانُ الْخَائِفِيْنَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا ہو
اگر کسی شخص کو لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرنا مقصود ہو تو اسے چاہیے کہ سفید حریر کے کپڑے پر 35 مرتبہ (اَلْوَدُوْدُ) لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں محبوب ہو جائے گا۔

میاں بیوی کی محبت کے لیے میاں بیوی کی محبت کے لیے مندرجہ ذیل آیت کریمہ کے اعداد نکال کر چاندی کی تختی پر یا کاغذ پر زعفران و کستوری سے نقش مثلث ترتیب سے پُر کریں اور اس نقش کے اردگرد آیت مذکورہ لکھیں اور نیچے طالب و مطلوب (شوہر اور بیوی) کے نام مع والدہ تحریر کریں اور دھو کر خاوند اپنی بیوی یا بیوی اپنے شوہر کو پلا دے تو نہ ختم ہونے والی محبت پیدا ہوگی اور دونوں میاں بیوی کی اچھی محبت ہوگی آزمودہ ہے اور آیت یہ ہے۔ اس آیت کے کل اعداد 3834 ہیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (ممتحنہ 7)

۱۰۰۲	۱۰۹۷	۱۰۰۴
۱۰۰۳	۱۷۱۱	۱۰۹۹
۱۰۹۸	۱۰۱۵	۱۱۰۰

نگینہ پکھراج کے خواص
(TOPAZ)

تحریر حکیم مظفر علی رضوی المعروف جوہرے 0300-4519796

اسے اردو میں پکھراج اور انگریزی میں ٹوپاز کہتے ہیں۔ اسکا شمار قیمتی جواہرات میں ہوتا ہے اسکے نایاب رنگوں میں گلابی، زرد، نیلا، پیازی، اور سفید بھی ہیں۔

مقام پیدائش دنیا کے کئی ممالک میں اسکی کانیں دستیاب ہیں۔ مثلاً سیلون، برازیل، روس جاپان، آسٹریلیا، سائبیریا، شمالی نائیجیریا اور جنوبی افریقہ وغیرہ۔ دنیا کا بہترین گلابی پکھراج کاٹلنگ (مردان) سے نکلتا ہے۔ سفید اور پیازی پکھراج گلگت اور افغانستان میں دستیاب ہے۔ **نوٹ** بسری لنکن نیلم قدرت کے سات رنگوں میں دستیاب ہے۔ بعض نہیں اکثر لوگ yellow Sapphiri کو بھی زرد پکھراج کہتے ہیں" مگر یہ غلط ہے"

پکھراج کے سحری خواص اس کا انگوٹھی میں پہننا غم و غصے کو دور کرتا ہے اس کے پہننے سے جسم کی قوت، طاقت، عقل اور عمر میں اضافہ ہوتا ہے، قوت ارادی بلند ہوتی ہے۔ کاروباری الجھنیں دور ہوتی ہیں۔ پکھراج کو پہننے سے انسان خوشی محسوس کرتا ہے اور خوش گوار عادات کا عادی ہو جاتا ہے۔ محبوب کے سامنے پہن کر جانے سے محبت بڑھتی ہے۔

پکھراج کے طبی خواص پکھراج کا ذائقہ ترش اور مزاج سرد ہوتا ہے۔ جلدی امراض میں پکھراج کا استعمال مرہم کی حیثیت رکھتا ہے پکھراج کا استعمال ہر قسم کے ورم کو تحلیل کرنے میں اکثیر کا درجہ رکھتا ہے۔ خون کے سرطان میں طبی طریق سے اسکا کشتہ انتہائی مفید ہے۔

دُعا اور شفایابی

سہیل محمد اجمل
H.NO 260 STREET 116
I-10/4 ISLAMABAD
0335-5555150

السلام علیکم ویا علی مدد! امامیہ جنتری گذشتہ کئی سالوں سے مطالعہ میں ہے۔ روحانی تحقیق اور اسلامی علوم کے لحاظ سے ایک جامع جنتری ہے۔ سوچا اپنی تحقیق کو بھی عوام الناس تک پہنچانے کی ایک ادنیٰ سی کوشش کروں۔

قارئین دعا کا حکم قرآن اور سنت نبویؐ و معصومینؑ میں موجود ہے۔ ایک شخص جب امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس آکر گویا ہوا مولا دعائیں قبول نہیں ہوتیں کیا کروں مولا نے کہا اول و آخر محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیج کر دعا مانگو بارگاہ تعالیٰ میں دعا رد نہیں ہوگی۔

جدید روحانی علوم میں ہیلنگ HEALING نے گذشتہ تین سے چار عشروں میں کافی ترقی کی ہے۔ HEALING کے بنیادی معنی شفایابی کے ہیں۔ انبیاءؑ کو اللہ تعالیٰ نے دعا کی قبولیت اور دعا سے بیماریوں کے علاج کی خصوصیات سے نوازا ہے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا سے بڑھیا کا شفایاب ہونا لعاب ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روز خیبر مولا علیؑ کا آشوب چشم دور ہونا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کوڑھیوں کو شفایاب کرنا نابینا کو بینائی دینا دعا انبیاءؑ کی وجہ سے ہی تھا۔ ہیلنگ میں کئی علوم اس وقت دنیا میں رائج ہیں جس میں ریکی رنگ و روشنی سے علاج اور ٹیلی پیتھی ہپناٹزم ہیلنگ کی چند اقسام ہیں۔ جدید دنیا میں PENDULUM HEALING شفاء یابی کے لئے مختلف امراض جسمانی و روحانی میں مستعمل ہے۔ پنڈولم ہیلنگ کیا ہے کچھ وضاحت قارئین کی آسانی کے لئے کردوں۔

1602 عیسوی میں Galileo Galilei نے پنڈولم کی سائنسی ایجاد کی اور 1658 میں پہلا پنڈولم کلاک ایجاد کیا گیا جس سے وقت کی درست پیمائش دنیا میں سامنے آئی۔ قدیم زمانے میں اور آج کل بھی دیہاتوں میں زیر زمین پانی کی تلاش کے لئے ایک چھڑی استعمال کی جاتی ہے جسے DEVINE ROD کہا جاتا ہے۔ زیر زمین تیل کی تلاش کرنے والی کمپنیاں بھی یہ طریقہ آج تک استعمال کرتی ہیں

پنڈولم کی بنیادی طور پر تین قسمیں ہوتی ہیں جن کے نام ۱۔ کارنک پنڈولم کی شکل گولی نما ہوتی ہے اسکا تعلق سبز رنگ سے ہوتا ہے۔ عموی طور پر شیشہ کا بلور یا چاندی کی ایک گولی بنا کر اس میں ڈوری لگا کر بنایا جا سکتا ہے۔ ۲۔ ایسیس پنڈولم۔ کی شکل گول بیلن نما ہوتی ہے جسکے آخر میں پیپہ نما گول کٹائی کی جاتی ہے یہ بنیادی طور پر سفید روشنی سے منسلک ہوتا ہے۔

۳۔ اوسیرس پنڈولم۔ یہ پنڈولم بھی بیلن نما گول ہوتا ہے لیکن اس پنڈولم میں پیالہ نما گول اشکال میں کٹائی کی جاتی ہے اس پنڈولم کا بنیادی تعلق سبز روشنی سے یا رنگ سے ہے۔ یہ تین اقسام کے پنڈولم یا ان میں سے کوئی ایک صحت شفاء کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پنڈولم کیسے کام کرتا ہے آپکو بتاتے ہیں۔ جس طرح گرامر میں فعل فاعل اور مفعول ہوتا ہے بالکل اسی طرح پنڈولم ہیلنگ میں تین کردار ہوتے ہیں فعل، ہیلنگ دینا یا کرنا فاعل۔ جو ہیلنگ دے رہا ہے اور مفعول جسے ہیلنگ کی ضرورت ہے

NICOLA TESLA جس نے بجلی ایجاد کی اسکا فارمولا تھا E=MC اس فارمولا کی بنیاد پر ایٹم بم بنالیا گیا۔ یہی فارمولا کسی بھی روحانی عمل میں استعمال ہوتا ہے۔ یہاں E سے مراد انرجی یا قوت ہے یہ قوت عمل کرنے والے عامل کی ہوتی ہے۔ M سے مراد موشن یا تحریک ہے عامل کی قوت روحانی سے تحریک پیدا ہوتی ہے۔ اور C سے مراد فریکوئینسی ہے۔ یعنی عامل کی روحانی قوت کی وسعت اور طاقت کتنی ہے یعنی عامل کی روحانی قوت جتنی متحرک ہوگی اور جتنی قوت بخش ہوگی کیا گیا عمل اتنا ہی پر اثر اور پائیدار ہوگا۔ پنڈولم ہیلنگ میں کوئی تعویذ دھاگہ نہیں کیا جاتا۔ بلکہ روحانی قوت سے کام لیا جاتا ہے اور سائل کو تشخیص کے بعد منفی قوت سے پاک کیا جاتا ہے جس سے سائل کو شفاء یابی ہوتی ہے۔

علامہ شاد گیلانی مرحوم رمل اور جفر کے ماہر ہونے کے ساتھ ہومیوپیتھک ڈاکٹر بھی تھے۔ مرض کی تشخیص کے بعد مختلف ادویات کو تجویز کرتے اور پھر پنڈولم سے سب سے زیادہ شفاء بخش دوا کا انتخاب کرتے اور مریض کو استعمال کرواتے تھے (کتاب ارتکاز توجہ سے اقتباس)

پنڈولم کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے۔ پنڈولم دھات یا شیشہ کا بنا ہوا ایک گولہ یا لٹو نما آلہ ہوتا ہے۔ بعض ماہرین وقت ضرورت ایک سکہ میں دھاگہ یا تار باندھ کر پنڈولم بنا لیتے ہیں۔ اول پنڈولم کو عامل اپنی روحانی قوت سے منسلک کرتا ہے اور پنڈولم کو سوالات جوابات کا پابند کرتا ہے۔

ایک بات کا خاص خیال رہے کہ پنڈولم سے سوالات جوابات لیتے ہوئے اور ہیلنگ کرتے ہوئے آپ اپنے ذہن کو خالی رکھیں اور خود سے کسی جاب کی توقع اگر آپ اپنے ذہن میں رکھ کر سوال کریں گے تو جواب مشکوک آسکتا ہے۔ جب پنڈولم کو حرکت دی جاتی ہے تو اول پنڈولم آگے پیچھے حرکت کرتا ہے اور اور چند لمحوں میں گول دائرہ نما گھومنا شروع کر دیتا ہے۔ پنڈولم کے گھومتے ہوئے دائرے کی وسعت سے پنڈولم کی انرجی کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ یہاں ایک وضاحت یہ بھی ضروری ہے کہ عموی پنڈولم کلاک وائز حرکت کرتے ہیں۔ تاہم پنڈولم کو اپنی روحانی قوت سے منسلک کرتے ہوئے پنڈولم کے گھومنے کی سمت کو منفی یا مثبت کا پابند بنایا جا سکتا ہے۔ دوم پنڈولم سے چند سوالات کر کے پنڈولم کے درست جوابات کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ پنڈولم کو جنبش دے کر کہیں۔ اپنی مثبت قوت کا اظہار بتاؤ۔ اب پنڈولم دائیں یا بائیں گول حرکت کر کے اپنی مثبت قوت کا اظہار کرے گا۔ اسی طرح منفی قوت مثبت کے الٹ مانی جائے گی۔ (اگر سوال کا جواب مثبت ہو تو جواب کیسے ہوگا) پنڈولم کی حرکت آپکے سوال کا جواب دائیں یا بائیں گھوم کر جواب دے گا اسی طرح دیگر سوالات جوابات کا پابند پنڈولم کو بنایا جاتا ہے۔

تشخیص مرض اگر آپ رنگوں روشنی سے علاج کرتے ہیں تو ایک رنگوں کا چارٹ سامنے رکھیں اور پنڈولم سے اسطرح سوال کریں۔ زید بن بکر کے ساتھ کیا مسئلہ ہے اور کس رنگ کی وجہ سے صحت خراب ہے۔ اب پنڈولم کو حرکت دیں پنڈولم گھومنا شروع ہوگا اور کسی ایک رنگ پر آکر رک جائے گا۔ اگر سرخ رنگ پر رک جائے تو یاقوت کا پتھر سرخ صدقات اور سرخ پھلوں کا استعمال مریض کے لئے شفا بخش ہوگا۔

اگر آپ **نجوم کے ماہر** ہیں اور سائل کو تاریخ ولادت یاد نہ ہو تو آپ اسطرح سوال کریں۔ زید بن بکر کے ساتھ کس ستارے کی نحوست یا کمزوری ہے۔ اب آپ ایک گول دائرہ میں سات ستاروں کی اشکال یا نام لکھ کر پنڈولم کو جنبش دیں پنڈولم حرکت کرتا ہوا کسی ایک ستارے پر رک جائے گا اس ستارے سے منسوب علاج کریں صدقات دیں تو سائل کو افاقہ ہوگا۔

اگر سائل کے ساتھ **جادو آسیب** تشخیص کرنی ہو۔ مریض کے ساتھ معاملہ کیا ہے اور مریض کس قسم کی منفی قوت کی وجہ سے مرض کا شکار ہوا ہے۔ جادو اثرات ستاروں کی نحوست یا کوئی آسیبی اثر ہے اس بات کا تعین کرنے لئے پنڈولم کے ذریعہ سے بار بار تشخیص کی جاتی ہے۔

حصول دولت اور کامیابی کے لئے ایک راز قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ ایک سائل کو آپ کامیابی کی جانب لے جانا چاہتے ہیں تو سائل کی تصویر مع نام و والدہ کے لیکر پاس رکھیں۔ پنڈولم سے منفی اثرات کی تشخیص کریں اور مثبت روحانی طریقوں سے پہلے سائل کی منفی قوتوں کا ازالہ کریں۔

اگر **ہمت و حوصلہ** کی کمی ہے تو مریخ کی مثبت قوتوں سے پنڈولم کو منسلک کریں اور کہیں مریخ کی شجاعت ہمت حوصلہ کی مثبت قوتوں سے منسلک ہو جائے۔ پنڈولم منسلک ہو کر رک جائے گا اب پنڈولم کو حکم دیں مریخ کی مثبت قوتوں سے فلاں بن فلاں کو ہمت حوصلہ اور شجاعت سے ہمکنار کردہ

حصول دولت کے لئے سائل کی تصویر نام مع والدہ کے لیکر پہلے منفی قوتوں سے پاک کریں۔ اگر آپ کے پاس صلاحیت ہے تو براہ راست پنڈولم کو ستارے کی مثبت قوتوں سے منسلک کریں یا ایک اعلیٰ مشتری کا شرف پاس رکھیں اور پنڈولم کو مشتری کی روحانی قوتوں سے منسلک کریں اور انہی قوتوں کو سائل کی جانب ٹرانسفر کردیں

روحانی طور پر اگر آپ کسی خاص اسم اعظم کی چلہ کشی کر چکے ہیں جیسے یا ودود یا باسط یا رحمٰن یا رحیم یا کوئی اور اسم اعظم تو آپ اپنے حاصل شدہ روحانی قوتوں کو پنڈولم کے ذریعہ سے دعائیہ کلمات ادا کرتے ہوئے کسی بھی سائل کو تفویض کر سکتے ہیں۔ روحانی اذکار کی قوت پنڈولم کے ذریعہ سے مریض کو منتقل کی جاتی ہے۔ جس سے سائل کو شفا ملتی ہے۔

پنڈولم کا استعمال روحانی اور آسیبی اثرات میں کمال کے نتائج دیتا ہے چونکہ آسیبی امراض نفسیاتی طور پر متاثر کرتے ہیں لہذا مریض کی نفسیات کا کامیاب علاج پنڈولم سے ممکن ہوتا ہے۔ ہیلنگ کا دورانیہ مرض کی نوعیت اور شدت کے حساب سے طویل یا مختصر ہوتا ہے۔ میں نے پنڈولم ہیلنگ کا طریقہ امریکہ کے مشہور ہیلر ERICH HUNTER سے سیکھا اور اپنے اطراف میں آزمائش کے بعد امامیہ جنتری کے قارئین کی نظر کر رہا ہوں۔ پنڈولم ہیلنگ سے متعلق کوئی سوال یا کوئی فرد سیکھنا چاہے یا کسی مسئلہ کا شکار ہو تو میں حاضر ہوں۔ بانیان امامیہ جنتری کے لئے خصوصی دعا گو ہوں مولا انہیں علم کی ترویج کا ذریعہ بنائے رکھے۔

پنڈولم کی اقسام

علم الاعداد کا مجرب ترین فالنامہ

تحریر عصری، ایم اے
راولپنڈی
0333-5398050

تخلیق کائنات سے لے کر آج تک انسان نے توحید خداوندی کی معرفت اس طریقے سے حاصل نہیں کی جس طرح خالق نے اپنے رہبروں کے ذریعے کروانے کی کوشش کی۔ لیکن انسان نے اپنی انا کی سرکشی کو مسئلہ بنا کر شیطان کی پیروی میں ایک نظام ہر دور میں برقرار رکھا۔ دنیاوی ترقی کے لیے تجسس کا فطری ہونا ناگزیر تھا۔ اسی سبب دنیاوی ترقی نے کائنات کی تسخیر پر فخر و مباہات کرنا شروع کر دیا۔ آنے والے کل کی جستجو میں انسان نے جس تجسس سے کام لیا اُس کا لازمہ یہ تھا کہ زندگی کے ہر شعبے میں آنے والے کل کی فکر میں انسان سرگرداں پھرنے لگا اور مستقبل کے بارے میں معلومات حاصل کرنا اس کی فطرت ثانیہ بن گئی۔ اس سبب قرون اُولیٰ سے آج تک ہر دور میں مستقبل کی معلومات یا سوالات کے جوابات کے حصول کے لیے ہر دور میں ہر علم کے ماہرین نے حتیٰ کہ روحانی علوم نے جنم لیا۔ یہ طریقے ہر علم کے ماہرین کے تجربات کی کسوٹی کے سبب آج تک جاری و ساری ہیں اور ہر عالم و جاہل اپنے تجربات کی روشنی میں اپنی نجی زندگی کے سوالات کے جوابات و نتائج حاصل کرنے کے لیے ایسے علوم کے ماہرین سے رابطے میں رہتے ہیں اور اس علم کے جاننے والے مختلف طریقوں کے توسط سے سائلوں کے سوالوں کے جوابات دے کر اپنی روزی کمانے میں مگن ہیں۔ علم رمل سے شگون و جوابات حاصل کرنا قدیم ترین روایت میں شامل ہے۔ اس کے بعد علوم کی ترقی اور علوم کی دریافت یا آسمانی کتب کے نزول کے بعد ان علوم کی باطنی کیفیات نے انسان میں اس عقیدہ کو مزید تقویت پہنچائی اور یہ طریقے آج تک جاری و ساری ہیں۔ دینی علوم کے اعتبار سے بھی اور دنیاوی علوم کے اعتبار سے بھی۔ کیونکہ علم الاعداد کا علم کتب آسمانی کے نزول سے ترقی کرتے ہوئے فکر کی انتہا قرآن کریم پر ہوئی۔ قرآن کریم نے اور علوم کی باریکیوں پر غور کی جانب توجہ دیتے ہوئے علم الاعداد کے مخفی رموز پر تدبر کی جگہ جگہ دعوت دی۔ اس سبب اپنے قارئین کو ایک تحفۂ نایاب پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ نتیجہ کا خداوند کریم پر یقین رکھتے ہوئے ظاہری کاوشوں کے نتائج اس فالنامے سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ مگر اس کو بچوں کا کھیل سمجھ کر معمولی معمولی باتوں کے جوابات سے گریز کرنا چاہیے ورنہ مایوسی ہو گی۔ ایک سوال کا جواب حاصل کرنے کے بعد کم سے کم 15 دن تک دوبارہ اس مقصد کے شگون لینا درست نہیں۔ فالنامہ نہایت آسان ہے۔ فجر یا عشاء کی نماز کے بعد باوضو ہو کر ان مثلث کے 7 اعداد کو کاغذ کے علیحدہ علیحدہ پرزوں پر تحریر کر کے ایسے بند کر دیں تاکہ مکس ہو جائیں اور کوئی پہچان باقی نہ رہے۔ پھر ان کو ایک پیالی میں ڈال کر مزید مکس کرنے کے لیے ہلائیں اور پھر کسی بچے سے یا آنکھیں بند کر کے 11 مرتبہ بسم اللہ، 3 مرتبہ سورۃ الحمد اور 4 مرتبہ سورۃ القدر پڑھ کر ایک پرچی اٹھا کر اسے کھول کر ان اعداد کو جوابات کی فہرست میں تلاش کریں اور اس کے مطابق عمل کی کوشش کریں ان شاء اللہ اپنے مطلب میں سرخرو ہوں گے۔ پرچیاں بناتے ہوئے یہ خیال رکھیں کہ اعداد کو دائیں جانب سے لکھنا ہے۔ مثلاً ۴۷۱ یعنی پہلے چار پھر سات اور پھر ایک۔

۱۷۴	۷۷۲	۱۱۹۶
۴۳۹	۸۷۱	۲۹۷
*	۶۲۳	*

اعداد و خواص اعداد

اعداد	خواص
۴۷۱	ابھی کامیابی کا وقت نہیں آیا جس کام کا تم ارادہ کر رہے ہو اس پر ابھی عمل کرنے سے نقصان ہے۔ چند روز صبر کرو وقت مناسب نہیں ہے۔ بعد میں عمل کرنے سے فائدہ ہے۔
۲۷۷	حسب ارادہ مقصد میں کامیابی نہ ہو گی۔ اس لئے کہ کامیابی اوسط درجہ کی ہے، تحمل و کام کرنے میں نقصان نہیں ہے کہ کامیابی ہو گی۔
۱۱۹۶	یہ کام نہ کرو کوئی فائدہ نہیں بلکہ نقصان ہے۔ تمہارا منصوبہ صحیح نہیں ہے۔ اس خیال کو ترک کرو تو اچھا ہے۔
۴۳۹	ہشیاری امانت و کوشش و احتیاط چاہیے اس کام کے بننے اور بگڑنے کی بنیاد آپ کی کوشش و احتیاط پر ہے۔ کوشش سے کامیابی غیر محتاطی سے ناکامی ہے۔
۸۷۱	ابتدائی مشکلات سے نہ گھبرائیں نتیجہ بہرحال آپ کے حسب منشاء ہو گا پہلے پہل کچھ مشکلات ضرور پیش آئیں گی مگر آخر میں آپ کامیاب ہوں گے۔
۲۹۷	وقت اور خیال و ارادہ آپ کا اچھا ہے خدا کا نام لیکر کام شروع کرو کوئی فکر و وسوسہ دل میں نہ کرو آپ ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔
۶۲۳	امداد غیبی آپ کی انتظار میں ہے اور کامیابی کا گویا حکم غیب سے ہو چکا ہے۔ اس میں کوئی دیر اور رکاوٹ نہیں ہے۔ صبح شام کامیابی ہونے والی ہے۔

مرسلہ: سید نثار عباس نقوی (مرحوم)

شادیاں ناکام کیوں ہوتی ہیں؟

(علم الاعداد کی روشنی میں)

شادی میں ناکامی کے کئی اسباب ہیں۔ دلہن دلہا کے ناموں کے اعداد میں ہم آہنگی نہ ہونا۔ بروج و سیارگان کا مختلف ہونا۔ ناموں کے حروف کی طبع کا نہ ملنا۔ ایام محرم الحرام و صفر میں ہوئی شادیاں اکثر خانہ بربادی کا سبب بنتی ہیں کیونکہ ان ایام میں نواسہ رسول کی شہادت اور اہل بیت اطہار کا مصائب میں ابتلاء ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ وہ محرم، صفر تا 8 ربیع الاول میں شادی وغیرہ نہ کریں۔ شادی کے وقت قمر در عقرب بھی نہ ہو۔

قارئین امامیہ جنتری کی فرمائش پر چوتھی مرتبہ شامل اشاعت ہے۔ ہم یہاں برسوں سے آزمودہ علم الاعداد کی روشنی میں ایک قاعدہ قارئین جنتری امامیہ کیلئے پیش کر رہے ہیں۔ اعداد لیتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

(1) ۔ لڑکی اور لڑکے کے اصلی نام کے ابجد قمری کے حساب سے اعداد نکالیں۔ (2) ۔ والدہ کے نام کے عدد لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ (3) ۔ سید، زیدی، نقوی، بخاری، کاظمی، جعفری، چوہدری، خان، ملک، بٹ، ڈار، گوندل وغیرہ کے اعداد بالکل نہیں لینے۔ (4) ۔ موسیٰ، عیسیٰ، مصطفیٰ، وغیرہ میں صرف "ی" کے اعداد لیتے ہیں "ی" کے اوپر "الف" وغیرہ کے اعداد نہیں چلیں گے۔ (5) ۔ لڑکی کے ساتھ باپ کا نام یا لڑکے کے ساتھ باپ کا نام لکھا ہوا ہو تو اُس کے اعداد بھی نہیں لینے ہیں۔ (6) ۔ حمزہ "ء" بعض مقام پر الف کے اعداد کا تقاضا کرتا ہے بعض مقامات پر "ء" کے اعداد "ی" کے لئے جاتے ہیں مثلاً صائمہ، فائزہ، شائستہ، پائندہ وغیرہ۔ یہاں "ء" کے اعداد "ی" کے اعداد لئے جائیں گے۔ (7) ۔ لڑکی کے اعداد کو بھی 9 پر تقسیم کیا جائے گا اور لڑکے کے اعداد کو بھی 9 پر تقسیم کیا جائے گا جو حاصل قسمت ہوگا جدول سے دیکھا جائے گا جسکی مثالیں آخر پر واضح کر دی گئی ہیں۔ (8) ۔ اگر اعداد پورے پورے تقسیم ہو جاتے ہیں تو پھر جس عدد کے ساتھ تقسیم کیا گیا ہے یعنی 9 عدد بس اسی کو حاصل قسمت سمجھا جائے گا۔

ابجد قمری

حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز	ح	ط	ی ے	ک گ	ل	م	ن
قیمت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20	30	40	50
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
قیمت	60	70	80	.90	100	200	300	400	500	600	700	800	900	1000

اگر دونوں کا " ا اور ا " باقی بچ جائیں تو ان شاء اللہ یہ جوڑا نہایت سعد ثابت ہوگا۔ اور اگر

عدد	نتیجہ	عدد	نتیجہ	عدد	نتیجہ
۱ اور ۲	بادشاہی زندگی گزارنے کی علامت ہے۔	۲ اور ۶	ایک دوسرے پر جان نچھاور کرنے والے ہوتے ہیں۔	۴ اور ۴	انجام جدائی طلاق ہوگا۔
۱ اور ۳	نااتفاقی، خانہ جنگی، اجتناب ضروری ہے۔	۲ اور ۷	اچھے اور خوب ہوتے ہیں۔	۴ اور ۶	یہ جوڑا بھی بہت عمدہ رہتا ہے۔
۱ اور ۴	دائمی جدائی انجام طلاق ہوگا۔	۲ اور ۸	جب تک بچے نہ ہوں بہت عمدہ بعد میں طلاق ہو جاتی ہے۔	۴ اور ۷	اچھی زندگی بسر کرتے ہیں۔
۱ اور ۵	معتدل، دونوں ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔	۲ اور ۹	خوب اچھے رہتے ہیں۔	۴ اور ۸	خوب رہتے ہیں۔
۱ اور ۶	نہایت عمدہ زندگی بسر ہوگی۔	۳ اور ۳	شادی محبت کی ہوگی انجام بے وفائی۔	۴ اور ۹	جلد جدائی، انجام متفرق کرنے والے۔
۱ اور ۷	ایسے لوگ اولاد کا غم دیکھتے رہتے ہیں۔	۳ اور ۴	طلاق دائمی جدائی۔	۵ اور ۵	انجام جدائی طلاق ہوگا۔
۱ اور ۸	غربت مفلسی رنج و غم میں گزرے گی۔	۳ اور ۵	طلاق اور جدائی۔	۵ اور ۶	موافقت رہے گی۔
۱ اور ۹	انجام بہتر ہوگا معتدل رہے گی۔	۳ اور ۶	طلاق جدائی فراق۔	۵ اور ۷	عمدہ زندگی گزرے گی۔
۲ اور ۲	یہ بھی عمدہ زندگی بسر کرتے ہیں۔	۳ اور ۷	ایک دوسرے پر جان نچھاور کرنے والے ہوں گے۔	۵ اور ۸	دونوں میں پیار محبت ہوگا۔
۲ اور ۳	انجام طلاق۔	۳ اور ۸	یہ عمدہ رہیں گے۔	۵ اور ۹	دونوں معتدل رہتے ہیں۔
۲ اور ۴	نفرت، محبت، لڑائی جھگڑا، طلاق ہو جائے گی۔	۳ اور ۹	معتدل لڑ جھگڑ کر ایک دوسرے کی بات مان لیتے۔	۶ اور ۶	خوب رہتے ہیں۔

۳ اور ۳	انجام طلاق ہوگا۔
۳ اور ۵	مقصود حاصل نہیں ہوگا۔
۲ اور ۷	دونوں معتدل رہتے ہیں۔
۲ اور ۸	اچھی زندگی گزرتی ہے۔
۱ اور ۹	دونوں معتدل رہتے ہیں۔
۷ اور ۷	اچھی زندگی گزرتی ہے۔
۷ اور ۸	ابتدا میں اچھی نہیں ہوتی۔ بعد میں اچھی زندگی بسر ہوتی ہے۔
۷ اور ۹	مزاج میں اختلاف۔ بہبود دونوں کی بجا ہوتی ہے۔
۸ اور ۸	شادی مبارک ہوتی ہے۔
۸ اور ۹	خوشیاں بھری شادی ہوتی ہے۔
۹ اور ۹	جھگڑا فساد کرتے رہتے ہیں ایسی شادی نہیں کرنا چاہیے۔

مثال نمبر 1 لڑکی کا نام: ڈیانا — لڑکے کا نام: چارلس

ڈ	04	چ	03
ی	10	ا	01
ا	01	ر	200
ن	50	ل	30
ا	01	س	60
	9/66 = 7-3 باقی 3 بچے		9/294 = 32-6 باقی 6 بچے

3 اور 6 کو دیکھا تو انجام جدائی طلاق اور یہی کچھ ہوا۔

نوٹ: نام کا صحیح ہونا لازمی ہے۔ اگر 9 پر پورا تقسیم ہو جائے تا 9 عدد ہی تصور ہوگا۔ نام جب تک مکمل طور پر درست نہیں ہوگا نتیجہ صحیح نہیں نکل سکتا۔

مثال نمبر 2 لڑکی کا نام: نورجہاں — لڑکے کا نام: شوکت حسین رضوی

ن	50	ش	300
و	6	و	6
ر	200	ک	20
ج	3	ت	400
ہ	5	حسین	128
ا	1	ر	200
ن	50	ض	800
	9/315	و	6
	35---0	ی	10
			9/1870
			207---7

شوکت حسین رضوی کے 7 عدد اور نورجہاں کے 9 عدد

9 اور 7 کو دیکھا: نتیجہ جھگڑا مختلف مزاج۔ جدائی

حسب فرمائش الحاج سعید عالم زیدی (سویرا اسٹور)

دعائے قربانی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

☆ اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود اکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ اور اگر چند آدمیوں سے مل کر قربانی کی ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے۔ ☆ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ کہے۔ بہتر ہے کہ مِنِّيْ ۔ مِنَّا ۔ مِنْهُ ۔ مِنْهُمْ کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے۔ (بشکریہ نوائے صالحین)

عقیقہ سے شفاء

☆ عقیقہ سنت مئوکدہ ہے ساتویں دن بہتر ہے یہ تا حد بلوغت باپ پر سنت ہے بعد میں خود کرے۔

☆ بچہ کے بال منڈوا کر ان بالوں کے برابر چاندی یا چاندی کی رقم صدقہ کرے

☆ عقیقہ کے جانور میں قربانی کے جانور کی شرائط کا ہونا مستحب ہے۔

☆ گوشت کم از کم 10 مومنوں کو کھلائیں یا کچا تقسیم کر دیں۔

☆ والدین اور گھر کے وہ افراد جو والد کی کفالت میں ہوں عقیقہ کا گوشت نہ کھائیں

☆ سری پائے اور کھال صدقہ کرے قصائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں۔

☆ بوقت ذبح درج ذیل دعا پڑھے (لکیر سے اوپر والا حصہ لڑکے کیلئے اور نیچے والا لڑکی کیلئے ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ عَقِيْقَةٌ عَنْ ... لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا بِدَمِهٖ

[illegible]

وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

[illegible]

☆ دعا کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر ذبح کیا جائے اور ذبح کرنے کے بعد صلوات پڑھ کر یہ کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ (من کے بعد بچہ اور اسکے باپ کا نام لے)

برائے اصلاح اولاد

ہر نماز کے بعد درج ذیل آیات 3 مرتبہ پڑھیں

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۞

برائے حصول علم

عدۃ الداعی میں مذکور ہے کہ اگر بچہ کا دل علم کے حصول میں نہ لگتا ہو تو یہ درج ذیل آیات لکھ کر اسکے گلے میں ڈالیں اور پانی پر پڑھ کر پلائیں تو ذہن و عقل کی تیزی کے لیے مجرب ہے۔ (سورۃ العلق ۱ تا ۵)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۞ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۞ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۞ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۞ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۞

جدول تاریخ چاند اور تعبیر خواب (تعبیر الرویا علامہ مجلسیؒ)

تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب
پہلی	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	گیارہویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی بروایتے تین روز میں ظاہر ہوگی۔	اکیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دوسری	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	بارہویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر تعبیر دیر سے ظاہر ہوگی۔	بائیسویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔
تیسری	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	تیرہویں	اس شب کا خواب سچ ہے اور تعبیر نو روز میں ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	تئیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
چوتھی	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	چودہویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر ۲۰ یا ۳۰ روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	چوبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
پانچویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	پندرہویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر تین روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس کی تعبیر برعکس ہے۔	پچیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
چھٹی	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر ایک دو روز بعد ظاہر ہوگی۔	سولہویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر دو روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے دیر میں ظاہر ہوگی۔	چھبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
ساتویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	سترہویں	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	ستائیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
آٹھویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	اٹھارہویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	اٹھائیسویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
نویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔ بروایتے تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔	انیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	انتیسویں	اس شب کا خواب سچ ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔ بروایتے اس کی تعبیر بیس روز میں ظاہر ہوگی۔	بیسویں	اس شب کے خواب سچ اور موثر ہے۔	تیسویں	اس شب کا خواب راست سچ اور موثر ہے۔

آپ کا معاون و مبارک نگینہ (نگینوں کا تعلق راس کے ساتھ)

بحوالہ کرشمہ قدرت مؤلفہ ہمایوں مرزا لکھنوی

برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ	برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ
حمل - میکھ	مریخ	سُرخ	ہیرا، مونگا، یاقوت، عقیق یمنی، اوپل	میزان - تلا	زہرہ	سفید سیاہی مائل	مرجان، ہیرا، پکھراج، دُرِ نجف، لہسنیہ
ثور - برکھ	زہرہ	سفید	مرجان سرخ، ہیرا، دُرِ نجف، موتی	عقرب - برچھک	مریخ	سرخ	ہیرا، یاقوت، مونگا، عقیق
جوزا - متھن	عطارد	سرخی مائل	پکھراج، زمرد، زبرجد	قوس - دھن	مشتری	زرد	فیروزہ، پکھراج زرد، لہسنیہ، زمرد
سرطان - کرک	قمر	سفید	نیلم، حجر القمر، عقیق زرد، پکھراج زرد، لہسنیہ	جدی - مکر	زحل	سیاہ نیلا	موتی، نیلم، عقیق یمنی، دُرِ نجف
اسد - سنگھ	شمس	نارنجی	نیلم، مرجان، عقیق، یاقوت	دلو - کنبھ	زحل	نیلا سیاہ	عقیق سرخ، نیلم
سنبلہ - کنیا	عطارد	سفید	عقیق زرد، زبرجد، اوپل	حوت - مین	مشتری	زرد یاذی	پکھراج سفید، دُرِ نجف

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بشکریہ کرشمہ قدرت مؤلفہ ہمایوں مرزا لکھنوی

ماہ	نگینہ	ماہ	نگینہ	ماہ	نگینہ	ماہ	نگینہ
جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سُرخ	اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق	جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سرخ	اکتوبر	اوپل، دُرِ نجف، زبرجد
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر	مئی	زمرد، عقیق یمنی	اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی	نومبر	پکھراج، زبرجد
مارچ	فیروزہ، دُرِ نجف، زبرجد	جون	موتی، زمرد	ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد	دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

شیخ زوار رضا جاوا Sheikh Zawar Raza Jawa

Cell: +92-[illegible]

"وسخر لکم الیل والنھار والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ ان فی ذالک لایت لقوم یعقلون"

صدائے کواکب/Youtube

دیکھیے سنیے Youtube چینل

(Sheikh Zawar Raza Jawa شیخ زوار رضا جاوا)

(Raza Jawa رضا جاوا)

ہفتہ وار/ماہانہ زائچے اور دیگر موضوعات پر ویڈیوز

ویب سائٹ (Website)

اب گھر بیٹھے اپنی پسند کے جواہرات نگینے منگوانے کے لیے ہماری ویب سائٹ "Jawa Gem" اور فیس بک پیج Jawa Gems پر وزٹ کریں۔

Website: www.jawagems.com
Youtube: Sheikh Zawar Raza Jawa, Jawa Gems
Instagram: zawarrazajawa
Twitter: @sheikhzawarraza
Facebook: Sheikh Zawar Raza Jawa, Raza Jawa

BirthChart/زائچہ

اپنے مسائل کی تشخیص اور ان کے حل کے لیے آئمہ طاہرین کے پاک و پاکیزہ علم، علم جعفر و نجوم سے مدد حاصل کیجئے جس میں زندگی کے تقریباً تمام اہم شعبہ جات پر مفصل روشنی ڈالی جائے گی۔ مثلاً شخصیت، مالی پوزیشن، عزیز و اقارب سے تعلقات، اندورن ملک سفر، سماجی حیثیت، پراپرٹی، خاندان اور ان جیسے دیگر امور اور مسائل پر روشنی اور ساتھ ساتھ انکا حل بھی بتایا جا رہا ہے۔

Match Making/Compatibility

شادی سے قبل یہ ضرور دیکھ لیں کہ لڑکے اور لڑکی کے مابین تعلقات کیسے رہیں اس طرح آپ شادی کے بعد کی بہت سی قباحتوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ شادی کب کرنا بہتر نتائج کا حامل ہوگا یا شادی میں رکاوٹ کی وجوہات کیا ہیں اور ان کا حل کیا ہے۔

Alwah/الواح

تمام سیارگان شمس، قمر، مشتری، زہرہ، عطارد، مریخ، زحل کے اوج و شرفات کی الواح (لوح رد نحوستِ سیارگان، مجرب انگشتریاں، عدد ۹ والی انگوٹھی، حرز والی انگوٹھی، حرز جان، حروفِ مقطعات، لوحِ فتح نامہ، لوحِ تسخیرِ خلائق، لوحِ سات سلام، بخورِ خاص بھی دستیاب ہے)

Gems Lab

نگینہ نام اور تاریخ پیدائش کے حساب سے تجویز کیا جاتا ہے۔ قسمت اور حالات میں بہتری، ستاروں کی نحوست رفع کرنے، بیماری اور سحر جادو، آسیب کے اثرات کو روکنے کے لیے بہترین نگینہ تشخیص کروائیں۔

شیخ زوار رضا جاوا
(ماہر فلکیات)
148 شادمان 1 جیل روڈ لاہور
0321-9477284
0300-0891363
Www.enlighteningspirits.com
E-Mail: jawa1215@gmail.com

یک سالہ زائچہ 2020

کے فلکی اثرات

نوٹ: مندرجہ ذیل دعا 9 مرتبہ روزانہ مقررہ وقت پر معہ اول و آخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہونگیں۔

دعا رد نحوست سیارگان بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا کَافِیْ یَا غَنِیُّ یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِحْفَظْنِیْ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَۃِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعُطَارِدِ وَالزُّهْرَۃِ وَالْمِرِّیْخِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَعَلِیٍّ وَفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَعَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ وَجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَی ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِیِّ ابْنِ مُوْسٰی وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ وَعَلِیِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ وَالْحُجَّۃِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

برج: حمل	ARIES	سیارہ: مریخ

رنگ: گلابی، پیلا، لال
عنصر: آتشی
جواہر: مرجان، یاقوت، ڈائمنڈ، عقیق، یمنی
بہترین شریک حیات: اسد، قوس
ناموافق ساتھی: سرطان، میزان، جدی
بیماریاں: تیز بخار، اعصابی تناؤ، السر، شدید سر کا درد، درد شقیقہ

دن: منگل | عدد: 9 | 21 Mar to 20 Apr | حروف: ا، ل، ع، ی

اہم نکات سال 2020 برج حمل والوں کے لئے تبدیلیوں کا سال ہے۔ اس سال دونوں بڑے سیارے مشتری اور زحل برج تبدیل کریں گے۔ جو کسی بھی برج کے لوگوں کے لئے خاص اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اور برج حمل والوں کے کیریئر خوش بختی اور روزگار پر کیا اثرات مرتب ہونگے یہ آئندہ سطور میں ملاحظہ کریں جبکہ ذاتی ستارہ مریخ کا پانچویں گھر شرف اور شمس کا طالع میں شرف، زہرہ عطارد کے شرف و ہبوط آپکے معاملات زندگی پر خاصے گہرے اثرات مرتب کرتے ہیں امسال 4 قمری اور 2 شمسی گرہن زائچے کے اہم ترین گھروں کو متاثر کر رہے ہیں۔

آپکی شخصیت اور شخصی وقار برج حمل سے وابستہ کاروباری حضرات کو اس سال زیادہ احتیاط کرنا ہوگی کیریئر کے گھر گذشتہ دسمبر سے مشتری حالت وبال آجانے سے آپکی کاروباری ساکھ داؤ پر ہوگی۔ مشتری تمام سال دسویں قیام پذیر رہتے ہوئے آپکی ترقی کی راہ میں رکاوٹیں لاتا رہے گا۔ دوسری جانب دسویں کا حاکم زحل مارچ تک دسویں رہے گا لیکن جنوری فروری شمس کی دسویں موجودگی آپکو زحل کی سعادتوں سے محروم کردے گی۔ زحل گیارہویں گھر آخر مارچ میں خوش بختی کے گھر میں داخل ہوگا مگر مئی تا ستمبر زحل کی رجعت آپکو سعادتوں سے محروم رکھے گی۔ انشاء اللہ نومبر دسمبر حالات بہتر ہونگے دوسری جانب شمس اپریل میں طالع میں شرف یاب ہوگا اور جون میں مریخ کی طالع میں آمد آپکو معاملات سنبھالنے میں معاونت فراہم کرے گی عزت وقار میں اضافہ ہوگا۔

صحت، جاب، ملازمین آپکے بیت الصحت کا حاکم سیارہ ایک تیز رفتار سیارہ ہونے کیوجہ سے ہر سال آپکی صحت پر اچھے برے دونوں طرح کے اثرات مرتب کرتا رہتا ہے 3 فروری تا 11 اپریل، 28 اپریل تا 12 مئی 6 تا 27 ستمبر آپکو اپنی صحت پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی یہی وہ دورانیہ ہے جب آپکی صحت کیساتھ ساتھ آپکی جاب بھی خطرے میں ہوگی ان ایام میں ان دونوں معاملات پر خاص توجہ دیں اور جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز ہرگز نہ کریں۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز ابتدائے سال تا 20 مارچ نسبت طے ہونے کے امکانات انتہائی کم ہونگے اگر کوئی بات بنے گی بھی تو دیرپا نہ ہوگی۔ 20 مارچ تا 22 اگست حالات آپکے حق میں ہونگے اور نسبت یا منگنی طے پا سکتی ہے تاہم 22 اگست تا 23 اکتوبر حالات میں تبدیلی مشکلات لا سکتی ہے۔ 24 اکتوبر تا 21 دسمبر قدرت ایک بار پھر آپ پر مہربان ہوگی اس دوران انعامی اسکیموں سے انعام نکلنے یا بانڈز میں انعام نکلنے کے ساتھ اولاد کے خواہشمند افراد کی امیدیں بھی بر آئیں گی۔ جنوری تا 20 مارچ اور 23 اگست تا 23 اکتوبر بچوں کے ساتھ معاملات کشیدہ ہو سکتے ہیں از حد محتاط رہیں۔

شادی شراکتی ازدواجی تعلقات شادی کے حوالے سے ابتدائے سال سے ہی حالات آپکے موافق ہونگے۔ مگر درست وقت کا انتخاب آپکی ازدواجی زندگی میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ 23 جنوری تا 7 فروری 5 مارچ تا 13 اکتوبر اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر کا دورانیہ نکاح یا شادی کے لئے مناسب ہوگا۔ اس دوران ایام عزاء کو ملحوظ خاطر رکھیں اسی دوران آپکو شراکت داری کی آفر بھی مل سکتی ہے شریک کار یا شریک حیات کے ساتھ آپکے تعلقات اچھے رہیں گے تاہم 8 فروری تا 5 مارچ 3 تا 27 اکتوبر 21 نومبر تا آخر سال حالات موافق نا ہونگے حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں جنکے زائچہ پیدائش میں سیارے مطابقت نہیں رکھتے انکے مابین علیحدگی ہو سکتی ہے یہ دورانیہ نئی شادی یا کاروباری شراکت کے لئے بھی مناسب نہ ہوگا۔

گھر خاندان پراپرٹی آپکے خانگی امور کا سیارہ قمر چونکہ ایک تیز رفتار سیارہ ہے اسلئے ہر ماہ گھریلو حالات تیزی سے تبدیل ہوتے رہتے ہیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ گھریلو سکون قائم و دائم رہے تو ہر ماہ ہونے والے قمر در عقرب کا خاص خیال رکھا کریں۔ ہبوط قمر کے دنوں میں چاول آٹا یا دودھ دہی کو صدقہ دینا اپنا معمول بنالیں۔ آپکے گھریلو سکون کو پروردگار محفوظ رکھے گا اسی طرح ہر قمر کا شرف گھریلو ماحول میں سکون بھی لیکر آتا ہے ان دنوں میں اہم گھریلو فیصلے کرنا سود مند ہوتے ہیں۔ اس سال 21 جون تا 7 جولائی شمس کا چوتھے گھر اوج اور 7 اگست تا 6 ستمبر کا دورانیہ گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی لین دین کے حوالے سے نیک ثابت ہوگا اس وقت کو نوٹ کرلیں اس وقت میں خریدی گئی اشیاء یا پراپرٹی انشاءاللہ منافع بخش ثابت ہوگی۔

ابتدائی تعلیم نزدیکی سفرات تحریری معاھدے سماجی تعلقات گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی آپکو کئی ایک نزدیکی سفرات کا موقع ملے گا تیسرے کا حاکم ستارہ عطارد اوائل تا 2 فروری 11 تا 27 اپریل 12 مئی تا 6 ستمبر اور 27 ستمبر تا 2 دسمبر بہترین حالت میں رہتے ہوئے درج بالا معاملات میں بہتری لائیگا، اس عرصہ میں نزدیکی سفرات سماجی تعلقات اور کاموں میں اور تحریری معاملات میں بہتری لائے گا۔ سال کا باقی دورانیہ آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی اور سفر سے قبل صدقہ ضرور ادا کریں۔

قرضہ وراثت اور مشترکہ مالی معاملات 31 مارچ تا 28 جون 9 ستمبر تا 14 نومبر آپکے وراثتی معاملات حل ہونے کے قوی امکانات ہونگے اسکے ساتھ مالی منافع کا حصول ممکن ہوگا جبکہ قرض لینے کی کوششیں کامیاب ہوسکیں گی۔ 10 ستمبر تا 14 نومبر تک حالات ملے جلے رہیں گے اور کاموں میں قدرے رکاوٹوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ 31 مارچ تا 27 جون حالات موافق نا ہونگے کاموں میں التوا وراثتی امور میں تاخیر اور عدالتی فیصلے آپکے خلاف ہونے کے امکانات ہونگے محتاط رہیں۔

حج وزیارات ، بیرون ملک سفر اعلی تعلیم 2 دسمبر 2019 سے درج بالا معاملات کا حاکم مشتری ایک سال تک ہبوط میں چلے جانے سے معاملات میں رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ ویزہ کے حصول میں رکاوٹ آپکے سفرات میں التوا لائے گی جبکہ روحانی معاملات میں از حد محتاط رہیں ورنہ آپ اپنی روحانی تسکین کیلئے غلط راستہ اختیار کر سکتے ہیں کسی بھی معاملہ میں اندھا اعتماد آپکو نقصان پہنچا سکتا ہے جبکہ حج زیارات کے خواہش مند حضرات کو خاص صدقات اور ورد وظائف کی ضرورت ہوگی۔

معیشت کیریئر روزگار معیشت روزگار کے حوالے سے آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا مشتری گذشتہ دسمبر سے 13 ماہ کیلئے دسویں کیریئر کے گھر میں آ چکا ہے اور اسکے ہبوط زدہ ہونے کی وجہ سے آپ مشتری کی سعادتوں سے محروم ہیں دوسری جانب زحل 23 مارچ کو گیارہویں چلے جانے سے آپکے کیریئر روزگار معیشت پر گہرے اور سعد اثرات مرتب ہونگے مگر 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت کی وجہ سے کاموں میں التوا لائے گا۔ جاری منصوبوں میں التوا کے ساتھ ملازم پیشہ افراد کو اپنے سینئرز سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جو آپکی ترقی میں رکاوٹ کا باعث بن سکتا ہے سال کا باقی عرصہ قدرے بہتر رہے گا (ان شاء اللہ)

دوست احباب خواھشات کاروباری فوائد آپکے گیارہویں گھر کا مالک ستارہ زحل ابتدائی تین ماہ تک دسویں گھر رہتے ہوئے خوش بختی کے معاملات میں بہتری لائے گا مگر اسی دوران شمس کی 20 جنوری تا 19 فروری گیارہویں وبال کی حالت میں موجودگی امیدوں خواہشات کی تکمیل میں التوا لاسکتی ہے 21 مارچ زحل کا داخلہ گیارہویں اپنے ہی گھر ہونے سے معاملات میں تیزی سے مثبت تبدیلی آئے گی 11 مئی تا 29 ستمبر زحل کی رجعت کاموں سست روی اور التوا لاسکتی ہے۔ دوست احباب کے ساتھ تعلقات کشیدہ اور بنتے کاموں میں بگاڑ آسکتا ہے اور باقی دورانیہ سال کا اچھا گذرے گا یہ سال انشاءاللہ آپکی امیدوں خواہشات کی تکمیل کا سال ہوگا۔

بیرون ملک قیام امیگریشن خفیہ معاملات

19 دسمبر تک مشتری ہبوط میں رہنے کی وجہ سے امیگریشن سے متعلق حالات موافق نہ ہونگے۔ 14 مئی تا 13 ستمبر مشتری کی رجعت بیرون ملک مقیم افراد کو بھی واپسی کی راہ دکھا سکتی ہے بیرون ملک مقیم افراد کا کیریئر روزگار داؤ پر لگ سکتا ایسے افراد کو روحانی تدارک کی اشد ضرورت ہوگی۔ مشتری کا ہبوط جہاں تکالیف اور پریشانیاں لارہا ہے وہیں آپکے خلاف ہونے والی خفیہ سازشوں کو

کبھی دہا دے گا پروردگار عالم آپ سب کو اپنی امان میں رکھے۔

شمسی وقمری گرہن اس سال چار قمری اور دو شمسی گرہن لگیں گے جو کہ زائچہ حمل افراد کے خانگی معاملات بچوں عزیز و اقارب کیریئر اور بیرون ملک سفرات اور عزیز و اقارب کے ساتھ سسرالی معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ گرہن کی تواریخ جنتری ہذا سے نوٹ کرلیں ان تواریخ میں صدقات اور نماز کسوف و خسوف ضرور ادا کریں۔ اس بارے مزید مکمل تفصیلات آپ میرے youtube چینل Sheikh Zawar Raza Jawa پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔ **صدقہ** 31 مارچ تا 28 جون ہر منگل 900 گرام دال مسور یا مرغی کی کلیجی کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں اور تمام سال ہر جمعرات کم از کم 300 گرام یا 3 پاؤ بڑا گوشت کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں۔

نوٹ صدقہ کسی بھی راہگیر میں ہرگز نہ ڈالیں **وردِ خاص** روزانہ بعد از فجر سورۃ شوریٰ آیت نمبر 19 ایک تسبیح ورد کریں بعد اول و آخر 16-16 مرتبہ درود پاک، دوران ورد گفتگو سے پرہیز کریں۔

برج: ثور — **TAURUS** — **سیارہ: زہرہ**

رنگ: گہرا نیلا
عنصر: خاکی
جواہر: الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو
بیماریاں: حلق اور کانوں کے امراض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

دن: جمعہ **عدد:** ۶ 21 Apr to 21 May **حروف:** ب، و

اہم نکات سال 2020 برج ثور والوں کے لئے تبدیلیوں کا سال ثابت ہوگا کیریئر کا حاکم زحل کا اپنے ہی گھر آنا اور وسط مئی تا آخر ستمبر رجعت کے دوران کاروباری معاملات پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ جبکہ مشتری دسویں ہبوط کے گھر میں گذشتہ سال دسمبر سے آچکا ہے جو کہ 14 مئی تا 23 ستمبر رجعت میں رہکر خواہشات کی تکمیل پر منفی اثرات مرتب کرے گا ساتویں بارہویں کا حاکم مریخ جہاں شرف میں رہتے ہوئے سعد اثرات مرتب کرے گا وہیں تخفیض کے اوقات میں ازدواجی معاملات اور بیرون ملک سفرات قیام اور تعلقات کو بری طرح متاثر بھی کرے گا۔

شخصی وقار آپکا ذاتی ستارہ زہرہ اس سال 8 فروری تا 5 مارچ، 3 اکتوبر تا 28 اکتوبر اور تا 21 نومبر انتہائی مثبت پوزیشن میں ہوتے ہوئے آپکی شخصیت پر نہایت سعد اثرات مرتب کرے گا مگر اسکے ساتھ ساتھ آپکو دیگر عوامل پر بھی توجہ دینا ہوگی اور دیتے معاملات کو تحمل اور بردباری سے حل کرنا ہو گا 31 مارچ تا 28 جون اور 10 ستمبر تا 14 نومبر آپکو شراکتی و ازدواجی معاملات پر خاص توجہ دینا ہوگی معاملات کو بڑے حوصلہ سے حل کرنا ہوگا ورنہ آپکی شخصیت متاثر ہوسکتی ہے۔

مالی پوزیشن آپکے مالی امور کا سیارہ عطارد ایک تیز رفتار سیارہ ہے اس لیے آپکے مالی معاملات تیزی سے تبدیلی کا شکار ہوتے ہیں۔ 3 فروری تا 11 اپریل، 28 اپریل تا 12 مئی اور 6 تا 27 ستمبر اور 2 تا 21 دسمبر آپکو بہت محتاط رہنا ہوگا، مالی معاملات تحریری معاہدے یا لین دین سے گریز کریں 31 مارچ تا 13 مئی کیریئر کے گھر مریخ کی موجودگی آپکے کاروباری معاملات کے لئے کسی طور پر بھی سودمند نہ ہوگی ازحد محتاط رہنا ہوگا اس دوران کیریئر یا کاروباری معاملات میں کوئی بڑا فیصلہ نہ کریں ورنہ آپ مالی بحران کا شکار ہوسکتے ہیں۔

عزیز واقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفرات

آپکے بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ قمر 28 دن میں سیر افلاک کرتا ہوا ایک بار پھر وہیں پہنچ جاتا ہے جہاں سے چلا تھا اسکی بنیادی وجہ نئے چاند کا طلوع ہوتا ہے۔ اسی دوران قمر اوج تخفیض شرف طرح طرح کی منازل طے کرتا ہوا آپکے تعلقات پر اچھے برے ہر طرح کے اثرات مرتب کرتا ہے اسی طرح جہاں شرف قمر ہر ماہ آپکے عزیز و اقارب سفرات ابتدائی تعلیم پر سعد اثرات مرتب کرتا ہے وہیں ہر ماہ ہونے والا قمر در عقرب آپکے تعلقات میں بگاڑ بھی پیدا کر رہا ہوتا ہے، درج معاملات کو بہتر طریقہ سے چلانے کے لئے قمر کی حالت کے اوقات کو جنتری سے نوٹ کریں اور اسکے علاوہ ہمارے فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل کو فالو کریں تاکہ آپکو بروقت اطلاع مل سکے ہر ماہ قمر در عقرب میں دو کلو ٹوٹا چاول کا صدقہ دینا خود پر لازم کرلیں۔

گھر، خاندان، پراپرٹی آپکے زائچہ کا چوتھا گھر آپکے گھریلو حالات آرام سکون اور خانگی معاملات کے بارے میں آگاہی دیتا ہے آپکے گھریلو معاملات کا حاکم ستارہ شمس ہے جو کہ آغاز سال تا 19 فروری 20 مئی تا 20 جون 22 ستمبر تا 23 اکتوبر اور 21 دسمبر تا آخر سال شمس سعد نا ہوگا یہ وہ دورانیہ ہے جب آپکے خانگی معاملات سر اٹھائیں گے اس دوران گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی کا لین دین بہتر نہ ہوگی۔ جبکہ 22 ستمبر تا 23 اکتوبر کا دورانیہ اس حوالے سے نحس ترین دورانیہ ہوگا۔ جبکہ 20 مارچ تا 19 مئی اور 21 ستمبر تا 24 اکتوبر تا 20 دسمبر کا دورانیہ بالعموم اور 7/8 مارچ اور 11/12 جولائی بالخصوص وہ ایام ہونگے جب گھر کی تبدیلی یا خرید و فروخت کے لئے حالات آپکے حق میں ہونگے اور آپکو گھریلو سکون میسر ہوسکے گا۔

اولاد، انعامی بانڈز، لاٹری 2020 اس حوالے سے ملا جلا سال

ہوگا۔ یکم تا 2 فروری 11 تا 28 اپریل اور 12 مئی تا 6 ستمبر 2 تا 21 دسمبر آخر سال آپ کو بچوں کے ساتھ وقت صرف کرنے کے بہتر مواقع میسر آئیں گے آپ خود کو خاصہ پرسکون محسوس کریں گے۔ بے اولاد حضرات کو 12 مئی تا 8 ستمبر خصوصی طور پر اولاد کے حوالے سے خوش خبری مل سکتی ہے۔ انعامی اسکیموں کے حوالے سے 12 مئی تا 5 ستمبر اور 27 ستمبر تا 2 دسمبر کا دورانیہ ایسی اسکیموں میں انوسٹمنٹ کے لحاظ سے بہتر ہوگا۔ ثور افراد کو 3 فروری تا 10 اپریل اور 6 ستمبر تا 27 ستمبر بچوں پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہوگی آپکے تعلقات بچوں سے کشیدہ ہوسکتے ہیں۔

صحت، ملازمت، ملازمین آغاز سال 13 جنوری سے ہی ملازمت کے حوالے سے ماحول مناسب ملنا شروع ہوگا۔ 13 جنوری تا 8 فروری، 5 مارچ تا 3 اکتوبر، اور 28 اکتوبر تا 15 دسمبر آپکو صحت اور ملازمت دونوں جانب سے حالات انتہائی سازگار ملیں گے بہتر جاب کا حصول اور جاب کا موقع کرنا ممکن ہوگا۔ اس دوران ملازمین رکھنا چاہئیں تو بہتر اور با اعتماد ملازمین مل سکیں گے۔ جبکہ 8 فروری تا 4 مارچ اور 3 تا 27 اکتوبر 15 تا 31 دسمبر آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا جاب چھوڑنے کی قطعی غلطی نا کریں ورنہ دوبارہ جاب کا حصول مشکل ہوسکتا ہے 6 تا 27 ستمبر صحت کا خاص خیال رکھیں آپکی صحت بوجہ جادو سحر متاثر ہوسکتی ہے۔

شادی، ازدواجی تعلقات، شراکت داری آپکے بیت الزوج کا حاکم سیارہ مریخ آغاز سال تا 30 مارچ بہترین حالت میں رہتے ہوئے آپکی ازدواجی و شراکتی معاملات پر اچھے اثرات مرتب کر رہا ہے بالخصوص 16 فروری تا 30 مارچ کا دورانیہ انتہائی آپکو خوشیوں سے ہمکنار رکھے گا انشاء اللہ۔ آپکی شادی طے پانے کے قوی امکانات ہونگے شادی شدہ جوڑوں میں انتہائی جذباتی نوعیت کے عمدہ تعلقات بڑھیں گے اور آپکو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے۔ 31 مارچ تا 28 جون مریخ کی پہلے برج دلو میں حضیض کی حالت اور پھر برج حوت میں بحالت طرح رہنے سے آپکے مابین کشیدگی پیدا ہوسکتی ہے آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا۔ 28 جون کو مریخ برج حمل آجانے سے آپکو اپنے تعلقات بحال کرنے کا موقع ملے گا۔ 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت ایکبار پھر آپکے بنے بنائے کاموں میں بگاڑ پیدا کر سکتی ہے اس دوران آپکی طے شدہ شادی بھی خدانخواستہ رک سکتی ہے۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات اور قرضہ اس حوالے سے سیارگان موافق نظر نہیں آرہے امسال آپکو بوجہ ہبوط مشتری وراثتی اور مالی معاملات میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اگر اس حوالے سے آپکے کیسز عدالتی سطح پر ہیں تو فیصلہ آپکے خلاف آسکتا ہے۔ امسال شراکت داری سے منافع کا حصول آپکے لیے مشکل ہوگا اگر آپ پہلے سے شراکت داری کر رہے ہیں تو اس حوالے سے کوئی روحانی تدارک کرنا از حد ضروری ہوگا۔

روحانیت، بیرون ملک سفرات حج وزیارات آپکے نویں گھر کا حاکم زحل گذشتہ دو سالوں سے آپکے زائچے کے نویں گھر رہتے ہوئے بیرون ملک سفرات کی راہیں ہموار کرتا رہا ہے۔ اسی طرح اکثر ثور افراد نے روحانی مدارج بھی طے کئے اور انکا تعلق اپنے خالق حقیقی سے زیادہ مضبوط ہوا ہے۔ امسال آپکے قدرے ملے جلے اثرات کا سامنا رہے گا مشتری نویں گھر ہبوط میں رہتے ہوئے آپکو امتحان سے دوچار رکھے گا۔ دوسری طرف زحل اپنے برج میں دسویں گھر مارچ میں چلے جانے سے مشتری کے اثرات کو دبا دے گا البتہ 11 مئی تا 29 ستمبر زحل کی رجعت آپکے بیرون ملک سفرات میں رکاوٹ کا باعث ہوگی ان دنوں میں ویزہ اپلائی کرنے سے اجتناب کریں۔ بعد از امتحان اگلی کلاس میں منتقلی کا سال ہوگا۔

معیشت، کیرئیر، روزگار ترقی وتنزلی

2020 معیشت کیرئیر کے لحاظ سے ایک ملا جلا سال نظر آرہا ہے گو کہ بہتری زیادہ ہے تاہم کچھ دورانیہ احتیاط طلب ہوگا۔ 20 جنوری تا 21 فروری کیرئیر کے گھر شمس کا وبال آپکے کاموں میں رکاوٹ کا باعث بنے گا۔ 19 فروری تا 31 مارچ تک حالات قدرے بہتر ہونگے۔ 31 مارچ کو مریخ دسویں بحالت حضیض دسویں گھر آجائیگا اور 13 مئی تک یہیں قیام پذیر رہتے ہوئے کاروبار کیرئیر روزگار کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتا ہے بالخصوص وہ افراد جو کسی طور پر مشترکہ کاروبار سے منسلک ہیں انکے لئے یہ وقت کسی طور بہتر نا ہوگا۔ سال کا باقی دورانیہ حالات انشاء اللہ موافق رہیں گے تاہم آپکو تیز رفتار اور کم مدت کے منصوبوں سے گریز کرنا ہوگا زحل ہمیشہ طویل دورانیہ کے کاموں میں معاون ہوتا ہے زحل یہاں کیرئیر کے گھر میں اڑھائی سال تک قیام پذیر رہے گا۔

دوست احباب، خواہشات کاروباری فوائد جیسا کہ پچھلی سطور میں بتایا گیا ہے کہ مشتری امسال ہبوط میں رہے گا مشتری جو آپکے گیارہویں خواہشات کے گھر کا حاکم ہے قوت سے محروم ہونے کی وجہ سے آپکو مطلوبہ نتائج دینے سے قاصر ہوگا اپنی خواہشات کو کنٹرول میں رکھیں دوست احباب سے وابستہ توقعات بھی شاید پوری نہ ہوسکیں جتنی آپ امید رکھتے ہیں اس سال اٹھائے گئے کاروباری اقدامات کا ثمر اس سال کم جبکہ آئندہ سال بھرپور ثمر ملے گا البتہ جن افراد نے مشتری کی نحوست سے بچاؤ کا کوئی روحانی تدارک کرلیا وہ انشاء اللہ مطلوبہ نتائج کا حصول کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔

بیرون ملک قیام امیگریشن اس حوالے سے آپکو اس سال

ملے جلے اثرات کا سامنا رہے گا۔ جہاں کچھ مسائل آئیں گے وہیں کچھ سیارگان امداد دری بن کر آپکی محافظت کا کام بھی سرانجام دیں گے۔ آغاز سال تا 16 فروری بالعموم اور 16 فروری تا 30 مارچ بالخصوص آپکے بارہویں کا حاکم مریخ شرف میں رہتے ہوئے آپکے امیگریشن سے منسلک مسائل حل کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ اور پھر 31 مارچ مریخ تحت شعاع میں آجانے سے بیرون ملک قیام میں رکاوٹیں نظر آرہی ہیں تو 20 مارچ تا 19 اپریل شمس آپکے بارہویں شرقی گھر میں قیام کرتے ہوئے مریخ کی نحوستوں کو کاٹ بھی رہا ہے البتہ 19 اپریل تا 28 جون مریخ کی منفی حالت اور 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت آپکی مشکلات میں اضافہ کا باعث بن سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں کوئی روحانی تدارک کرنا ازحد ضروری ہوگا۔

شمسی وقمری گرھن امسال گرہن کثرت سے لگ رہے ہیں جس میں چار قمری اور دو شمسی گرہن لگ رہے ہیں یہ گرہن آپکی مالی پوزیشن سماجی تعلقات، نزدیکی سفرات تحریر وتقریر اور مشترکہ مالی اور وراثتی معاملات کے ساتھ ازدواجی معاملات میں کشیدگی کا باعث بن سکتے ہیں بروقت صدقات اور نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی سے آپ نقصانات سے بچ سکتے ہیں۔ گرہن کی تواریخ امامیہ جنتری میں الگ صفحات پر دی گئی ہیں نوٹ کرلیں اسکے علاوہ دیگر تفصیلات یوٹیوب چینل شیخ ذوار رضا جاوا پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

صدقہ ہر جمعرات کم از کم 300 گرام یا تین پاؤ بڑا گوشت اور تین چمچ ہلدی کسی غریب مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈالیں۔ **ورد خاص** روزانہ ایک تسبیح سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 80 درود پاک نو مرتبہ اول آخر کے ساتھ ورد کریں

مجرب ترین نسخہ برائے شوگر

درج ذیل 16 اشیاء ہم وزن لیکر سفوف بنا کر آدھا چمچ چائے والا یا حسب ضرورت منہ نہار پھانک کر پانی پی لیا کرے چند دنوں کے اندر اندر شوگر کا خاتمہ ہوجائے گا۔ (از علامہ ظفر عباس اسدی)

نوٹ نسخہ استعمال سے پہلے شوگر کا پوائنٹ چیک کرلیں بہت زیادہ کم ہونے پر دوائی کا استعمال کم کردیں۔

(۱) کلونجی (۲) گٹھلی جامن (۳) گڑمار بوٹی (۴) خام کریلہ (۵) بیج سرس (۶) تھ... (۷) گوند کیکر (۸) تخم آم (۹) زیری سیاہ (۱۰) تخم نیم (۱۱) ماجو (۱۲) پھور (۱۳) رسونت (۱۴) ہرڑ سبز (۱۵) کالے چنے (۱۶) فسطین۔

برائے گمشدہ: درج ذیل آیت مع دعا چند مرتبہ تکرار کریں تو گمشدہ چیز مل جائیگی
اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ یَا جَامِعُ النَّاسِ ... (گمشدہ کا نام لیں)

برج: جوزا	GEMINI	ستارہ: عطارد

رنگ: نیلا، زرد
عنصر: بادی
جواہر: زمرد، فیروزہ، عقیق
بہترین شریک حیات: میزان، دلو
ناموافق ساتھی: سنبلہ، قوس، حوت
بیماریاں: نمونیہ، سینے کے عوارض، نزلہ اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

دن: بدھ	عدد: 5	22 May to 21 Jun	حروف: ق، ک

اہم نکات 2020 آپ کے لئے اہم اور تبدیلیوں سے بھرپور سال ہے امسال زحل اور مشتری دونوں ہی اپنے گھر تبدیل کررہے ہیں زحل آٹھویں سے نویں اپنے ہی ذیلی گھر برج دلو میں داخل ہوجانے سے آپکے روحانی سفر کا آغاز ہوجائے گا گذشتہ اڑھائی سال سے زحل جو کہ آپکے آٹھویں گھر میں تھا جن مشکلات سے آپ دوچار رہے ہیں ان مشکلات کا خاتمہ ہوجائے گا۔ مگر ابھی امتحان ختم نہیں ہوا مشتری گذشتہ 2 دسمبر سے آپکے زائچہ کے آٹھویں برج جدی ہبوط کے گھر میں آچکا ہے اب آپکے شراکتی ازدواجی اور بالخصوص کاروباری مسائل آپکی مشکلات میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس حوالہ سے خصوصی طور پر کوئی روحانی تدارک کرلینا مناسب ہوگا۔ چھٹے گیارہویں کا حاکم مریخ شرف یاب ہوکر آپکی صحت اور ملازمت پر اچھے سعد اثرات مرتب کررہا ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ اپریل تا جون مریخ کی نحوست آپکے کیریئر روزگار اور بیرون ملک سفرات کو بھی متاثر کررہا ہے

شخصی وقار اس سال دو چیزیں اس حوالہ سے آپکے لئے اہم ہونگی ایک عطارد جو آپکا اپنا ستارہ ہے 3 فروری تا گیارہ اپریل، 28 اپریل تا بارہ مئی، اور 6 تا 27 ستمبر، 2 تا 21 دسمبر منفی ہوگا یہ اوقات آپکے شخصی وقار کے حوالہ سے مشکل ثابت ہوسکتے ہیں۔ حضرت علیؑ کا فرمان ذیشان ہے کہ انسان پر سب سے زیادہ مصیبتیں اسکی اپنی زبان کی وجہ سے آتی ہیں علم نجوم میں سیارہ عطارد آپکی زبان اور سوچ پر حکومت کرتا ہے تو اس دورانیے میں آپکو تحریر وتقریر پر خصوصی توجہ دینا ہوگی دوسری اہم بات سیارہ مشتری کی آٹھویں ہبوط کے گھر موجودگی ہے آپکے ذہنی دباؤ میں اضافہ کا باعث بن سکتی ہے آپکے شراکتی ازدواجی وکاروباری معاملات لوگوں میں آپکی شہرت کو متاثر کرسکتے ہیں۔

مالی پوزیشن آپکے مالی معاملات کا حاکم ستارہ قمر ایک ماہ میں اچھے برے ہر طرح کے حالات سے گذرتے ہوئے آپ کے مالی معاملات پر خاصے گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر جوزا افراد کبھی کفایت شعار نظر آتے ہیں تو کبھی نہایت ہی فضول خرچ نظر آتے ہیں۔ اگر آپ اپنے مالی

معاملات کو بہتر اور کنٹرول کرنا چاہتے ہیں تو ہر پیر کو دو کلو آٹا چاول یا دودھ کا صدقہ دینا معمول بنا لیں اور ہر قمر در عقرب (قمر در عقرب کی تواریخ جنتری میں دی گئی ہیں) پر دیا کریں۔ اسکے علاوہ ہمارے فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر بھی اپ ڈیٹ لے سکتے ہیں۔ امسال کیریئر روزگار کا ستارہ مشتری ہبوط میں ہوگا جسکی وجہ سے آپکے مالی معاملات متاثر ہونگے چونکہ یہ ایک طویل مدت (13 ماہ) تک نحوست رہے گی لہذا اسکا روحانی تدارک لازمی کریں

عزیز واقارب، نزدیکی سفرات، اورابتدائی

جوزا افراد یوں بھی خاصے سوشل واقع ہوتے ہیں امسال آپکو عزیز واقرباء کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے اور بھی زیادہ مواقع ملیں گے۔ چونکہ لٹریچر پڑھنا اور لکھنا آپکو زیادہ پسند ہے لہذا آپکے تعلیمی میدان میں بھی آپ خاصے کامیاب نظر آتے ہیں ماسوائے ان افراد کے جنکا عطارد وقت ولادت غروب کی حالت یا نحس حالت میں ہو۔ اسی طرح آپکو کئی سفرات آپکی بادی طبع کے مطابق میسر آئیں گے۔ 20 مارچ تا 19 مئی، 21 جون تا 21 ستمبر، 23 اکتوبر تا 21 دسمبر کا دورانیہ آپکے لئے نہایت بہترین ثابت ہوگا سال کے دیگر اوقات میں آپ کو نہایت محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

گھر خاندان پراپرٹی آپکے گھر سکون کا دارومدار پروردگار کے بعد آپ کے موڈ پر ہوتا ہے اس سال آغاز سال تا 2 فروری ، 11 تا 27 اپریل، 12 مئی تا 5 ستمبر، 27 ستمبر تا کم دسمبر اور آخر سال تک کا دورانیہ انشاء اللہ بہتر رہے گا۔ اہل خانہ و خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے جبکہ پراپرٹی جائیداد کے لین یا تبدیلی کی صورت میں موافق حالات ہونگے۔ سال کا باقی دورانیہ بہتر نا ہوگا محتاط رہیں اس دوران گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی کے لین دین سے گریز کریں۔

اولاد انعامی بانڈز لاٹری بچوں کے حوالہ سے امسال آپکو قدرے ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا۔ 13 جنوری تا 7 فروری اور 5 مارچ تا 2 اکتوبر، اور 28 اکتوبر تا تیس نومبر بچوں کے ساتھ آپکے تعلقات انشاء اللہ تعالی بہتر رہیں گے۔ جبکہ بے اولاد جوڑوں کو بفضل تعالی اولاد کی خوشیاں نصیب ہونگی یہی وہ دورانیہ ہوگا جب آپکو کوئی بڑا انعام لگ سکتا ہے اس دوران حسب ضرورت کوشش کر سکتے ہیں۔ دیگر اوقات میں 8 فروری تا 4 مارچ ،3 تا 27 اکتوبر، اور 21 نومبر تا آخر سال آپکو بچوں کی جانب سے پریشانیاں لاحق ہو سکتی ہیں، بالخصوص حاملہ خواتین کو ان اوقات میں نہایت احتیاط کی ضرورت ہوگی جبکہ اس دوران آپکو بچوں کی جانب خصوصی توجہ اور بچوں سے تعلقات بڑھانے کی کوشش کرنا ہوگی۔

صحت ملازمت اور ملازمین امسال آپکو صحت اور ملازمت پر خصوصی توجہ دینا ہوگی آغاز سال تا 30 مارچ آپکو موافق حالات ملیں گے جبکہ آپکو نئی ملازمت کی آفر ملنے کی امید ہے اور صحت بہتر رہے گی۔ مگر 31 مارچ تا 27 جون آپکو صحت اور ملازمت دونوں پر توجہ دینا ہوگی اسی دوران آپکو خدانخواستہ سرجری سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے پروردگار آپکو اپنی امان میں رکھیں۔ 28 جون سے حالات میں بہتری آئے گی مگر 10 ستمبر تا 14 نومبر بوجہ رجعت مشتری آپ کو ایک بار پھر مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

شادی ازدواجی زندگی شراکت داری 2020 آپکی شادی اور ازدواجی زندگی دونوں کے حوالے سے بہتر سال نا ہوگا۔ آپکے بیت الزوج کا حاکم ستارہ مشتری سارا سال ہبوط میں رہتے ہوئے آپکی ازدواجی زندگی کو متاثر کر رہا ہے گا بالخصوص 14 مئی تا 13 ستمبر کا دورانیہ کسی امتحان سے کم نا ہوگا اگر معاملات کو تحمل اور برداشت کی روش پر نا سلجھایا تو آپکی علیحدگی بھی ہو سکتی ہے۔ امسال نئی شادی کے حوالے سے گریز کریں تو بہتر ہوگا ورنہ اس سال کی گئی شادیاں اچھے انجام کو نا پہنچ سکیں گی اسی طرح یہ سال شراکت داری کے لحاظ سے بھی اچھا نا ہوگا۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ امسال مشترکہ مالی امور شراکتی اور وراثتی مسائل بوجہ ہبوط مشتری آپکی پریشانیوں کا باعث بن سکتے ہیں نئے عدالتی کیسز داخل کرنے سے گریز کریں جبکہ گذشتہ جاری کیسز کا فیصلہ بھی آپکے خلاف آنے کی توقعات ہونگی۔ باہمی طور پر اندرون خانہ معاملات حل کرنے کی کوشش کریں اس سال بینکوں کی جانب سے سہولیات ملنے کی خاص امید نا ہے اور نا ہی قرضہ ملنے کا کوئی امکان ہوگا۔

روحانیت، بیرون ملک سفرات، حج وزیارات

آپ کے نویں گھر کا حاکم ستارہ 21 مارچ کو نویں گھر داخل ہو جانے سے آپ کے بیرون ملک سفرات جانے کی راہیں کھل جائیں گی۔ آپکے حج یا زیارات کے سفر کی خواہشات بفضل تعالی پوری ہونگی۔ زحل جیسے معلم ستارے کا نویں گھر میں آنا آپکو روحانی علوم کے حصول میں انتہائی معاونت فراہم کرے گا مگر یہ علوم صرف وہ افراد حاصل کر سکیں گے جو توکل کریں گے۔ اعلی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند افراد کو بھی انشاء اللہ کامیابیاں نصیب ہونگی 11 مئی تا 29 ستمبر زحل کی رجعت قدرے رکاوٹ کا باعث ہوگی۔

معیشت کیریر روزگا ترقی تنزلی جیسا آپ پچھلی سطور میں پڑھ چکے ہیں کہ مشتری اس سال ہبوط میں رہے گا۔ مشتری آپکے کیریئر روزگار کا ستارہ بھی ہے مشتری کا یہ ہبوط امسال آغاز سال تا 19 دسمبر جاری رہے

کا امسال نئے منصوبوں کی بنیاد رکھنے یا نئی سرمایہ کاری کرنے سے گریز کرنا ہوگا پوری توجہ گذشتہ جاری کاموں کو بخیر و خوبی انجام تک پہنچانے میں لگانی ہوگی تا کہ کسی بھی قسم کے نقصان سے بچا جاسکے۔ اسکے علاوہ ملازمت پیشہ افراد کو بھی ترقی ملنا مشکل ہوگی امسال اپنے کیریئر روزگار کو بچانے کے لئے لازمی ہوگا کہ روحانی تدارک از قسم صدقہ ورد وظائف کی صورت میں ضرور کریں تا کہ مشکلات سے بچا جاسکے۔

دوست احباب خواہشات کاروباری فوائد سال کا آغاز ہی آپکی خواہشات کی تکمیل سے ہورہا ہے۔ آپکی خوش بختی عروج پر ہوگی گیارہویں کا مالک مریخ آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ثابت ہوگا اور دوست احباب کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ 31 مارچ تا 28 جون مریخ کے پہلے طرح اور پھر تسقیف میں رہنے کی وجہ سے خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ پیدا ہوجائے گی اٹھائیس جون کے بعد حالات ایک بار پھر آپکے حق میں ہونگے اور رکے ہوئے کام بننا شروع ہوجائیں گے جبکہ مریخ کی رجعت 10 ستمبر تا 14 نومبر رہتے ہوئے ایک بار پھر آپکی مشکلات میں اضافہ ہوگا دوست احباب سے بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے اور تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں۔

بیرون ملک قیام امیگریشن خفیہ سازشیں آپکے زائچے کا بارہواں گھر بیرون ملک قیام سفرات اور امیگریشن سے منسوب ہے اسکا حاکم سیارہ زہرہ آغاز سال تا 8 فروری انتہائی سعد حالت میں رہے گا بیرون ملک قیام کی کوششیں کامیاب ہونگی اس دوران ویزہ اپلائی کرنا نہایت سودمند ہوگا۔ 5 مارچ تا دو اکتوبر، 28 اکتوبر تا اکیس نومبر امیگریشن اپلائی کرنے کے حوالے سے نہایت مفید اوقات ہونگے۔ سال کے باقی دورانیہ میں ایسے اقدامات سے گریز کریں۔ اللہ کے نظام کائنات میں جہاں کسی کام کے فوائد ہوتے ہیں وہی کسی جگہ نقصانات بھی ہو سکتے ہیں جس دوران امیگریشن کے لئے حالات سازگار ہونگے اسی دوران خفیہ سازشوں کا میدان بھی آپکے خلاف سرگرم ہوگا آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا۔

شمسی وقمری گرھن امسال ہونے والے چار قمری اور دو شمسی گرہن بالخصوص ازدواجی شراکتی سماجی تعلقات مالی پوزیشن اور وراثتی و مشترکہ مالی مفادات کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ گرہن کی تواریخ آپ جنتری سے دیکھ سکتے ہیں جو کہ الگ شائع کئے جاچکے ہیں۔

وردِ خاص روزانہ ایک تسبیح اول آخر بارہ بارہ مرتبہ درود پاک سورۃ طلاق کی آیت نمبر دو اور تین کا ورد کریں (و من یتق اللہ تا لا یحتسب)

صدقہ ہر جمعرات کم از کم 300 گرام بڑا گوشت اور 3 چمچے ہلدی کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں۔

برج: سرطان **CANCER** **سیّارہ:** قمر

رنگ: سفید، دودھیا

عنصر: آبی

جواہر: پکھراج، موتی، فیروزہ، عقیق

بہترین شریک حیات: عقرب، حوت

ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان

بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکالیف

دن: پیر **عدد:** ۲ 22 June to 23 July **حروف:** ح، ہ

سال 2020 یوں تو تمام بروج میں تبدیلیوں کا سال ہوگا تا ہم برج سرطان کے لئے یہ تبدیلیاں زندگی کے اہم امور میں اہم نوعیت کی ہونگی۔ مارچ میں زحل اس سال ساتویں برج جدی سے نکل کر آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ جبکہ چھٹے گھر موجود مشتری ساتویں گھر ہبوط میں داخل ہوکر ازدواجی شراکتی سماجی معاملات، صحت جاب اور بیرون ملک سفرات روحانیت اور سسرالی عزیز و اقارب کو متاثر کرے گا۔

شخصی وقار آپکا ذاتی ستارہ قمر ایک ماہ میں چار مثبت اور چار منفی حالات سے گذرتے ہوئے آپ کی شخصیت پر اچھے برے دونوں طرح کے اثرات مرتب کرتا ہے۔ اگر آپ اپنے شخصی وقار کو مضبوط بنانا چاہتے ہیں تو جنتری سے قمر کی مثبت اور منفی حالات کو نوٹ کریں اور ہر منفی حالت میں دو کلو تا چاول دودھ یا آٹا کسی مستحق کو دینا معمول بنالیں۔ 21 جون تا 23 جولائی شمس کا طالع میں اوج میں آنا اور 7 اگست تا 6 ستمبر زہرہ کی طالع میں موجودگی آپکی شخصیت وقار میں اضافہ اور مضبوطی کا باعث بنیں گے۔ البتہ امسال آپکو شراکتی ازدواجی و سماجی معاملات پر خاص توجہ دینا ہوگی آپکے منصوبہ معاملات میں مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں۔

مالی پوزیشن آپکے مالی امور سے منسوب سیارہ شمس جنوری تا 20 مارچ، 20 مارچ تا 21 جون، اور 22 ستمبر تا 21 اکتوبر، اور 21 دسمبر تا آخر سال اچھی پوزیشن میں ہوگا۔ ان اوقات کو نوٹ کرلیں اور ان ایام میں کسی لین دین اور مالی معاملات سے گریز کریں ورنہ آپ مالی بحران کا شکار ہوسکتے ہیں جبکہ 21 مارچ تا 19 مئی، اور 21 ستمبر تا 23 اکتوبر تا 20 دسمبر کا دورانیہ آپکی مالی پوزیشن زیادہ مستحکم رہے گی بالخصوص 21 جون تا 22 اگست کا دورانیہ آپکی مالی پوزیشن بہتر بنانے کے لئے کئی ایک مواقع لے کر آرہا ہے۔

عزیز و اقارب، نزدیکی سفرات، وابتدائی تعلیم

آپکے بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد یک جنوری تا 3 فروری، 11 تا 28 اپریل، اور 21 مئی تا 6 ستمبر اور 27 ستمبر تا 2 دسمبر بہتر پوزیشن میں رہے گا آپکی ابتدائی تعلیم پر مثبت اثرات مرتب کرے گا اس دوران کئی ایک نزدیکی سفرات آپ کو درپیش ہونگے۔ بہن بھائیوں اور قریبی اقرباء کے ساتھ آپکے

تعلقات بہتر رہیں گے جبکہ 3 فروری تا 11 اپریل کا دورانیہ اور 6 تا 26 ستمبر تا دورانیہ محتاط روش کا متقاضی ہوگا بہن بھائیوں سے بھی اختلافات ہو سکتے ہیں اس دوران سفر میں اپنے سامان اور کاغذات وغیرہ کا خاص خیال رکھیں۔

گھر خاندان پراپرٹی امسال آپکے گھریلو حالات ملے جلے رہنے کا امکان ہے 1 تا 13 جنوری اور 8 فروری تا پانچ 5 مارچ 3 تا 27 اکتوبر اور 21 نومبر تا آخر سال خانگی ماحول سازگار نہ ہوگا جبکہ پراپرٹی کی خرید و فروخت میں مسائل اور رکاوٹیں پیدا ہو سکتی ہیں اسکے ساتھ ہی خاندان کے افراد سے کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔ جبکہ 14 جنوری تا 8 فروری 6 مارچ تا 2 اکتوبر اور 28 اکتوبر تا 20 نومبر آپکے حالات موافق رہیں گے اس دوران گھر کی تبدیلی حسب خواہش ممکن ہو سکے گی جبکہ گھریلو سکون اور معاملات بہتر رہیں گے۔

اولاد انعامی بانڈز اور لاٹری و اسٹاک مارکیٹ
امسال آپکو بچوں کے معاملات پر خصوصی توجہ دینا ہوگی آپکے پانچویں گھر کا حاکم مریخ اس سال شرف تخفیف اور طرح جیسے حالات اور رجعت کا شکار ہوگا 3 جنوری تا 30 مارچ حالات انتہائی موافق رہیں گے آپکا کوئی انعام نکل سکتا ہے اس دوران بے اولاد سرطان جوڑوں کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے۔ بڑے بچوں سے تعلقات اچھے رہیں گے جبکہ 31 مارچ مریخ برج دلو میں چلے جانے سے حالات میں کشیدگی پیدا ہوگی اور 28 جون تک رہے گی یہ سال کا سب سے مشکل دورانیہ ہو سکتا ہے بچوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں حاملہ سرطان خواتین کو اس دوران خاصی احتیاط برتنا ہوگی اپنی صحت کا خیال رکھیں صورتحال خطرناک ہو سکتی ہے۔ 29 جون سے حالات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے جبکہ 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت کے رمیان حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں مگر پہلے کی نسبت کم کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے افراد کے لئے 3 جنوری تا 31 مارچ کا دورانیہ قسمت آزمائی کے لئے انتہائی موزوں ہوگا۔

صحت ملازمت اور ملازمین سال 2020ء میں آپکو اپنی صحت پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ مشتری اس سال ابتدا سے 19 دسمبر تک ہبوط میں رہتے ہوئے آپکی صحت کو بری طرح متاثر کر سکتا ہے۔ 14 مئی تا 13 ستمبر مشتری کی رجعت آپکی مشکلات میں اضافہ کر سکتی ہے جبکہ آپکو سرجری سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے اسی طرح یہ دوران آپکی ملازمت کے حوالے سے بھی اچھا نہ ہوگا اس دوران ملازمت کی تبدیلی یا چھوڑنے کی کوشش ہرگز نہ کریں۔ اس دوران آپکو اپنے ملازمین پر بھی خصوصی توجہ دینا ہوگی بالخصوص ایسے افراد جو اشتراکی کاروبار سے منسلک ہیں انہیں احتیاط برتنا ہوگا۔

شادی ازواجی تعلقات وشراکتی معاملات آپکے ازدواجی معاملات کا حاکم ستارہ اپنے ہی گھر رہتے ہوئے سال گذشتہ سے آپکے لئے بہت آسانیاں پیدا کرتا رہا ہے امسال بھی 22 مارچ تک زحل کی اپنے ہی گھر میں موجودگی حالات کو موافق رکھے گی۔ دوسری جانب آغاز سال سے ہی مشتری ساتویں ہبوط کی حالت میں موجود ہے۔ زحل کے اگلے گھر چلے جانے سے اس کے منفی اثرات میں اضافہ ہو جائے گا۔ آپکو ہر قدم محتاط ہو کر رکھنا ہوگا 14 مئی تا 13 ستمبر مشتری رجعت جلتی پر تیل کا کام کرے گی اور آپکے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ سرطان افراد کی طے شدہ شادیاں التوا کا شکار ہو سکتی ہیں جبکہ حالات انتہائی کشیدہ علیحدگی کی حد تک جا سکتے ہیں۔ یہ سلسلہ 19 دسمبر تک جاری رہے گا سرطان افراد کا اس سال شادی نہ کرنا بہتر ہوگا۔

وراثت, مشترکہ مالی معاملات, قرضہ 20 جنوری تا 19 فروری نحس کی آٹھویں گھر موجودی وراثتی معاملات کے لحاظ سے اچھی نہ ہوگی۔ 22 مارچ زحل کی آٹھویں گھر آمد سے معاملات بہتر ہونا شروع جائیں گے۔ آپکے روکے ہوئے وراثتی معاملات بننا شروع ہو جائیں گے آپکے روکے ہوئے پیسے کی واپسی ممکن ہوگی جبکہ کسی نیک شخص سے قرض لینا چاہیں تو مل سکتا ہے۔ 11 مئی تا 29 ستمبر زحل کی رجعت کے دوران کاموں میں رکاوٹ اور التوا کا سامنا ہوگا مگر کام انشاءاللہ بنتے رہیں گے۔

روحانیت اعلی تعلیم بیرون ملک سفرات حج و زیارات نویں گھر کا حاکم مشتری آغاز سال تا 19 دسمبر ساتویں ہبوط کے گھر میں رہتے ہوئے منصوبی کاموں میں التوا اور ناکامی کا سامنا لا سکتا ہے جبکہ امسال ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے قبل کوئی روحانی تدارک کروانا از حد ضروری ہوگا۔ روحانی معاملات میں آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی۔ کوئی بھی عقیدہ تحقیق کی بنیاد پر بنانا بہتر ہوگا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کے لئے ماحول سازگار نہ ہوگا 3 تین فروری تا 11 اپریل تک کا دورانیہ خاصہ مشکل ثابت ہو سکتا ہے۔

معیشت کیرئیر روزگار ترقی تنزلی کیرئیر روزگار کے حوالے سے آپکو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا۔ 3 جنوری تا 16 فروری کا دورانیہ بہتر گذرے گا اس دوران ملازمت پیشہ افراد کو بہتر ملازمت کا حصول ممکن ہوگا۔ 16 فروری تا 31 مارچ مریخ کی شرف کے گھر موجودگی ملازم پیشہ افراد کو ترقی مل سکتی ہے اسکے ساتھ ہی اپنا کاروبار کرنے والے افراد کے لئے بھی حالات انتہائی سازگار ہونگے۔ 31 مارچ تا 28 جون مریخ کی تخفیف اور طرح کی حالت میں موجودگی آپکی ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرے گی اس دوران ملازمت تبدیل کرنے کی حماقت نہ کریں 28 جون کے بعد حالات ایک بار پھر آپکے حق میں بہتر ہونگے۔ 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت آپکی ترقی کی رفتار کم کر دے گی۔

دوست احباب خواہشات کاروباری فوائد آپکی خوشبختی کا ستارہ زہرہ اس سال 13 جنوری تا 7 فروری، 5 مارچ تا 2 اکتوبر اور 28 اکتوبر تا 20 نومبر بہتر حالتوں شرف اوج و فرح میں رہتے ہوئے آپکی خواہشات کی تکمیل اور دوست احباب سے تعلقات کو بہتر بناتا رہے گا۔ اس دوران آپکو بہتر کاروباری فوائد ملتے رہیں گے جبکہ اسکے علاوہ باقی اوقات میں آپکے معاملات میں رکاوٹیں اور بگاڑ پیدا ہو سکتی ہے۔

بیرون ملک قیام امیگریشن اور خفیہ سازشیں

3 فروری تا 11 اپریل، 28 اپریل تا 12 مئی اور 6 تا 26 ستمبر اور 2 تا 20 دسمبر حالات آپکے موافق نہ ہونگے آپکو وطن واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے جبکہ یکم جنوری تا 1 فروری، 11 تا 27 اپریل اور، 12 مئی تا 5 ستمبر، 27 ستمبر تا 1 دسمبر حالات آپکے موافق رہیں گے اس دوران آپکا بیرون ملک قیام ممکن ہوگا اور اسی دورانیہ میں آپکو امیگریشن اپلائی کرنا بہتر ہوگا مگر ہوشیار رہیں اسی دوران آپکے خفیہ دشمن بھی آپکے خلاف صف آرا ہو سکتے ہیں۔

شمسی و قمری گرہن اس سال ہونے والے شمسی و قمری گرہن سب سے زیادہ آپکو متاثر کریں گے چونکہ قمر آپکا اپنا ستارہ ہے اور شمس آپکے مالی معاملات کا ستارہ ہے۔ قمری گرہن آپکے وقار عزت اور شخصیت کو متاثر کرے گا جب کہ شمس آپکے مالیات کا حاکم آپکے مالی معاملات کو متاثر کرے گا۔ اسسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن صحت جاب ازدواجی و شراکتی تعلقات کے ساتھ ساتھ آپ کے بیرون ملک قیام کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔ گرہن کی تواریخ جنتری سے نوٹ فرما لیں اور ان تواریخ میں صدقات اور نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی لازمی کریں تاکہ گرہن کی نحوستوں سے بچا جا سکے۔

صدقہ ہر جمعرات کم از کم 300 گرام یا 3 پاؤ بڑا گوشت کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈالیں۔ **ورد خاص** روزانہ بعد نماز فجر سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 14 ورد کریں جبکہ روزانہ بعد از نماز عشاء سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 81 ایک تسبیح روزانہ ورد کریں۔

برج: اسد **LEO** **سیارہ:** شمس

رنگ: گولڈن، نارنجی
عنصر: آتشی
جواہر: ایپراہسنیا
بہترین شریک حیات: حمل، قوس، اسد
ناموافق ساتھی: عقرب، دلو

بیماریاں: ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

دن: اتوار **عدد:** 1 24 July to 23 Aug **حروف:** م، ٹ

اہم نکات برج اسد والوں کے لئے سال 2020ء سال گذشتہ کی نسبت مختلف ثابت ہوگا دونوں بڑے ستارے اپنے بروج تبدیل کرتے ہوئے آپکی شخصیت صحت اولاد ایجوکیشن ازدواجی سماجی خانگی و شراکتی معاملات پر کیا اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ اور دیگر سیارگان شمس و قمر زہرہ عطارد و مریخ آپکے لئے کیا ثمرات لا رہے ہیں یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

شخصی وقار آپکے برج کا حاکم سیارہ شمس آغاز سال تا 20 مارچ، 22 ستمبر تا 23 اکتوبر بہتر پوزیشن میں نہ ہوگا اس دوران زیادہ پبلک پلیس پر جانے یا سماجی تقریبات میں جانے سے گریز کریں اپنے شخصی وقار کو بچانے کے لئے گفتگو میں احتیاط برتیں۔ ہر اتوار کم از کم ایک کلو یا دس کلو گندم یا دال چنا کا صدقہ دینا معمول بنا لیں۔ اسکے علاوہ اس سال ہونے والے شمسی گرہن بالترتیب 21 جون اور 31 دسمبر بھی آپکی عزت توقیر کو متاثر کر سکتے ہیں ان ایام میں گرہن کے صدقات دیں اور نماز آیات ادا کر کے بروقت خود کو بڑے اثرات سے بچا سکتے ہیں۔

مالی پوزیشن آپکے مالی امور کا ستارہ عطارد امسال یکم جنوری تا 2 فروری، 11 تا 27 اپریل، 12 مئی تا 5 ستمبر، اور 27 ستمبر تا یکم دسمبر بہتر پوزیشن میں ہوگا آپکی مالی پوزیشن مستحکم رہے گی جبکہ 3 فروری تا 11 اپریل، 22 اپریل تا 11 مئی اور 6 تا 27 ستمبر آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا بہتر ہوگا ان اوقات میں کسی بھی قسم کے تحریری یا زبانی معاہدوں اور لین دین میں کسی قسم کی غلطی سے گریز کریں بالخصوص چیک وغیرہ لکھ کر دینے سے گریز کریں کسی غلطی سے آپ قانونی معاملات میں پھنس سکتے ہیں۔

عزیز و اقارب ابتدائی تعلیم نزدیکی سفرات

اس حوالے سے آپ کو امسال ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا ابتدائے سال میں 13 جنوری تا 8 فروری، 5 مارچ تا 2 اکتوبر، 28 اکتوبر تا 20 نومبر حالات کافی بہتر رہیں گے عزیز و اقرباء کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اس دوران آپکو کئی ایک نزدیکی سفرات کا موقع بھی ملے گا جبکہ اسد بچوں کے لئے بھی یہ خاصہ بہتر

وقت رہے گا البتہ 9 فروری تا 4 مارچ ،3 تا 28 اکتوبر ،21 نومبر تا آخر سال ہوا آپکے مخالف ہوگی اس دوران آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی۔ عزیزو اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں احتیاط اور تحمل کے ساتھ یہ وقت گذارنا بہتر ہوگا۔ اس دوران چھ کلو چینی کا صدقہ دینا حالات میں بہتری لائے گا

گھر خاندان ,پراپرٹی سواری بیت الارض چوتھے گھر کا حاکم مریخ امسال زیادہ تر اچھا رہے گا تاہم کچھ وقت تلخیوں کا بھی آسکتا ہے۔ آغاز سال تا 30 مارچ مریخ برج قوس اور شرفی برج جدی میں رہتے ہوئے آپکے خانگی معاملات میں بہتری کا باعث بنے گا۔ آپکے لئے گھر پراپرٹی اور سواری کے لین دین میں بہتری پیدا ہوگی انوسٹمنٹ کی غرض سے جائیداد کی خریداری کا بہترین وقت میسر ہوگا۔ 31 مارچ تا 27 جون حالات اچھے نہ ہونگے اس دوران خانگی معاملات اختلافات کا شکار ہوسکتے ہیں۔ اس دوران گھر جائیداد سواری کی تبدیلی یا لین دین سے گریز کریں۔ 28 جون کے بعد حالات میں بہتر مثبت تبدیلی آئے گی۔ 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت کی وجہ سے حالات میں تناؤ اور کشیدگی پیدا ہوسکتی ہے۔

اولاد انعامی بانڈز لاٹری آپکی زندگی کا یہ شعبہ اس سال خصوصی توجہ کا طالب ہوگا۔ مشتری سارا سال ہبوط میں رہتے ہوئے آپکے تعلقات بچوں کے ساتھ کشیدہ کرسکتا ہے۔ اسد بچوں میں ضد اور قنوطیت کا غلبہ رہے گا۔ اسد خواتین جو حاملہ ہوں انہیں خصوصی احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ وگرنہ آپکو صحت کے شدید خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں کے لحاظ سے یہ سال آپ کے لئے موافق نہ ہوگا بہتر ہے پیسہ ضائع نہ کریں۔

صحت ملازمین اور ملازمت سال گذشتہ سے بیت الصحت کا حاکم زحل چھٹے گھر میں موجود رہنے سے آپکی جہاں صحت بہتر ہورہی ہے وہیں کچھ افراد بوجہ حسد و جادو کا شکار بھی ہورہے ہیں۔ اس سال آپ کو صحت اور ملازمت دونوں پر خصوصی توجہ دینا ہوگی کیونکہ گذشتہ سال دسمبر سے مشتری بیت الصحت میں ہبوط یافتہ موجود ہے آپ کی صحت اور ملازمت دونوں کو متاثر کررہا ہے۔ مارچ میں زحل کے ساتویں گھر چلے جانے سے زحل کی سعادتوں سے محروم ہوجائیں گے جسکی بنا پر مشکلات میں اضافہ ہوسکتا ہے خصوصاً صحت پر توجہ دیں اور ملازمت چھوڑنے کی قطعی حماقت نہ کریں۔ اس سال آپکو کوئی پرانا اور وفادار ملازم چھوڑ کر جاسکتا ہے۔

شادی ازدواجی زندگی شراکت داری آپکے ساتویں بیت الزوج کا حاکم ستارہ زحل مارچ میں ساتویں گھر داخل ہوجائے گا شراکتی ازدواجی معاملات میں خاصی بہتری آجائے گی۔ وہ اسد افراد جن کی اب تک شادیاں یا نسبت طے نہیں ہوئی یا جو عقد ثانی کے خواہش مند ہیں انکی مرادیں بر آئیں گی۔ 11 مئی تا 29 ستمبر زحل کی رجعت شراکتی و ازدواجی معاملات میں مسائل پیدا کرسکتی ہے۔ محتاط رہیں اور یہ وقت تحمل اور بردباری سے گذاریں۔ زحل کے اثرات سے بچاؤ کے لئے کوئی اچھا روحانی تدارک کریں یا ہفتہ کے دن کالے ماش 800 گرام کا صدقہ دینا بہتر ہوگا سال کا باقی دورانیہ انشاءاللہ اچھا گذرے گا۔

وراثت مشترکہ مالی معاملات قرضہ جات جیسا کہ پچھلی سطروں میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ مشتری اس سال ہبوط میں نحس ہوتے ہوئے بجائے سعد کے نحس اثرات مرتب کرے گا۔ مشتری آپکے زائچہ میں آٹھویں گھر کا حاکم ہوتے ہوئے وراثتی معاملات میں مسائل پیدا کرے گا ایسے افراد جنکے وراثتی معاملات عدالتوں میں ہیں انکے مقدمات میں التوا یا فیصلہ توقع کے برعکس آسکتا ہے اسی طرح مشترکہ مالی مفادات میں کام کرنے والے افراد بھی مالی فوائد سے محروم رہیں گے جبکہ دوسروں سے وابستہ مالی مفادات یعنی قرضہ لینا یا دینا جیسے معاملات میں بھی مشکلات درپیش آئیں گی۔

روحانیت بیرون ملک سفرات حج و زیارات امسال ابتدا سے ہی معاملات آپکے حق میں بہتر رہیں گے روحانیت اور روحانی علوم میں آپ کی دلچسپی بڑھے گی جب کہ بیرون ملک سفرات حج یا زیارات کے حوالہ سے ویزہ کے حصول کے لئے 3 جنوری تا 31 مارچ کا وقت نہایت موافق رہے گا۔ یکم اپریل تا 28 جون حالات آپ کے حق میں نہ ہونگے اس حوالہ سے شرف مریخ کی لوح آپکے مسائل میں آسانیاں پیدا کرے گی۔ اسی دوران دال مسور 900 گرام یا کلیجی کا صدقہ بروز منگل دینا بہتر ہوگا۔ 28 جون سے حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ جبکہ 10 ستمبر تا 14 نومبر بوجہ رجعت مریخ ایک بار پھر مشکل حالات کا سامنا ہوسکتا ہے۔

معیشت کیرئیر روزگار ترقی وتنزلی آپکے روزگار اور معیشت سے منسوب ستارہ زہرہ امسال 13 جنوری تا 7 فروری شرف کے گھر رہتے ہوئے آپکے معاملات میں بے حد بہتری کا باعث ہوگا اس دوران آپ حسب منشاء ترقی حاصل کرسکتے ہیں جبکہ 5 مارچ تا 2 اکتوبر اور 28 اکتوبر تا 20 نومبر حالات ایک بار پھر آپکے حق میں ہونگے اس دوران آپ کو کیرئیر روزگار اور کاروبار کے حوالے سے بہتر فیصلے کرنے اور نئے مواقع ملنے کا امکان ہوگا جبکہ 8 فروری تا 3 مارچ ،3 تا 27 اکتوبر اور 21 نومبر تا آخر سال حالات آپکے حق میں موافق نہ ہونگے اس دوران روزگار میں اہم فیصلے کرنے اور ملازمت تبدیل کرنے سے گریز کریں۔

دوست احباب خواہشات اور کاروباری فوائد اس

سال آپکی خوش بختی عروج پر ہوگی آغاز سال تا 3 فروری، 11 تا 27 اپریل، 12 مئی تا 5 ستمبر، 27 ستمبر تا یکم دسمبر آپکو موافق حالات ملیں گے دوست احباب سے وابستہ توقعات پوری ہوسکیں گی۔ کاروباری معاملات میں اٹھائے گئے اقدامات کا پھل آپکو ملے گا۔ یہ آپکی خواہشات کی تکمیل کے اوقات ہیں جبکہ 3 فروری تا 10 اپریل آپکو اپنی خواہشات پر قابو رکھنا ہوگا۔ دوست احباب سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوسکیں گی۔ 6 تا 26 ستمبر اور 2 دسمبر تا آخر سال کا دورانیہ بھی آپکے حق میں بہتر نہ ہوگا آپکو محتاط روش اپنانا ہوگی۔

بیرون ملک قیام امیگریشن خفیہ سازشیں ہر ماہ ہونے والا شرف قمر آپکے مسائل میں جہاں بہتری لاتا ہے وہیں ہر ماہ ہونے والا قمر در عقرب آپکے مسائل میں اضافہ بھی کرتا ہے۔ ہر ماہ قمر در عقرب میں ٹوٹا چاول کا صدقہ دینا اپنا معمول بنالیں تاکہ آپکا بیرون ملک قیام اور امیگریشن سے متعلقہ کام متاثر نہ ہوں اسکے علاوہ ہر ماہ ہونے والا قمر در عقرب آپکو دشمنوں کی خفیہ سازشوں سے محفوظ بھی رکھتا ہے یہ قدرت کا ایک خوبصورت نظام بھی ہے۔ اس سال ہونے والے چار قمری گرہن آپکے بیرون ملک قیام کو مخدوش بنادیں گے اس بارے میں مکمل تفصیلات ہمارے یوٹیوب چینل شیخ زوار رضا جاوا پر دیکھ سکتے ہیں۔

شمسی و قمری گرھن اسسال دو شمسی و چار قمری گرہن ہونگے۔ یہ گرہن آپکے بیرون ملک قیام امیگریشن مراحل اور اولاد و بچوں صحت دوست احباب سے کشیدگی اور خوش بختی کی تنسیخ کا باعث بن سکتے ہیں جبکہ شمسی گرہن بالخصوص آپکی شخصیت اور مالی پوزیشن اور امیگریشن اور اولاد سے منسوب معاملات کو بالعموم متاثر کرسکتے ہیں۔ گرہن کی تواریخ کو جنتری ہذا سے نوٹ کرلیں اور بر وقت صدقات کے ساتھ نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی پروردگار کی قربت کا باعث بھی ہوگی اور آپکو گرہن کی نحوستوں سے بچانے میں معاون ثابت ہوگی۔

صدقہ ہر اتوار ایک کلو گندم یا دال چنا کا صدقہ اور ہر جمعرات کو 300 گرام یا تین پاؤ بڑا گوشت ہمراہ تین چمچ ہلدی کے ساتھ کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔ **ورد خاص** روزانہ ایک تسبیح سورۃ حشر آیت نمبر 22 ورد کریں اور بعد از نماز فجر و عشاء گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک تلاوت کریں۔

برج: سنبلہ **VIRGO** **سیارہ:** عطارد

رنگ: گہرا زرد، نیلا
عنصر: خاکی
جواہر: گومیدک، زرد عقیق، فیروزہ
بہترین شریک حیات: جدی، ثور
ناموافق ساتھی: قوس، حوت، جوزا

بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریاں، اسہر، ذہن کی تکالیف۔

دن: بدھ **عدد:** 5 24 Aug to 23 Sep **حروف:** پ، غ

اہم نکات: 2020ء سنبلہ افراد کیلئے خاص طور پر اہم سال ثابت ہوگا دونوں بڑے سیارگان آپکے زائچے میں بروج تبدیل کرتے ہوئے آپکی زندگی پر خاصے اہم اثرات مرتب کررہے ہیں اسسال چوتھے ساتویں کا حاکم مشتری تقریباً تمام سال ہبوط میں رہتے ہوئے آپکے خانگی اور شراکتی ازدواجی زندگی کو متاثر کررہا ہے پانچویں چھٹے کا حاکم زحل زائچے کے چھٹے آنے سے جہاں آپکی صحت و ملازمت میں بہتری آئے گی وہیں آپ خدانخواستہ سحر جادو کا بھی شکار ہوسکتے ہیں۔

شخصی وقار: آپکی شخصیت، پبلک امیج کا حاکم سیارہ عطارد اسسال یکم جنوری تا 2 فروری، 11 تا 17 اپریل، 12 مئی تا ستمبر، 27 ستمبر تا یکم دسمبر بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکی سوجھ بوجھ میں اضافہ کرے گا لوگوں میں آپکا وقار بلند ہوگا جبکہ 3 فروری تا 10 اپریل بالخصوص آپکو محتاط رہنا ہوگا عطارد کا ہبوط آپسے غلط گفتگو اور فیصلے کرواسکتا ہے یہ وقت بالخصوص شادی شدہ خواتین و حضرات کو متاثر کرسکتا ہے اسکے علاوہ 28 اپریل تا 11 مئی، 6 تا 27 ستمبر، 2 تا 31 دسمبر بھی آپکو محتاط روش سے گزارنا ہونگے اپنی گفتگو، تحریر کا ہر لفظ بہت سوچ سمجھ کر ادا کریں آپکی ضرورت سے زیادہ بے محل گفتگو آپکے شخصی وقار کو متاثر کرسکتی ہے

مالی پوزیشن گذشتہ کی طرح اسسال بھی آپکو قدرے ملے جلے مالی حالات کا سامنا رہے گا یکم تا 7 فروری، 5 مارچ تا 2 اکتوبر، 28 اکتوبر تا یکم دسمبر آپکو اپنی مالی پوزیشن مستحکم کرنے کا موقع ملے گا اور انشاءاللہ پروردگار کا فضل رہے گا جبکہ 8 فروری تا 4 مارچ، 3 تا 27 اکتوبر اور 2 تا 31 دسمبر آپکو ہر قسم کی فضول خرچی سے گریز کرنا ہوگا ورنہ آپ مالی بحران کا شکار ہوسکتے ہیں اس دوران کسی بھی قسم کے بڑے مالی فیصلے کرنے یا چیک وغیرہ دینے سے گریز کرنا بہتر ہوگا مجموعی طور پر یہ سال مالی اعتبار سے بہتر رہے گا۔

عزیز و اقارب ابتدائی تعلیم نزدیکی سفر: اسسال ابتداء سے ہی آپکے تعلقات عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے بہتر رہے گا یکم جنوری تا 30 مارچ کئی ایک نزدیکی سفر متوقع ہیں اور سماجی تعلقات میں بہتری آئے گی 31 مارچ تا 27 جون مریخ کی خراب حالت کیوجہ سے

آپکے تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں ان ایام میں سفر اور تیز رفتاری سے گریز کرنا ہوگا 28 مارچ کے بعد آپکے تعلقات میں کو کہ بہتری آجائے گی مگر 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت ایکبار پھر آپکے مابین کشیدگی پیدا کرنے کا باعث بن سکتی ہے مریخ کے صدقات دینا بہتر ہونگے۔

گھر خاندان پراپرٹی: جیسا کہ اولین سطور میں بتا چکا ہوں امسال مشتری کے ہبوط میں ہونے سے گھر کا ماحول خاصہ متاثر ہو سکتا ہے خاندان کے افراد سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں امسال گھر یا پراپرٹی کی خرید وفروخت بہتر نہ ہوگی آپکے گھر سے منسوبہ اقدامات التوا کا شکار ہو سکتے ہیں اس حوالے سے کوئی بہتر روحانی تدارک کر لینا بہتر ہوگا مشتری سے منسوبہ صدقات تمام سال اپنا معمول رکھنا بہتر ہوگا اسی طرح امسال سواری کی خرید وفروخت بھی بہتر نہ ہوگی۔

اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری گذشتہ تمام سال زحل کی پانچویں اپنے ہی گھر موجودگی نے بچوں سے آپکے تعلقات خاصے بہتر رکھے ہیں مگر گزشتہ دسمبر سے مشتری آپکے بیت الاولاد میں بحالت ہبوط میں آجانے سے آپکے مابین کشیدگی بڑھ سکتی ہے مشتری 19 دسمبر 2019 تک یہیں قیام کرے گا اور 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں بھی رہے گا یہ دورانیہ آپکے لیے اور بھی زیادہ مشکل ثابت ہو سکتا ہے پروردگار عالم آپ سب پر اپنا فضل فرمائے آپکو مشتری کے اثرات سے بچاؤ کیلئے یقیناً کوئی تدارک کرنا ضروری ہوگا اپنے ہاتھ میں زرد پکھراج یا فیروزہ پہنیں۔ انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے افراد کیلئے یہ سال موافق نہ ہوگا۔

صحت، ملازمت اور ملازمین آپکے بیت الصحت میں شمس 20 جنوری تا 19 فروری وبال میں ہونے سے آپکی صحت متاثر ہو سکتی ہے محتاط رہیں اسکے بعد 22 مارچ کو زحل آپکے چھٹے اپنے ہی گھر آجانے سے آپکے جاری مسائل کا خاتمہ ہو جائے گا آپکے لیے بہتر ملازمت اور ملازمین کا حصول ممکن ہوگا 11 مئی تا 29 ستمبر زحل رجعت میں رہتے ہوئے آپکی صحت پر مضر اثرات مرتب کر سکتا ہے آپکی صحت بوجہ سحر جادو متاثر ہونے کا اندیشہ ہوگا جاب کی تبدیلی یا چھوڑنے سے گریز کریں باقی سال انشاء اللہ بہتر گزرے گا۔

شادی، ازدواجی تعلقات، شراکت داری: امسال بوجہ ہبوط مشتری آپکے ازدواجی تعلقات انتہائی متاثر ہوتے نظر آرہے ہیں بالخصوص 3 فروری تا 11 اپریل جب کہ آپکا اپنا سیارہ عطارد بھی بیت الزوج میں ہبوط زدہ ہوگا آپکے ازدواجی تعلقات خرابی کی انتہا تک پہنچ سکتے ہیں۔ اگر آپنے احتیاط سے کام نہ لیا تو بات علیحدگی تک پہنچ سکتی ہے آپکو اپنی گفتگو میں از حد احتیاط کرنی ہوگا 14 مئی تا 13 ستمبر کا دورانیہ بوجہ رجعت مشتری اور بھی خطرناک ہوگا۔ امسال آپکے شراکتی تعلقات اور ازدواجی تعلقات دونوں داؤ پر ہونگے۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ: مشتری کے ہبوط اور شراکتی تعلقات میں خرابی کے باوجود سال کی ابتداء بہتر ہو رہی ہے آپکے مشترکہ مالی منصوبہ جات سے آپکو فائدہ حاصل ہو سکے گا اگر آپ قرض کے خواہشمند ہیں خواہ وہ کسی فرد ہو یا بینک سے تو آپکو کامیابی مل سکتی ہے وراثتی معاملات حل ہو سکیں گے۔ 31 مارچ تا 27 جون حالات موافق نہ ہونگے مشترکہ مالی معاملات اور وراثتی معاملات آپکے مسائل میں اضافہ کر سکتے ہیں 28 جون کے بعد حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت آپکے کاموں کی رفتار کو سست کر دے گی مگر آپکو تحمل سے کام لینا ہوگا

روحانیت، بیرون ملک سفر اور حج وزیارات: آپکے نادیں گھر کا حاکم زہرہ امسال 13 جنوری تا 7 فروری، 5 مارچ تا 2 اکتوبر، 28 اکتوبر تا 21 نومبر بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے بیرون ملک سفر کی راہیں کھول رہا ہے اس دوران ویزہ وغیرہ اپلائی کرنا بہتر ہوگا آپ روحانی علوم اور ورد ووظائف کی جانب متوجہ ہونگے امسال آپکی حج وزیارات مقدسہ کی خواہش پوری ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں 8 فروری تا 4 مارچ، 3 تا 27 اکتوبر، 21 نومبر تا آخر سال ایسی کسی بھی کوشش سے گریز کرنا بہتر ہوگا اس وقت اپلائی کیے گئے ویزے وقت اور پیسہ کا ضیاع ہونگے۔

معیشت، کیرئیر روزگار، ترقی، تنزلی آپکا اپنا حاکم سیارہ عطارد ہی آپکی معیشت کیرئیر روزگار اور ترقی تنزلی کو باذن اللہ کنٹرول کرتا ہے امسال عطارد کیم جنوری تا 3 فروری، 11 تا 27 اپریل، 12 مئی تا 5 ستمبر، 27 ستمبر تا کیم دسمبر بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکو ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرے گا آپکو حسب مقدور ترقی مل سکے گی کیرئیر کے حوالے سے بہتر واقع اور بہتر فیصلے کرنے کا موقع ملے گا جبکہ 3 فروری تا 11 اپریل بالخصوص اور 28 اپریل تا 12 مئی، 6 تا 27 ستمبر، 2 تا 31 دسمبر بالعموم آپکو محتاط رہنا ہوگا اس دوران کسی بھی قسم کے بڑے کاروباری تبدیلی یا اہم اگریمنٹس وغیرہ سے گریز کرنا ہوگا

دوست، احباب، خواہشات اور کاروباری فوائد

عمومی طور پر یہ سال آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون سال ہوگا مگر چند ایک چیزوں کا خیال رکھنا بھی ضروری ہوگا ہر ماہ ہونے والے قمر در عقرب کو ضرور مد نظر رکھیں اور بر وقت صدقے کی ادائگی کریں ہر قمر در عقرب کی تواریخ کو جنتری میں نمایاں کر دیا جاتا ہے اسکے علاوہ اس بارے میں میرے فیس بک پیج پر بھی اپڈیٹ کر دیا جاتا ہے مزید برآں امسال ہونے والے 4 قمری گرہن جو کہ بالترتیب 10 جنوری، 5 جون، 5 جولائی اور 30 نومبر کو لگ رہے ہیں ان پر ضرور نظر رکھیں اور بر وقت صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ادا کر کے اپنے کاروباری

فوائد، دوست احباب سے تعلقات اور خواہشات کی تکمیل کو محفوظ کر سکتے ہیں

بیرون ملک قیام ، امیگریشن اور خفیہ سازشیں: آپکے زائچے کے بارہویں کا حاکم شمس آغاز سال تا 20 مارچ، 20 مئی تا 21 جون، 22 ستمبر تا 23 اکتوبر، 21 تا 31 دسمبر بہتر پوزیشن میں نہ ہوگا اس دوران آپکا بیرون ملک قیام مشکل ہو جائے گا امیگریشن وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں جبکہ 20 مارچ تا 19 اپریل کا دورانیہ بالخصوص بہترین وقت ہوگا اسکے بعد 21 جون تا 21 ستمبر، 22 نومبر تا 20 دسمبر کا دورانیہ بھی امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے بہتر اور آپکے بیرون ملک قیام میں معاون ہوگا

شمسی و قمری گرہن امسال کثرت سے گرہن لگ رہے ہیں جن میں 4 قمری اور 2 شمسی گرہن لگیں گے یہ گرہن آپکے کیریر روزگار، خانگی، والدہ اور پراپرٹی کے علاوہ دوست احباب سے کشیدگی اور خوشبختی کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں اس حوالے سے جنتری میں ایک الگ پیج دیا جاتا ہے جس میں گرہنوں سے متعلقہ تمام تفصیلات دی جاتی ہیں وہ ضرور دیکھ لیں اور بروقت صدقہ اور نماز کسوف خسوف ادا کر کے خود کو محفوظ کر سکتے ہیں اس بارے میں مزید تفصیلات آپ میرے یوٹیوب چینل شیخ زوار رضا جاوا پر بھی دیکھ سکتے ہیں

صدقہ: ہر جمعرات 3 پاؤ یا 300 گرام بڑا گوشت اور 3 چمچ ہلدی یا 3 پاؤ دال چنا کسی بھی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح بعد از فجر سورۂ صافات آیت 180/181/182 ورد کریں ہمراہ اول و آخر 16/16 مرتبہ درود پاک۔

برج: میزان **LIBRA** **سیارہ:** زہرہ

رنگ: ______ نیلا، فیروزی، ہلکا سبز، ہلکی
عنصر: ______ ہوا
جواہر: ______ ہیرا، اوپل
بہترین شریک حیات: ______ دلو، جوزا
ناموافق ساتھی: ______ جدی، حمل

بیماریاں: نزلہ زکام، سر درد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریاں

دن: جمعہ **عدد:** 1 24 Sep to 23 Oct **حروف:** ر، ت، ط

اہم نکات سال 2020ء آپکے لئے تبدیلیوں کا سال ہوگا ستارہ زحل ڈھائی سال بعد برج تبدیل کرتے ہوئے آپکے زائچے کے پانچویں گھر مارچ میں داخل ہو رہا ہے اور طالع کو تثلیث کی نگاہ سے دیکھے گا۔ دوسرا اہم ستارہ مشتری سال گذشتہ دسمبر سے برج تبدیل کرتے ہوئے چوتھے گھر آ جائیگا اور تمام سال ہبوط میں رہے گا۔ مشتری سعد اکبر ستارہ ہوتے ہوئے بھی اس سال آپ کے لئے مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ زحل مشتری کے علاوہ امسال زہرہ مریخ اور عطارد بھی رجعت یافتہ ہو کر آپکی مشکلات میں اضافہ کریں گے۔ اس سال ہونے والے شمسی و قمری گرہن اور دیگر سیارگان زہرہ عطارد مریخ و شمس و قمر سیر افلاک کی سیر کرتے ہوئے آپ کی زندگی پر کیا اثرات مرتب کریں گے یہ اگلی سطور میں ملاحظہ کریں۔

شخصی وقار اس سال آپ کا ذاتی ستارہ زہرہ آغاز سال تا 7 فروری اور 5 مارچ تا 12 اکتوبر، 28 اکتوبر تا 20 نومبر بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکی شخصیت اور شخصی وقار میں بہترین اضافہ کرے گا جبکہ سال کا باقی دورانیہ آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی جبکہ آپکے بیت الاقرباء کا حاکم مشتری اس سال چوتھے ہبوط میں رہتے ہوئے عزیز و اقرباء کے ساتھ تعلقات کشیدہ رکھے گا جس سے گھر کا ماحول متاثر رہے گا آپکے اختلافات کی بڑی وجہ پراپرٹی ہو سکتی ہے۔ یہ معاملات آپکے شخصی وقار کو متاثر کر سکتے ہیں آپکو نہایت محتاط رہنا ہوگا۔

مالی پوزیشن آپکے مالی معاملات کا حاکم ستارہ مریخ اس سال آغاز سال تا 16 فروری عموی اور 16 فروری تا 31 مارچ خصوصی طور پر آپ کے مالی معاملات پر نہایت اچھے اثرات مرتب کرے گا آپکو مالی پوزیشن مستحکم کرنے کے مواقع ملیں گے جبکہ یکم اپریل تا 28 جون تک مریخ کی کمزور حالت آپکے مالی معاملات اخراجات و آمدن میں توازن نہ آنے دے گی آپ کو احتیاط برتنا ہوگی ورنہ آپ مالی بحران کا شکار ہو سکتے ہیں۔ 28 جون کے بعد حالات میں بہتری آئے گی مگر 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت ایک بار پھر آپ کو محتاط ہو جانے کی ضرورت ہوگی۔

عزیز و اقرباء ابتدائی تعلیم اور نزدیکی سفرات

آپکے بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مشتری آغاز سال تا 19 دسمبر چوتھے ہبوط میں رہتے ہوئے بہن بھائیوں اور قریبی تعلق داروں سے اور خانگی معاملات کو کشیدہ رکھے گا۔ اس سال نہ چاہتے ہوئے بھی آپ کو صبر و برداشت اور تحمل سے کام لینا ہوگا اس سال میزان بچوں کو بھی تعلیمی میدان میں مشکلات کا سامنا ہوگا اور آپ کے طے شدہ نزدیکی سفرات بھی یا تو التوا کا شکار ہونگے یا سفرات سے فوائد کا حصول ناممکن ہوگا۔ سیارہ مشتری کی نحوستوں سے بچنے کے لئے باقاعدگی کے ساتھ آخر میں دیا گیا صدقہ دیں۔ لوح مشتری پاس رکھیں اور روزانہ دعائے رد نحوست سیارگان نو مرتبہ ورد کرنا معمول بنالیں۔

گھر خاندان پراپرٹی و سواری جیسا کہ آپ کو اوالین سطور میں بتایا گیا ہے کہ مشتری بیت الارض میں تقریباً سارا سال رہتے ہوئے خانگی معاملات کو متاثر کرنے کا باعث بن رہا ہے اسکے ساتھ ہی آغاز سال تا 20 جنوری شمس بھی منحوس منفی حالت میں ہوتے ہوئے مشکلات میں اضافہ کرے

کا تاہم دوسری جانب زحل یہاں مارچ تک قیام کرتے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کے لئے حکمت عملی بنانے میں معاون ہوگا مگر بعد از مارچ تا آخر سال تک حالات کنٹرول کرنا مشکل ہونگے بالخصوص 14 مئی تا 13 ستمبر مشتری کے رجعت کے ایام میں تلخیاں مزید بڑھ سکتی ہیں۔ امسال آپ کو گھر پراپرٹی کے حوالے سے مشکلات پیش آتی رہیں گی کئی افراد کو بوجہ مجبوری گھر بیچنا یا تبدیل کرنا پڑسکتا ہے۔ گھر کے افراد کو والدہ سے ناراضگی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے جبکہ آپکو پراپرٹی کی خرید وفروخت سے اس سال فوائد ملنے کا امکان نہیں ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈز لاٹری و اسٹاک مارکیٹ بچوں کے حوالے سے یہ ایک بہتر سال ہے جیسا کہ آپ کو بتایا جاچکا ہے کہ زحل ڈھائی سال کے لئے مارچ میں پانچویں گھر آجائیگا بچوں پر مثبت اثرات مرتب ہونگی 19 فروری تا 20 مارچ شمس کی پانچویں نحس موجودگی متاثر کرسکتی ہے تاہم سال کا باقی دورانیہ بہتر رہے گا۔ بچوں کے ساتھ آپکے تعلقات نہایت مناسب اور بہتر رہیں گے جبکہ اکثر میزان افراد کو اس سال اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے یہ سال میزان افراد جو انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں اُنکے لئے ایک نہایت موافق سال ہوگا آپکو کوئی بڑا انعام یا خطیر رقم مل سکتی ہے۔ اسٹاک مارکیٹ سے وابسطہ افراد بھی نہایت بہتر فوائد اس سال حاصل کرسکیں گے۔

صحت ملازمت اور ملازمین آپکے بیت الصحت کا حاکم ستارہ بھی مشتری ہے جو کہ اس سال دسمبر تک چوتھے منفی پوزیشن میں ہوگا جسکی وجہ سے آپکی صحت کو خطرات لاحق رہیں گے اسکے علاوہ 3 فروری تا 11 اپریل عطارد کا چھٹے گھر میں ہبوط بوجہ جادو سحر صحت کو متاثر کرسکتا ہے اس حوالے سے آپکے لئے روحانی تدارک از حد ضروری ہوگا۔ اس سال حالات خواہ جیسے بھی ہوں ملازمت چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں ورنہ دوسری ملازمت کا حصول نہایت مشکل ہوسکتا ہے۔ اس سال آپکو ملازمین کی جانب سے بھی مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

شادی ازدواجی تعلقات شراکت داری آپکے بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ آغاز سال سے ہی بہتر ہوگا آپکو شادی بیاہ اور ازدواجی حالات انتہائی سازگار ملیں گے بالخصوص 16 فروری تا 31 مارچ حالات انتہائی سازگار ہونگے آپکی شادی طے پا جانے کے نہایت قوی امکانات ہونگے اور یہی وقت شادی بیاہ کے لئے سال کا موزوں ترین وقت ہوگا۔ 31 مارچ کے بعد ہوا کا رُخ انتہائی تیزی سے تبدیل ہوگا اور حالات سازگار نہ رہیں گے۔ 28 جون تک آپ کو نہایت محتاط رہنا ہوگا ورنہ ازدواجی معاملات میں علیحدگی واقع ہوجانے کے امکانات ہونگے۔ نئی شادی کے لئے یہ وقت قطعی سازگار نہ ہوگا آپکی شراکت داریاں بھی خطرے میں ہونگی۔ 29 جون کے بعد حالات میں بہتری آئے گی اور اسکے بعد 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت ایک بار پھر حالات کشیدہ کرنے کا باعث بن سکتی ہے۔

وراثت، مشترکہ مالی معاملات، قرضہ جات اس حوالے سے یکم تا 7 فروری، 5 مارچ تا 2 اکتوبر اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر کا دورانیہ موافق ہوگا اس دوران آپکے وراثتی معاملات حل ہوسکیں گے مشترکہ مالی فوائد کا حصول ممکن ہوگا منافع مل سکے گا اسکے ساتھ ہی قرض کے خواہش مند افراد کو قرض کا حصول بھی ممکن ہوگا جبکہ پھنسی ہوئی رقم کی واپسی کے لئے اقدامات مثبت نتائج دیں گے جبکہ سال کا باقی دورانیہ آپکے لئے مشکلات کا باعث ہوگا رکاوٹیں آئیں گی اپنے معاملات کو کاموں کو دیئے گئے اوقات کو مد نظر رکھتے ہوئے پلاننگ کریں تا کہ مشکلات اور مسائل سے بچا جاسکے۔

روحانیت بیرون ملک سفرات حج وزیارات امسال آپکو بیرون ملک سفرات حج وزیارات کے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے البتہ ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لئے مناسب وقت کا انتخاب کرنا بہتر ہوگا۔ امسال 3 فروری تا 11 اپریل 28 اپریل تا 12 مئی اور 6 تا 26 ستمبر اور 2 تا 31 دسمبر ویزہ کے حصول کی درخواست دینا مناسب نہ ہوگا۔ باقی تمام سال ویزہ اپلائی کرنے کے لئے بہتر ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند اور روحانی علوم کے خواہش مند افراد کے لئے بھی یہی سال کا دورانیہ بہتر رہے گا۔

معیشت کیرئیر روزگار ترقی وتنزلی آپکے کیرئیر اور روزگار پر سب سے زیادہ اثرات قمر کے ہوتے ہیں۔ چونکہ قمر ایک سریع الرفتار ستارہ ہے ایک ماہ میں شرف ہبوط اور اچھی بری حالت سے گذرتے ہوئے آپکے کیرئیر اور روزگار پر اچھے برے اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس سال چار قمری گرہن واقع ہونگے جو کہ بالترتیب جنوری جون جولائی اور نومبر میں لگیں گے اسکے علاوہ ہر ماہ ہونے والا ہبوط قمر (قمر در عقرب) بھی آپکے کیرئیر اور روزگار پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ ان ایام کو جنتری میں سے نوٹ کرلیں یا میرے یوٹیوب چینل یا فیس بک پیج (شیخ زوار رضا جاوا) کو لائیک کریں تا کہ آپکو بروقت اطلاع مل سکے اور ان ایام میں گرہنوں سے منسوبہ صدقات اور ورد وظائف ادا کرکے آپ اپنے کیرئیر کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ ہر ماہ ہونے والا شرف قمر کے ایام اور 21 جون تا 22 جولائی آپکے کیرئیر کے گھر ہونے والا اوج شمس کے ایام میں اپ اپنے کیرئیر کو محفوظ اور مضبوط بنانے اور ترقی کے کام کرسکتے ہیں۔

دوست احباب کاروباری فوائد اور خواہشات یہ سال جہاں کچھ معاملات میں آپ کے لئے رکاوٹیں لا رہا ہے وہیں آپکو خواہشات کی تکمیل میں بھی معاونت ملتی رہے گی۔ 20 مارچ تا 20 مئی اور 21 جون تا 21 ستمبر

22 اکتوبر تا 21 دسمبر کا دورانیہ انشاء اللہ بہتر گذرے گا دوست احباب کا تعاون ملے گا اور خواہشات کی تکمیل ممکن ہو سکے گی بالخصوص 22 جولائی تا 21 اگست کا دورانیہ انتہائی موافق ہوگا۔ اس سال دو شمسی گرہن بالخصوص 21 جون اور 31 دسمبر واقع ہونگے۔ یکم جنوری تا 19 مارچ، 20 مئی تا 20 جون اور بالخصوص 21 ستمبر تا 22 اکتوبر کا دورانیہ بہتر نہ ہونگے ان ایام میں کیرئیر اور روزگار کے حوالے سے کسی بھی اہم یا بڑے فیصلے سے گریز کریں۔

بیرون ملک قیام خفیہ سازشیں اور امیگریشن امسال امیگریشن اپلائی کرنے جیسے اہم ترین کاموں کے لئے درست وقت کا انتخاب انتہائی ضروری ہوگا۔ 8 فروری تا 11 اپریل، 28 اپریل تا 12 مئی، 6 تا 27 ستمبر، اور 2 تا 31 دسمبر ایسی کسی بھی کوشش سے قطعی گریز کریں ان اوقات میں اپلائی کئے گئے کیسز رد کئے جا سکتے ہیں۔ اس دوران پہلے سے مقیم افراد کو بھی وطن واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے بتائے گئے عرصہ کے علاوہ باقی وقت انشاء اللہ اچھا گذرے گا مگر محتاط رہیں جہاں یہ وقت بیرون ملک امیگریشن کے حوالے سے بہتر ہوگا وہیں خفیہ دشمن بھی سازشیں کر سکتے ہیں۔

شمسی و قمری گرہن امسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن زائچے کے اہم مقامات اور زندگی کے اہم امور کو متاثر کر سکتے ہیں دو شمسی و چار قمری گرہن آپکے کیرئیر دوست احباب روزگار خوش بختی ابتدائی تعلیم اور نزدیکی سفرات کے ساتھ روحانیت اعلیٰ تعلیم سسرالی رشتہ داروں اور سماجی معاملات میں خرابی حالات تعلقات میں کشیدگی اور سواری کے ساتھ والدہ کی صحت سلامتی تعلقات میں بگاڑ کے ساتھ جائیداد کے معاملات کو خراب کر سکتے ہیں۔ گرہن کے دنوں میں خصوصی صدقات اور نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی کریں۔

صدقات ہر جمعرات تین پاؤ یا 300 گرام بڑا گوشت اور تین چمچ ہلدی کے ساتھ کسی غریب یا مستحق کو صدقہ دیں یا پرندوں کو ڈالیں۔

ورد خاص روزانہ بعد از فجر و عشاء ایک تسبیح ورد کریں اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک لازمی پڑھیں۔ فاللہ خیر حفظا وھو ارحم الرحمین سورۃ یوسف آیت نمبر 63

برج: عقرب SCORPIO سیارہ: مریخ

رنگ:	لال، سرخ
عنصر:	آبی
جواہر:	پکھراج، عقیق، موتی
بہترین شریک حیات:	ثور، سرطان
ناموافق ساتھی:	دلو، ثور، اسد

بیماریاں: سر، حلق، ناک کی بیماریاں، پیچش، نزلہ، معدہ

دن: منگل **عدد:** 9 24 Oct to 22 NOV **حروف:** ن، ذ، ش، ز

اہم نکات آپکا 2020 ایک تبدیلیوں سے بھر پور سال ہے آپکا نیا سیارہ مریخ امسال شرف حضیض طرح اور فرح جیسی حالتوں سے گزرے گا اور آپکے معاملات میں خاصی اہم تبدیلیوں کا باعث بنے گا۔ خانہ مال اور اولاد سے منسوب سیارہ مشتری تمام سال ہبوط کے گھر رہتے ہوئے آپکی مالی پوزیشن اور بچوں سے منسوب مسائل پیدا کر رہا ہے زحل چوتھے مارچ میں آجانے سے پراپرٹی سواری اور خانگی ماحول کو بہتر کر رہا ہے۔

شخصی وقار آپکا نیا سال سیارہ مریخ 3 جنوری تا 15 فروری بالعموم اور 16 فروری تا 30 مارچ بالخصوص شرفی گھر رہتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے۔ 31 مارچ تا 28 جون مریخ حضیض اور طرح میں رہتے ہوئے آپکو ذہنی دباؤ کا شکار کر رہا ہے۔ آپکے افیئرز، بچوں اور منگنی سے متعلقہ معاملات اور خانگی معاملات میں آپکی پریشانیوں کا باعث ہونگے۔ 28 جون کے بعد حالات میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی آپکو حالات پر قابو پانے میں آسانی رہے گی آپکا وقار بحال ہو رہا ہے مگر 10 ستمبر تا 14 نومبر مریخ کی رجعت ایک مرتبہ پھر آپکی پریشانی کا باعث ہوگی۔

مالی پوزیشن جیسا کہ آپکو اہم نکات میں بتایا جا چکا ہے آپکے خانہ مال کا حاکم مشتری گزشتہ دسمبر سے ہبوط میں ہے اور 19 دسمبر 2020 تک ہبوط کے گھر ہی قیام کرے گا۔ امسال آپکو اپنے اخراجات کو بے حد احتیاط سے چلانا ہوگا کسی بھی قسم کی فضول خرچی سے قطعی گریز کرنا ہوگا۔ امسال آپکو آمدن کم اور اخراجات میں اضافہ کا سامنا رہے گا چونکہ یہ ایک طویل دورانیہ کی پرابلم ہے اس لیے اسکا روحانی تدارک کرنا از حد ضروری ہوگا۔

عزیز و اقارب، نزدیکی سفر، ابتدائی آپکے بیت الاقرباء میں مشتری کی موجودگی آپکی سوشل لائف کو بری طرح متاثر کر رہی ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ رہیں گے بالخصوص 14 مئی تا 13 ستمبر کا دورانیہ مزید احتیاط کا متقاضی ہوگا جبکہ مشتری رجعت میں بھی ہوگا۔ امسال ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو بھی تعلیمی میدان میں مشکلات پیش

آسکتی ہیں۔ امسال ایسے عقرب افراد جنکا ذریعہ معاش کسی بھی حوالوں سے سفروں سے منسوب ہے انہیں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

گھر ، خاندان ، پراپرٹی اس حوالے سے آپکو ماحول انتہائی سازگار ملے گا 20 جنوری تا 19 فروری چوتھے شمس کا وبال خانگی ماحول کو متاثر کر رہا ہے اس دوران گھر کی تبدیلی یا خرید و فروخت سے گریز کریں۔ والدہ کی جانب سے پرابلم کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ 22 مارچ کو زحل کے چوتھے اپنے ہی برج میں آجانے سے آپکے خانگی معاملات میں بہتری آئے گی پراپرٹی کی خرید و فروخت اور گھر کی تبدیلی کے لیے انتہائی موزوں وقت ہوگا گھر کا ماحول بہتر ہو رہا ہے والدہ اور خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی 11 مئی تا 29 ستمبر زحل کی رجعت قدرے مشکل وقت ہو سکتا ہے اس دوران ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش صدقہ دے کر خود کو محفوظ کر لیں۔

صحت ، ملازمت ، ملازم آپکے بیت الصحت کا حاکم مریخ آغاز سال تا 30 مارچ بہترین اثرات مرتب کر رہا ہے بالخصوص 16 فروری تا 30 مارچ کا دورانیہ انتہائی بہتر ہوگا آپکی صحت بہتر ہو رہی ہے۔ ملازم پیشہ افراد کے لیے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا دوسری طرف کیریئر، روزگار کا حاکم شمس بھی 20 مارچ کو اسی جگہ شرفی حالت میں آجانے سے آپکی ترقی کے مواقع بڑھ جائیں گے مگر آپکی صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ 20 اپریل کو شمس کے اگلے گھر جانے اور مریخ کے متقی ہونے سے حالات آپکے موافق نہ ہونگے اس دوران آپکو ملازمین کی جانب سے مشکلات پیش آسکتی ہیں 28 اپریل سے حالات میں بہتری آئے گی۔

اولاد ، انعامی بانڈ ، لاٹری آپکے پانچویں گھر کا حاکم مشتری تمام سال ہبوط میں رہتے ہوئے امسال آپکو بچوں کی جانب سے پریشانیوں میں مبتلا کر سکتا ہے بہتر ہوگا بچوں پر خاص توجہ دیں۔ امسال اپنے اور بچوں کے صدقات کثرت سے دیں عقرب کی حاملہ خواتین کو خاص طور پر احتیاط کرنا ہوگی امسال سکیموں میں حصہ لینا بہتر نتائج کا حامل نہ ہوگا۔

شادی ، شراکتی ازدواجی تعلقات امسال آپکی شادی طے پانے کے قوی امکانات موجود ہونگے عقرب کے ایسے خواتین و حضرات جو ابھی تک غیر شادی شدہ ہیں انہیں اپنا زائچہ بنوا کر دیکھ لینا چاہیے کہ پرابلم کہاں ہے امسال 13 جنوری تا 7 فروری 5، مارچ تا 2 اکتوبر، 28 اکتوبر تا 20 نومبر کا دورانیہ نکاح و شادی کے لیے بہترین اوقات ہونگے ان ایام میں آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات بہتر رہیں گے آپکو نئی شراکت داری کی بھی آفر مل سکتی ہے جبکہ 8 فروری تا 4 مارچ، 3 تا 27 اکتوبر اور 21 نومبر تا 31 دسمبر کا دورانیہ قطعی موافق نہ ہوگا اس دوران کی گئی شادیاں دیرپا ثابت نہ ہونگی اس دورانیے میں شادی شدہ عقرب افراد کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

وراثت ، مشترکہ مالی معاملات ، قرضہ امسال 3 فروری تا 27 اپریل، 6 تا 27 ستمبر، 2 تا 31 دسمبر آپکو مشترکہ طور پر کئے جانے والے کاموں میں خسارہ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ان ایام میں آپکے وراثتی مقدمات بھی التوا کا شکار ہو سکتے ہیں یا انکے فیصلے آپکے خلاف آسکتے ہیں تحمل اور بردباری سے درست وقت کرنا بہتر ہوگا۔

روحانیت ، بیرون ملک سفر ، اعلیٰ تعلیم ، حج و زیارات گزشتہ سال سے راہو آپکے زائچے کے نادیں میں موجود ہے آپکو زندگی کا روحانی سفر بہت احتیاط سے گزارنا ہوگا۔ راہو کی نادیں میں موجودگی آپکو دانستہ یا غیر دانستہ غلط یا غیر شرعی اعمال کی طرف لے جاسکتی ہے۔ آپکو امسال کئی ایک بیرون ملک سفر مل سکتے ہیں مگر صرف ان لوگوں کو رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جن کے زائچہ پیدائش میں پرابلم ہے اسی طرح اعلیٰ تعلیم اور حج و زیارات کے لیے بھی ماحول سازگار ملے گا البتہ ویزہ اپلائی کرنے کی تاریخ بہت اہم کردار ادا کرے گی، ہر ماہ ہونے والے قمر در عقرب اور امسال ہونے والے 4 قمری گرہن کے ایام میں ویزہ اپلائی کرنا بہتر نہ ہوگا یہ اوقات مدارج طے کرنے میں رکاوٹ ہوگا

معشیت ، کرئیر ، روزگار امسال آپکو ابتدائے سال تا 19 مارچ 20 مئی تا 21 ستمبر، 21 تا 31 دسمبر کا دورانیہ آپکے کیریئر، روزگار کے لیے بہتر نہ ہوگا ان ایام میں آپکے پہلے سے جاری کاموں میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جبکہ 20 مارچ تا 19 اپریل سال کا سب سے بہتر دورانیہ ہوگا اسکے بعد 21 جون تا 21 ستمبر اور 22 نومبر تا 20 دسمبر حالات آپکے موافق ہونگے آپکو ترقی کے بہتر مواقع میسر رہیں گے ان ایام میں سرمایہ کاری کرنا بہتر ہوگا ملازم پیشہ افراد کو ترقی مل سکتی ہے

دوست احباب ، خواہشات ، کاروباری فوائد آپکے زائچے میں خوشبختی سے وابستہ گیارہویں گھر کا حاکم سیارہ عطارد امسال یکم جنوری تا 2 فروری، 11 تا 27 اپریل، 12 مئی تا 5 ستمبر، 27 تا یکم دسمبر بہترین پوزیشن میں رہتے ہوئے باذن اللہ آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا اس دوران دوست احباب سے تعلقات بہتر رہیں گے آپکے کاروباری تعلقات بہتر رہیں گے آپکے کاروباری اقدامات کے بہترین فوائد آپکو مل سکیں گے اس دوران والد کی طرف سے مالی سپورٹ ملتی رہے گی۔ سال کا باقی دورانیہ آپکو اپنی خواہشات کو روکنا ہوگا اور دوست احباب سے اختلافات سے گریز کرنا ہوگا

بیرون ملک قیام ، امیگریشن امسال یکم جنوری تا 7 فروری، 5 مارچ تا 2 اکتوبر، 27 اکتوبر تا 20 نومبر آپکو بہتر حالات اور امیگریشن اپلائی کرنے کے بہتر مواقع میسر رہیں گے آپکے پہلے سے اپلائی شدہ کیسز کا فیصلہ بھی

کا فیصلہ بھی آپکے حق میں آسکتا ہے بیرون ملک مقیم رہتے ہوئے سواری اور جگہ کی تبدیلی اس دوران کرنا بہتر ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ امیگریشن اپلائی یا سواری کی تبدیلی بہتر نہ ہوگی یہ دورانیہ موافق نہ ہونے سے آپکو وطن واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے۔

شمسی و قمری گرہن امسال ہونے والے 4 قمری و شمسی گرہن آپکی زندگی پر خاصے گہرے اثرات مرتب کر سکتے ہیں ان گرہنوں کے اثرات آپکے مالی معاملات، نزدیکی سفر، عزیز و اقارب، بنیادی تعلیم اور بیرون ملک سفروں روحانی علوم کیساتھ سسرالی عزیزوں سے متعلقہ معاملات کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ ان ایام کو جنتری سے نوٹ فرمالیں اور ہر وقت صدقہ اور نماز کسوف و خسوف ادا کر کے پروردگار کی امان حاصل کریں مزید تفصیلات کے لیے ہیر یوٹیوب چینل شیخ زوار رضا جاوا کے نام سے دیکھ سکتے ہیں۔

ورد خاص روزانہ بعد از نماز فجر سورۂ طلاق آیت نمبر 2 کا آخری اور تین اولین حصہ 100 مرتبہ ورد کریں جمعہ اول و آخر 12-12 مرتبہ درود پاک ،روزانہ بعد از نماز عشاء سورۂ انا انزلنا 9 مرتبہ تلاوت کریں مع اول و آخر 9-9 مرتبہ درود پاک **صدقہ** ہر منگل 900 گرام دال مسور یا مرغی کی کلیجی اور ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

برج: قوس SAGITARIUS ستارہ: مشتری

رنگ: سفید، سبز
عنصر: آتشی
جواہر: فیروزہ، حجر القمر
بہترین شریک حیات: حمل، اسد
ناموافق ساتھی: حوت، جوزا، سنبلہ

بیماریاں: عرق النساء، حادثات کی چوٹیں، پاخانے کی شریانیں

دن: جمعرات **عدد:** ۳ 23 Nov to 22 Dec **حروف:** ف

اہم نکات اس سال آپ کے لئے اہم اور بڑی خبریں ہیں اس سال مارچ میں آپ کی ساڑھ ستی ختم ہو جائے گی اور آپ گذشتہ سات سال سے زائد جاری بحرانی کیفیت سے نکل آئیں گے۔ دوسری جانب آپکا ذاتی ستارہ مشتری سارا سال دوسرے گھر جدی میں ہبوط یافتہ ہوگا جسکی وجہ سے آپکا شخصی وقار، مالی پوزیشن، خاندانی اور گھریلو مسائل کے ساتھ پراپرٹی کے مسائل بھی سر اٹھا سکتے ہیں۔ سیارہ مشتری سال کے آخر میں تیسرے بیت الاقرباء آجانے سے آپکی زندگی پر سعد اثرات مرتب ہونگے اسکے ساتھ ہی دیگر قمر، شمس، زہرہ، عطارد اور مریخ کی گردش آپکے سال میں کیا ثمرات دے گی آنے والی سطور میں ملاحظہ کرتے ہیں۔

شخصی وقار اس سال آپ کو سب سے زیادہ توجہ اپنے شخصی وقار پر دینا ہوگی۔ ساڑھ ستی نے پہلے ہی آپکے شخصی وقار کو خاصہ مجروح کیا ہوا تھا رہی کسر مشتری کا 19 دسمبر تک کا ہبوط ہوگا اس دوران آپکی شخصیت وقار خاصہ مجروح ہو سکتی ہے بالخصوص 14 مئی تا 13 ستمبر مشتری کی رجعت کا دورانیہ آپکے سماجی و معاشرتی مقام کو خراب کر سکتا ہے لین دین کے معاملات اور وقار میں کمی کا باعث بن سکتے ہیں محتاط رہیں۔ اس حوالہ سے روحانی تدابیر از حد ضروری ہوگی۔

مالی پوزیشن آغاز سال تا 20 جنوری شمس کی منفی پوزیشن اور مشتری کی ہبوط میں موجودگی آپکی مالی پوزیشن کو از حد متاثر کر سکتی ہے کیونکہ شمس کی وجہ سے خانہ مال میں موجود زحل بھی اپنے سعد اثرات کھو دے گا اسکے بعد 22 مارچ کو زحل کے خانہ مال سے چلے جانے کے بعد مشتری کے منفی اثرات مزید کم ہو جائیں گے دوسری جانب زحل آپ کے تیسرے گھر اپنے ذیلی گھر میں رہتے ہوئے امدادی کے طور پر کام کرتا رہے گا اگر آپ کے پاس شرف مشتری ہے تو نور علی نور ورنہ سال میں مشتری کے صدقات دینا اپنا معمول بنالیں۔

عزیز و اقارب ,نزدیکی سفرات و تعلقات امسال 20 جنوری تا 19 فروری شمس کی تیسرے وبال میں موجودگی آپکے تعلقات بالخصوص بہن بھائیوں اور نزدیکی رشتہ داروں کے ساتھ معاملات کو متاثر کرے گا۔ 22 مارچ کو زحل کے تیسرے اپنے ہی گھر آجانے سے حالات میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی نزدیکی سفرات کھل جائیں گے اور بچوں کو بھی ابتدائی تعلیم میں بہتر ماحول میسر ہوگا البتہ 11 مئی تا 29 ستمبر زحل کی رجعت کے ایام میں تعلقات میں کھچاؤ اور تناؤ کی کیفیات رونما ہو سکتی ہیں آپکے سفرات ملتوی ہو سکتے ہیں جبکہ سال کا باقی دورانیہ اچھا گذرے گا۔

گھر خاندان پراپرٹی سواری جیسا کہ آپکو بتایا گیا ہے کہ زمین جائیداد پراپرٹی کے لحاظ سے یہ سال موافق نا ہوگا گھر کی تبدیلی پراپرٹی کی خرید و فروخت اور سواری کے لین دین یا تبدیلی سے گریز کریں آپکو نقصان یا التوا کے خدشات لاحق ہونگے۔ امسال آپکو والدہ کی صحت یا اختلافات کی وجہ سے پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے بالخصوص 19 فروری تا 20 مارچ کا دورانیہ اور 14 مئی تا 13 ستمبر کا دورانیہ خدانخواستہ مشکلات لا سکتا ہے امسال مشتری کے منفی اثرات کا روحانی تدارک کرنا از حد ضروری ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈز لاٹری امسال آپکو ملے جلے اثرات کا سامنا رہے گا سال کی ابتدا خاصی بہتر رہے گی سال کے ابتدا 3 جنوری تا 16 فروری بچوں سے تعلقات کو انتہائی بہتر بنا رہی ہے بچوں کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے بچوں کی قربت انتہائی اچھے ثمرات کی حامل ہوگی 16 فروری تا 31 مارچ

تا28 جون بچوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں تاہم صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور اپنے بچوں کی غلطیوں کی اصلاح کریں۔ حاملہ خواتین کو اس دوران خاصی احتیاط برتنا ہوگی سال کا باقی دورانیہ انشاء اللہ اچھا گذرنے کے امکانات ہیں۔28 جون کے بعد حالات تیزی سے بہتر ہونگے جبکہ مریخ کی رجعت 10 ستمبر تا14 نومبر کے ایام میں آپکو احتیاط برتنا ہوگی۔

صحت ملازمت اور ملازمین امسال 8 فروری تا 4 مارچ اور 13 اکتوبر تا27 اکتوبر، 21 نومبر تا آخر سال آپکو اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا اس دوران ملازمت کا خاص خیال رکھیں اختلافات سے گریز اور جاب چھوڑنے کی غلطی نہ کریں اپنے ملازمین پر اس دوران خاص نگاہ رکھیں نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔5 مارچ تا2 اکتوبر اور 27 اکتوبر تا20 نومبر کا دورانیہ جاب کی تبدیلی کے لئے بہتر ہوگا آپ کو حسب خواہش ملازمت مل سکتی ہے اس دوران آپکی صحت بھی بہتر رہے گی۔

شادی ازدواجی زندگی شراکت داری آپکے ساتویں کا حاکم اور دسویں کا حاکم ستارہ عطارد ہے تیز رفتار ستارہ ہونے کی وجہ سے آپکی ازدواجی و شراکتی زندگی پر بہت تیزی سے اثر انداز ہوتا ہے۔امسال یکم جنوری تا12 فروری، 11 تا27 اپریل، اور 12 مئی تا5 ستمبر، 27 ستمبر تا یکم دسمبر آپکے ازدواجی تعلقات بہتر رہیں گے شریک حیات کے ساتھ بہتر وقت گذارنے کا موقع ملے گا جبکہ اس دوران شراکتی معاملات بھی بہتر رہیں گے کسی نئی شراکت کی آفر بھی مل سکتی ہے جبکہ 3 فروری تا10 اپریل، 28 اپریل تا 11 مئی، 6 تا26 ستمبر اور 2 تا21 دسمبر کا دورانیہ آپکی مشکلات میں اضافہ کا باعث بن سکتا ہے۔ یہ وقت بہت احتیاط طلب ہوگا گفتگو میں احتیاط برتیں اور کسی سنی سنائی بات پر اندھا اعتبار مشکلات میں اضافہ کا باعث ہوگا جبکہ زوجین میں علیحدگی تک معاملات جا سکتے ہیں۔

وراثت مشترکہ مالی معاملات قرضہ امسال آپکو معاملات حل کرنے کے کئی ایک مواقع دستیاب ہونگے۔13 جنوری تا 8 فروری اور 5 مارچ تا2 اکتوبر، 27 اکتوبر تا21 نومبر کا دورانیہ اس حوالہ سے سال کے بہترین اوقات ہونگے اس دوران مشترکہ طور پر کام کرنے والے افراد کو بھی بہتر منافع ملنے کے امکانات ہیں حسب خواہش قرضہ لینے کے خواہش مند افراد کو قرض کے حصول میں کامیابی ملے گی۔ آپ اپنے مالی معاملات بہتر بنا سکیں گے سال کا باقی دورانیہ آپکے لیے موافق نہ ہوگا احتیاط برتیں۔

روحانیت اعلیٰ تعلیم بیرون ملک سفرات حج و زیارات امسال آپکو بیرون ملک سفرات کے کئی ایک مواقع ملیں گے اور ان شاء اللہ آپ حسب خواہش حج عمرہ و زیارات مقدسہ کی سعادت بھی حاصل کر سکیں گے۔ روحانیت کی جانب آپکی توجہ معتدل ہوگی لیکن آپ متزلزل بھی ہو سکتے ہیں کیونکہ آپکا اپنا ستارہ مشتری جو کہ مذہب سے بھی تعلق رکھتا ہے آغاز سال تا آخر ہبوط میں ہوگا۔ آغاز سال تا20 مارچ، 20 مئی تا21 جون اور 22 ستمبر تا 23 اکتوبر، 21 تا31 دسمبر کا دورانیہ امیگریشن کے کاموں ویزہ کے حصول کے حوالے سے موزوں نہ ہوگا ان ایام میں کی گئی کوششیں ناکامی سے دوچار ہونگی جبکہ اعلیٰ تعلیم یا بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند افراد کو بھی ناکامی ہو سکتی ہے۔

معیشت کیرئیر روزگار ترقی و تنزلی آپکے کیرئیر روزگار سے متعلقہ ستارہ آغاز سال تا2 فروری، 11 تا28 اپریل، 11 مئی تا 5 ستمبر، 27 ستمبر تا2 دسمبر کا دورانیہ بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے کام کاروبار روزگار پر بہتر اثرات مرتب کرے گا اس دوران ملازمت پیشہ افراد کو ترقی کے امکانات بھی روشن ہونگے اس دوران نئی انوسٹمنٹ کرنا اور کیرئیر روزگار کے حوالہ سے بڑے فیصلے لینا موزوں ہوگا جبکہ 3 فروری تا10 اپریل، 29 اپریل تا12 مئی، 6 تا26 ستمبر اور 2 تا20 دسمبر کا دورانیہ اہم فیصلوں اور تبدیلیوں کے لحاظ سے بہتر نہ ہوگا اپنی تحریر اور تقریر میں احتیاط برتیں اس دوران تحریری و زبانی معاہدے کرنے سے گریز کریں۔

دوست احباب خواہشات کاروباری فوائد برج انچ کا گیارہواں گھر دوست احباب خوش بختی اور خواہشات کی تکمیل کا گھر ہوتا ہے اس گھر سے منسوب ستارہ زہرہ اس سال یکم تا7 فروری، 5 مارچ تا12 اکتوبر، 28 اکتوبر تا20 نومبر بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاونت دیتا رہے گا گذشتہ اوقات میں کئے گئے کاروباری اقدامات سے فوائد لینے کا یہ بہترین وقت ہوگا سال کا باقی دورانیہ بہتر نہ ہوگا اپنی خواہشات کو محدود رکھیں دوست احباب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہو سکیں گی۔

بیرون ملک قیام خفیہ سازشیں اور امیگریشن آغاز سال تا31 مارچ تک کا دورانیہ امیگریشن اور بیرون ملک قیام کی کوششوں میں انشاء اللہ کامیابیاں لائے گا۔ یکم اپریل تا28 جون کا دورانیہ قطعی موافق نہ ہوگا مریخ کی منفی حالت آپکے بیرون ملک قیام کو مشکل بنا دے گی بیرون ملک مقیم افراد کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے اس دوران نئے ویزہ کے حصول کے لئے امیگریشن کے لئے آغاز کرنا بہتر نہ ہوگا۔28 جون کے بعد حالات قدرے بہتر رہیں گے تاہم 10 ستمبر تا14 نومبر کا دورانیہ مریخ کی رجعت کے ایام کی وجہ سے آپکی مشکلات میں ایک بار پھر اضافہ ہو سکتا ہے۔

شمسی و قمری گرہن اس سال ہونے والے شمسی و قمری گرہن

گرہن آپکی عزت مالی پوزیشن شراکتی وراثتی وازواجی معاملات کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں گرہنوں کے ایام اور دورانیے جنتری میں الگ سے صفحات پر دیئے جاتے ہیں ان ایام کو نوٹ کر لیں اور صدقہ و نماز کسوف و خسوف کی بروقت ادائیگی سے آپ اللہ تعالیٰ کی امان میں آسکتے ہیں۔

صدقہ ہر جمعرات 300 گرام یا تین پاؤ بڑا گوشت اور تین چمچ ہلدی کسی غریب مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈالیں۔**وردِ خاص** روزانہ بعد از نماز عشاء دعائے روز دوست سیارگان ورد کریں مع اول آخر 9-9 مرتبہ درود پاک روزانہ بعد از نماز فجر سورۃ شوریٰ کی آیت نمبر 19 ایک تسبیح ورد کریں۔

برج: جدی CAPRICORN سیارہ: زحل

رنگ: ــــــــ سرخ، بھورا، خاکی

عنصر: ــــــــ خاکی

جواہر: ــــــــ سفید رنگ، سلیمانی، یاقوت

بہترین شریک حیات: ــــــــ ثور، سنبلہ

ناموافق ساتھی: ــــــــ حمل، سرطان، میزان

بیماریاں: دانتوں کی بیماریاں، اعصابی ... نظام ہضم

دن: ہفتہ عدد: 8 23 Dec to 20 Jan حروف: خ، غ، گ

اہم نکات جدی افراد اسسال ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری ڈھائی سالہ دور میں 22 مارچ کو داخل ہو جائیں گے زحل آپکے خانہ مال میں اپنے ہی گھر آجانے سے آپکے مالی معاملات میں مثبت اثرات مرتب کرے گا دوسری طرف آغاز سال تا 19 دسمبر مشتری طالع میں ہبوط زدہ رہتے ہوئے آپکی عزت و توقیر اور سماجی تعلقات کو بری طرح متاثر کر رہا ہے اسسال اس حوالہ سے کوئی روحانی تدارک کرنا از حد ضروری ہوگا دیگر سیارگان میں مریخ طالع میں شرف یاب ہونے سے آپکے شخصی وقار کو سہارا مل رہا ہے گھر پراپرٹی کی خرید و فروخت بہتر ہوگی یہ دورانیہ مختصر مگر خوش بختی سے بھر پور ہوگا دیگر سیارگان میں شمس و قمر عطارد و زہرہ اسسال آپکے حالات پر کیا اثرات مرتب کر رہے ہیں یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

شخصی وقار گزشتہ سال طالع میں زحل کی موجودگی سے آپکو خاصے بہتر حالات میسر رہے مگر اسسال حالات خاصے مختلف نظر آرہے ہیں گزشتہ سال دسمبر سے مشتری ہبوط زدہ آپکے طالع میں موجود رہتے ہوئے آپکی عزت و توقیر کو نقصان پہنچا سکتا ہے بالخصوص 14 مئی تا 13 ستمبر جبکہ مشتری طالع میں بحالت رجعت بھی ہوگا اسسال گفتگو میں بہت احتیاط کرنا ہوگی اسکے علاوہ یکم تا 20 جنوری جبکہ شمس طالع میں بحالت حضیض ہوگا اور 12 تا 21 دسمبر کا دورانیہ بھی موافق نہ ہوگا اسسال مشتری کے منفی اثرات سے بچاؤ کے لیے کوئی سدباب از حد ضروری ہوگا۔

مالی پوزیشن اسسال 20 جنوری تا 19 فروری خانہ مال میں شمس کا وبال آپکی مالی پوزیشن کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتی ہے بالخصوص وہ افراد زیادہ متاثر ہونگے جو مشترکہ طور پر کام کر رہے ہیں اسکے علاوہ خانہ مال میں زحل کی موجودگی آپکی مالی پوزیشن کو بہتر بنا رہی ہے چونکہ یہ زحل کا اپنا ذیلی برج ہے 11 مئی تا 29 ستمبر بوجہ رجعت روپیہ پیسہ آتا رہے گا مگر رفتار آہستہ ہو جائے گی ان ایام میں لین دین میں محتاط رہیں باقی تمام سال ان شاء اللہ بہتر گزرے گا۔

عزیز و اقارب، ابتدائی تعلیم، نزدیکی سفر جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے مشتری جو کہ آپکے بیت الاقرباء کا حاکم سیارہ ہے تمام سال ہبوط میں رہے گا اسطرح یہ تمام سال آپکو اس حوالہ سے بہت محتاط روش اختیار کرنا ہوگی بالخصوص 3 فروری تا 11 اپریل جبکہ عطارد آپکے بیت الاقرباء میں ہبوط زدہ ہوگا عزیز و اقارب کی جانب سے آپکو الزامات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اس دورانیہ میں کسی بھی سنی سنائی بات پر یقین نہ کریں ورنہ آپکے مابین تلخیاں مزید بڑھ جائیں گی اسکے علاوہ 14 مئی تا 13 ستمبر بوجہ رجعت مشتری بھی آپکے تعلقات بگاڑ کا شکار رہیں گے اس طرح جدی بچوں کو بھی اسسال تعلیمی مدارج کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا رہے گا اگر احتیاط نہ کی گئی تو آپکا تعلیمی سلسلہ منقطع ہو سکتا ہے اسسال آپکے طے شدہ سفر بھی منسوخ ہو سکتے ہیں اور آپکو دوران سفر اپنی دستاویزات کا بھی خاص خیال رکھنا ہوگا۔

